صدیقین و شہداء اور علماء و اولیاء پر اور غرباء و
الصَّالِحِينَ وَعَلَى كُلِّ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ اِلَى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
صالحین پر اور تمام مومن مردوں عورتوں پر روز قیامت تک
مِنْ اَهْلِ الْمَمَاتِ وَالْحَيَاتِ مِنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ صَلَوَاتٍ
فوت شدگان ہوں یا زندہ انسان ہوں یا جن ایسی صلوٰۃ اور رحمتیں
مُعَطَّرَاتٍ دَائِمَاتٍ نَازِلَاتٍ عَلَيْهِمْ بِاَعْدَادِ مَخْلُوقَاتِكَ
جو معطر و دائم ہوں نازل ہوں ان پر تیری تمام مخلوق کے اعداد و شمار کے مطابق
تَكُونُ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا مِلْءَ الْعَالَمِ مَعَ بَرَكَاتٍ لَازِمَاتٍ
جن میں سے ہر صلوٰۃ پورے عالم کی مقدار ہو مع برکات لازمہ کے

مطيبات بكافور رضوانك وتحيات زاكيات مضعفات

جو خوشبودار کی گئی ہوں تیری رضامندی کے کافور کے ساتھ اور پاکیزہ تحفے اور جو کئی گنا بڑھائے گئے ہوں

معجونات بعنبر فضلك وتسليمات مسلسلات ممزوجات

اور گوندھے گئے ہوں تیرے فضل و احسان کے عنبر کے ساتھ اور مسلسل تسلیمات جو مخلوط ہوں

بمسك كرمك ورحمة فائحة في العالم تكون منظرا

تیرے کرم کی کستوری کے ساتھ اور ایسی رحمت جو مہکنے والی ہو سارے عالم میں اور جلوہ نظارہ ہو

لسكان الفردوس وعرش عظيمك في كل لحظة ولمحة

ساکنان فردوس اور عرش عظیم کے لیے ہر لحظہ اور ہر لمحہ

أبدا معهم أجمعين أعني النبي الأمي الذي علمه القرآن

ہمیشہ ان تمام کے ساتھ ہو۔ میری مراد ہے (اس رحمت سے) نبی امی کی (مرجع) علم قرآن ہے

وعلمه الرحمن بهذا الفضل العظيم مخصوص وبالخلق

اور انہیں اللہ رحمٰن نے تعلیم دی ہے جو اس عظیم فضل کے ساتھ مخصوص ہیں اور خلق

العظيم موصوف واسمه محمد صلى الله عليه وسلم

عظیم کے ساتھ موصوف اور اسم گرامی ان کا محمد ہے صلی اللہ علیہ وسلم۔

اللهم أنت العالم العليم وعالم دقائق الأسرار والخفيات

اے اللہ تو عالم و علیم ہے۔ اور اسرار و خفیات کے دقائق اور باریکیوں کا عالم ہے

المحصي لكل ذرة وتفصيل المؤتلفات بما قدرت ورتبت

احاطہ کرنے والا ہے ہر ذرہ کا اور الفت والی ہستیوں کی تفصیل کا جیسے کہ تیری تقدیر میں ہے اور تو نے مرتب

في الظاهر والباطن من الموجبات أسألك بإحاطة علمك

فرمایا ظاہر و باطن میں ان کے موجبات و اسباب کو۔ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے علم محیط کے واسطے

وتفصيل شكل قدمك ونفوذ قدرتك وبخطابك بأنوار

اور تیری شان قدیمی کی تفصیل شکل و کیفیت اور تیری قدرت کے نفوذ و اثر کے واسطے۔ اور طفیل تیرے خطاب کے

ارتقاب حكمتك أن تخرق فيما بيني وبينك الحجاب

ساتھ تیری حکمت کے میلان و رغبات کے انوار کے کہ پھاڑ دے میرے اور اپنے درمیانی حجاب کو

لأطلع على ما تحت ذرة من ذرات الوجود فأبتهج بسر

تاکہ میں مطلع ہو سکوں ان حقائق و اسرار پر جو موجودات کے ہر ہر ذرہ کے نیچے مستور ہیں پس خوش ہو جاؤں ساتھ بھید

القدم وتزول عني العدم وأسألك بسر قوتك أن تقضي

قدم کے اور زائل ہو جائے مجھ سے عدم و فنا اور میں باقی رہ جاؤں اور میں سوال کرتا ہوں تیرے سر قوت کے وسیلے سے کہ پورا کرے

حاجتي وتكون عونا لي فيما أريد بالله اللهم أنت قابض

میری ہر حاجت کو اور میرا مددگار ہو ان امور میں جو میں رکھتا ہوں اللہ تعالیٰ کے لیے۔ اے اللہ تو قبضہ میں کرنے والا ہے

السموات وباسط الأرضين والجميع بهيبتك وعظمتك و

تمام آسمانوں کا اور پھیلانے والا ہے تمام زمینوں کا اور جمیع مخلوق کا ساتھ اپنی ہیبت اور عظمت و

قدرتك قدرت الأشياء بقوة مراد الأخيار اللهم يا من

قدرت کے تو نے مقدر فرمایا تمام اشیاء کو پسندیدہ لوگوں کی قوت مراد کے ساتھ۔ اے اللہ اے وہ کہ جس نے

قبض وبسط الأخيار وأمد النور المحقق بالحيوة في الأرض

سکوڑا اور پھیلایا پسندیدہ اشیاء کو اور بڑھایا نور کو جو متحقق ہے ساتھ حیات کے زمین

والسموات وأظهر بقوة التدبير خفايا التدبير في بسط الحركات

و آسمانوں میں اور ظاہر فرمایا قوت تدبیر سے ان مخفی انتظامات کو جو حرکات کے بسط اور پھیلاؤ

وقبض السكنات وسائر الموجودات أسألك أن تقبض قلبي

اور سکنات کے قبض میں اور دیگر موجودات میں۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اپنے دل

وجوارحي بما يبعدني عن المعاصي وأن لا يحجبني عن نور

اور اعضاء کو روکنے کا ایسے امور کے ساتھ جو مجھے دور کریں گناہوں سے اور مجھے حجاب میں نہ رکھیں نور

حياتي وإخلاصي واقبض عني شر كل معاند ومتكبر وضرر

حیات و اخلاص سے اور روک رکھ مجھ سے ہر معاند و متکبر کا شر۔ اور ہر

كُلِّ حَاسِدٍ مُتَحَيِّرٍ وَاجْعَلْ قَبْضَتِي عِنْدَ وَفَاتِي مَسْرُوْرًا اِلَّا
حیرت زدہ حاسد کے حضور کر اور بنادے میرے قبض روح کو بوقت وفات میرے لیے سرور کا باعث نہ
مَفْتُوْنًا وَّلَا مَغْبُوْنًا اَللّٰهُمَّ ابْسُطْ رِزْقِي وَيَسِّرْ لِي اَمْرِي وَمَا
فتنہ میں پڑنے اور خسارہ میں پڑنے والا۔ اے اللہ میرا رزق وسیع فرما اور میرے امر کو اور جو بھی
قَدَّرْتَهٗ لِي اَبَدَ الْاَبَدِ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِي بِامْتِنَانِكَ وَاَسْئَلُكَ
تونے میرے لیے مقدر فرمایا اسے ہمیشہ کے لیے آسان بنادے۔ اے اللہ برکت دے میرے لیے اپنے خاص احسان کیساتھ اور میں
بِسِرِّ النَّشْاَتَيْنِ وَبِسِرِّ الْقَبْضَتَيْنِ وَبِحَقِّ اِسْمِكَ الْقَابِضِ وَ
تجھ سے سوال کرتا ہوں دنیا و آخرت کی تخلیق کے راز کے طفیل اور تیرے دو مرتبہ قبض ارواح کے راز کے طفیل اور تیرے اسم قابض کے طفیل
الْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ اَنْ تُنَوِّرَنِي وَتُلْبِسَنِي نُوْرًا مِّنْ اَنْوَارِهَا
ملائکہ مقربین کے طفیل کہ مجھے نورانی بنادے اور مجھے انوار خاصہ سے نور کا لباس عطا کرے
يَآ اَللّٰهُ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ فِي جَمِيْعِ الْمَوْجُوْدَاتِ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِيْنَ
اے اللہ۔ اے اللہ تو تمام موجودات میں ہے زمینوں والے ہوں
وَالسَّمٰوٰتِ وَبِمَا تَخْتَارُهٗ مِنْ غَامِضِ الْاِشَارَاتِ وَالْاِرَادَاتِ
یا آسمانوں والے اور بطفیل ان کے جن کو تو اختیار فرمالے گا غامض و دقیق اشارات و ارادات سے
سُبْحَانَكَ تَخْفِضُ اَعْدَآئَكَ وَتُعْطِي مَحَلَّ الْقُرْبِ بَعْدَ
تو پاک ہے۔ اپنے اعداء کو پست کرتا ہے اور عطا کرتا ہے مقام قرب بعد
وِلَايَتِكَ فَتَرْفَعُ اَحْبَابَكَ اِلٰى وُجُوْدِ نَعْمَآئِكَ فَيَفْهَمُ جَمَالُ جَنَابِكَ
اپنی ولایت کے پس بلند فرماتا ہے اپنے دوستوں کو اپنے انعامات وافرہ کی طرف پس سمجھا جاتا ہے تیرا جمالی
بِلَذِيْذِ الْخِطَابِ فِي صُوْرَةِ جَمَالِكَ وَاَسْئَلُكَ بِسَرَآئِرِ حِفْظِ مُرَادِكَ
بارگاہ تیرے لذیذ خطاب کے ذریعے اپنے محل قرب خاص میں۔ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل اپنی مراد کے اسرار محفوظ کے
فِي اَزَلِ الْمَحْفُوْظَاتِ وَرَفْعِ اَقْدَارِ سَرَآئِرِكَ فِي عُلُوِّ الْمَرْفُوْعَاتِ وَ
ازل محفوظات میں اور بطفیل اپنے اسرار کی اقدار کی رفعتوں کے رفیع المرتبت اشیاء میں اور

الْجَامِعِ بَيْنَ الْاَمْرَيْنِ فِي خَفَايَا دَقَآئِقِ الْمُغَيَّبَاتِ اَسْئَلُكَ اَنْ
بطفیل ان دونوں امور کے جمع کرنے والے امر کے غیبیات دقیقہ کے پردوں میں میں سوال کرتا ہوں کہ
تُخَفِّضَ عَنِّي الْاِرَادَاتِ النَّفْسَانِيَّةَ وَالْخَوَاطِرَ الْهَوَآئِيَّةَ وَالتَّفَتُّتَ
تو پست کردے میرے نفسانی ارادوں کو اور طوفانی تخیلات کو اور شیطانی
الشَّيْطَانِيَّةَ وَاَنْ تَرْفَعَ عَنْ قَلْبِي حُجُبَ الْكَثَافَةِ الظُّلْمَانِيَّةِ وَ
تفرقات کو اور دور کردے میرے دل سے کثافت ظلمانیہ کے حجابات کو اور
الْحُجُبَ السَّمَاوِيَّةَ النُّوْرَانِيَّةَ حَتّٰى يُشْرِقَ فِي سَرَآئِرِ قَلْبِي
سماوی نورانی حجابات کو حتی کہ روشن ہوجائے میرے قلب کی گہرائیوں میں
نُوْرُكَ الْمُنَزَّهُ فِي حَظَآئِرِ قُدْسِكَ فَيُشَاهِدُ فُؤَادِي مِنَ التَّحْقِيْقِ
تیرا پاکیزہ نور جو مکان کی مقدس محفوظ بارگاہ میں ہے پس مشاہدہ کرے میرا دل تحقیق کا
وَيَسْمَعُ جَمِيْعَ الْبَوَاطِنِ مِنْ غَيْرِ اُذُنٍ صَمَخًا عَلَى اخْتِلَافِ اَصْنَافِ
اور سنے تمام بواطن کو بغیر سوراخ والے کانوں کے باوجود مختلف اقسام کی
اللُّغَاتِ فَلَا يَخْفٰى عَلَيَّ شَيْءٌ مِّمَّا هَجَسَ فِي الضَّمَآئِرِ وَمَا نَطَقَتْ
بولیوں کے پس نہ مخفی رہے مجھ پر کوئی شئی دلوں میں کھٹکنے والی اشیاء سے اور خفیات و اسرار
بِهِ السَّرَآئِرُ يَا مَنْ اَحْصٰى عَلٰى جَمِيْعِ الْمَسْمُوْعَاتِ وَاَحَاطَتْ
کی دولتوں سے، اے کہ جس نے تمام مسموعات کا احاطہ کر رکھا ہے
بِجَمِيْعِ الْمَوْجُوْدَاتِ وَتَسْمَعُ دَبِيْبَ النَّمْلَةِ السَّوْدَآءِ عَلَى الصَّخْرَةِ
اور تمام موجودات کو محیط ہے اور سنتا ہے آواز سیاہ چیونٹی کی حرکت پتھر پر چلتے وقت
الصَّمَّآءِ فِي اللَّيْلَةِ الظَّلْمَآءِ وَاَسْئَلُكَ اَنْ تَسْمَعَ دُعَآئِي بِحَقِّ اِسْمِكَ
تاریک رات میں بھی۔ اور میں سوال کرتا ہوں کہ سن لے تو میری دعا کو بطفیل اپنے اسم
السَّمِيْعِ اَنْ تَفْعَلَ بِي كَذَا وَكَذَا يَا رَبِّ وَتُعَامِلَنِي بِلُطْفِكَ الْخَفِيِّ
سمیع کے اور میرے ساتھ ہر طرح کی بھلائی کرے اے میرے پروردگار اور میرے ساتھ اپنے لطف خفی کے ساتھ

وَتُمِدَّنِي بِرَفِيقٍ مِنْ رُفَقَائِكَ وَأَوْصِلْنِي بِكُلِّ شَيْءٍ يُقَرِّبُنِي

وَيَرْفَعُنِي بَيْنَ أَقْرَانِي حَتَّى أُشَرَّفَ بِالْحُضُورِ بَيْنَ يَدَيْكَ

فَتَبْسُطَ قَلْبِي عِنْدَ الْأُنْسِ بِجَمَالِكَ وَشُهُودِ كَمَالِكَ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ

الْبَصِيرُ بِدَقَائِقِ جَوَاهِرِ الْمَوْجُودَاتِ الْجِسْمَانِيَّةِ كَأَبْصَارِكَ

بِظَوَاهِرِ حَقَائِقِ الْمَوْجُودَاتِ الْحِسِّيَّةِ فَتَرَى تَفَاصِيلَ الْأَعْرَاضِ

وَالْأَلْوَانِ فِي مَوْجُودَاتِ الْأَكْوَانِ أَسْأَلُكَ يَا مَنْ لَا يَشْغَلُهُ

شَأْنٌ عَنْ شَأْنٍ وَلَا يَحِلُّ بِمَكَانٍ يَا ذَا الْجُودِ وَالْإِحْسَانِ نَوِّرْ

بَصَرِي وَبَصِيرَتِي بِنُورِ بَصَرِكَ الْبَاقِي وَعِلْمِكَ الرَّبَّانِي حَتَّى

يَكُونَ لِي سَمْعًا وَبَصَرًا وَيَدًا وَرِجْلًا وَلِسَانًا وَقَلْبًا وَنَوِّرْنِي

بِأَنْوَارِكَ يَا اَللّٰهُ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مَا عَلَّمَ سَيِّدُ الرُّسُلِ وَ

النَّبِيُّونَ وَالْمُرْسَلُونَ أُمَمَهُمْ مِنَ الدَّعَوَاتِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَ

سَلَامُهُ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِينَ وَأَسْأَلُكَ مَا سَأَلَ مِنْكَ الصَّالِحُونَ آمِينَ يَا

رَبَّ الْعٰلَمِينَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ وَيَا أَكْرَمَ الْأَكْرَمِينَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

وَسَلِّمْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُقَرَّبِينَ الْمَالِكِينَ

الْمُرَافِقِينَ الْمُحْتَسِبِينَ الْمُخَاطِبِينَ الْمُشْفِقِينَ الْمُسْتَبِينَ

الْمُكَرَّمِينَ الْمُتَوَسِّطِينَ الْمُتَوَلِّينَ الْمَقْبُولِينَ الْمَرْحُومِينَ

الْمُرِيدِينَ الْمَحْفُوظِينَ الْمَغْفُورِينَ الْمَشْكُورِينَ الْمَطْلُوبِينَ

الْمَحْبُوبِينَ الْمَسْبُوقِينَ الْمَسْئُولِينَ الْمَظْلُومِينَ الْمَكْتُوبِينَ

الْمَسْرُورِينَ الْمَحْزُونِينَ الْمَحْرُوسِينَ الْمَعْصُومِينَ الْمَوْجُودِينَ

الْمَشْغُولِينَ الْمَقْصُودِينَ الْمَأْلُوفِينَ الْمَعْشُوقِينَ الْمَحْمُودِينَ

الْمُكَرَّمِينَ الْمُجْتَبِينَ الْآمِنِينَ الْآنِسِينَ الْبَارِعِينَ الْبَاكِرِينَ

الْبَارِزِينَ الْبَاطِنِينَ التَّابِعِينَ الْجَامِعِينَ الْحَاشِرِينَ الْحَاضِرِينَ

الْحَاسِبِيْنَ الْحَارِبِيْنَ الْخَافِقِيْنَ الْحَاثِّيْنَ الْحَاكِيْنَ الْحَامِدِيْنَ الْخَاضِعِيْنَ

حساب لینے والوں کے (اور خوف خدا میں) جنگ لڑنے والوں، ضرب لگانے والوں، پکار پکارنے والوں، ارباب حکومت، حمد کرنے والوں

الْخَاطِبِيْنَ الْخَالِصِيْنَ الرَّاقِبِيْنَ الرَّاسِخِيْنَ الرَّاحِمِيْنَ الرَّافِعِيْنَ

اور ارباب خضوع کے خطبہ دینے والوں، اصحاب اخلاص نگرانوں ثابت قدم، رحم کرنے والوں اور رفعت بخشنے والوں کے

الزَّاجِرِيْنَ الْفَائِضِيْنَ الْعَاشِقِيْنَ الْعَاطِفِيْنَ الْعَامِلِيْنَ الْقَاسِمِيْنَ

منع کرنے والوں، فیض رسانوں، ارباب عشق، مہربانوں، اصحاب عمل اور عطا کرنے والوں کے

الْقَانِتِيْنَ الْقَامِعِيْنَ الْقَاهِرِيْنَ الْقَاعِدِيْنَ الْقَانِعِيْنَ الْكَاسِبِيْنَ

عبادت گزاروں، (کفر و شرک کے) اکھیڑنے والوں، غالب (حرب کے لیے) تیار کرنے والوں، قناعت پیشہ اور محنت کرنے والوں

الْمَانِحِيْنَ النَّافِعِيْنَ النَّازِلِيْنَ النَّاسِخِيْنَ النَّاقِلِيْنَ الْكَامِلِيْنَ

بہبہ کرنے والوں، نفع دینے والوں، اللہ تعالیٰ کی طرف سے نزول فرمانے والوں، نسخ کرنے والوں، نقل کرنے والوں، ارباب کمال کے

النَّادِمِيْنَ الْفَاضِلِيْنَ الْفَائِزِيْنَ الْفَارِسِيْنَ الْعَاقِبِيْنَ الْعَادِلِيْنَ

مصاحبین و رفقاء، ارباب فضیلت، کامیاب، شہسواروں، آخر میں آنے والوں اصحاب عدل کے

الطَّائِفِيْنَ الطَّالِبِيْنَ الطَّائِعِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ الْفَاتِحِيْنَ الْقَابِلِيْنَ

طواف کرنے والوں، طالبان (رضائے خداوندی) طاعت گزاروں، نفیس مندوں، ارباب فتح اور قبول کرنے والوں کے

الْقَارِئِيْنَ الْقَادِرِيْنَ الْغَانِمِيْنَ الْغَانِمِيْنَ الزَّاهِدِيْنَ السَّاجِدِيْنَ

قراءت کرنے والوں، قدرت والوں، سرخ رنگت والے حسینوں، ارباب غنیمت، زاہدوں اور سجدہ ریزوں کے

السَّاكِنِيْنَ السَّابِقِيْنَ السَّائِحِيْنَ السَّائِلِيْنَ السَّائِرِيْنَ السَّالِكِيْنَ

ارباب تسکین، سبقت لے جانے والوں، سیاحت کرنے والوں، دعا کرنے والوں، سیر الی اللہ اور سیر الی اللہ والوں کے

الشَّاهِدِيْنَ الشَّاكِرِيْنَ الصَّابِرِيْنَ الشَّافِعِيْنَ الصَّالِحِيْنَ الصَّادِقِيْنَ

گواہوں، شکر گزاروں، صبر کرنے والوں، شفاعت کرنے والوں اور ارباب صلاح و اصحاب صدق کے

الصَّافِحِيْنَ الضَّابِطِيْنَ الْمُفَارِقِيْنَ الشَّامِلِيْنَ الْفَاخِرِيْنَ الْغَارِمِيْنَ

درگزر کرنے والوں، ضبط کرنے والوں، جدائی اختیار کرنے والوں، شامل ہونے والوں، ارباب فخر اور اہل عشق کے

النَّاظِرِيْنَ النَّاقِدِيْنَ النَّاكِحِيْنَ النَّاصِرِيْنَ النَّاسِكِيْنَ النَّاعِمِيْنَ

نگرانوں، پرکھنے والوں، نکاح کرنے والوں، مددگاروں، عبادت گزاروں اور ارباب نعمت کے اور

النَّاطِقِيْنَ اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ

کلمات حق کے ساتھ گویا ہونے والوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو آقا و سردار ہیں

الْوَاجِدِيْنَ وَالْوَاسِطِيْنَ اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

یکتائے روزگار اور بلند مرتبت لوگوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر

مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْوَاصِلِيْنَ الْوَارِثِيْنَ الْوَاعِظِيْنَ الْوَاصِفِيْنَ الْوَاقِفِيْنَ

جو محبوب سردار ہیں واصلین کے اور وارثوں (اوصاف خداوندی) نصیحت کرنے والوں، صفت کرنے والوں اور حقائق پر مطلع

الْبَاكِيْنَ الْمَازِنِيْنَ الرَّاعِيْنَ اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

(خوف خدا سے) رونے والوں، (راہ وصول کے) نگہبانوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد

مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الدَّاعِيْنَ الرَّاجِيْنَ الرَّاضِيْنَ الْعَارِفِيْنَ الْغَازِيْنَ الْهَادِيْنَ

پر جو محبوب سردار ہیں دعوت دینے والوں، امید رکھنے والوں، راضی ہونے والوں، ارباب عرفان، مجاہدوں اور اصحاب ہدایت

الْقَيِّمِيْنَ اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الزَّكِيِّيْنَ

(انبیاء) کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو سردار ہیں پاکیزہ صفات لوگوں

الصِّدِّيْقِيْنَ الشَّرِيْفِيْنَ الشَّهِيْدِيْنَ السَّلِيْمِيْنَ الْحَنِيْفِيْنَ السَّعِيْدِيْنَ

صدیقین، بشر فاء، شہیدوں، ارباب سلامت، حق پرستوں اور نیک بختوں کے

اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْفَقِيْرِيْنَ الْمَجِيْدِيْنَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرمائیے محمد پر اور آل محمد پر جو آقا سردار ہیں فقراء اور ارباب بزرگی کے

الْكَبِيْرِيْنَ الْاَمِيْرِيْنَ الْجَلِيْلِيْنَ الْجَمِيْلِيْنَ الْخَلِيْلِيْنَ اللّٰهُمَّ صَلِّ

بزرگوں، امیروں، اصحاب جلالت، ارباب جمال اور دوستان خداوند تعالیٰ کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْخَطِيْبِيْنَ الْفَصِيْحِيْنَ السَّدِيْدِيْنَ

و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو آقا سردار ہیں خطباء، فصحاء، پختہ آواز والوں کے

الرَّقِيْبِيْنَ الْاَمِيْنِيْنَ الْقَدِيْمِيْنَ الْعَرِيْقِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

نگرانوں، صاحب امن، قدیم، مستشریف الاصل لوگوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْعَمِيْدِيْنَ النَّظِيْفِيْنَ الْحَرِيْصِيْنَ الطَّيِّبِيْنَ

محمد پر اور آل محمد پر جو سردار ہیں ذمہ داروں، پاکیزگی والوں، ہدایت خلق پر حریص اور بلند مقام لوگوں کے

الرَّفِيْعِيْنَ الرَّبِيْعِيْنَ الْعَلِيْمِيْنَ الْقَرِيْنِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

بلند مرتبت، بہار آفریں، ارباب علم، ہمعصروں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْقَرِيْبِيْنَ الْمُعِيْنِيْنَ الشَّفِيْعِيْنَ الْكَلِيْمِيْنَ

محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب سردار ہیں مقربین، اعانت فرما ذوات، شفیعوں، کلیموں۔

الشَّرِيْعِيْنَ الْعَزِيْزِيْنَ الطَّرِيْقِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ

بہادروں، عزت والوں، ہدایت کی راہوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْحَقِيْقِيْنَ الْحَسِيْبِيْنَ الْاَفْعَلِيْنَ الْاَقْدَمِيْنَ

آل محمد پر جو محبوب سردار ہیں ارباب حقوق، واصحاب شرافت، کارگزاروں، حقیقت سے جاننے والوں

الْاَظْهَرِيْنَ الْاَخْشَعِيْنَ الْاَشْرَفِيْنَ الْاَكْرَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

بہت واضح و روشن، بہت خشوع کرنے والوں، شرافت مآب اور ارباب کرامت۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَصْفَحِيْنَ الْاَمْلَحِيْنَ

سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب سردار ہیں درگزر کرنے والوں، ارباب ملاحت وخوبی کے

الْاَحْمَدِيْنَ الْاَرْزَقِيْنَ الْاَوْضَحِيْنَ الْاَشْفَقِيْنَ الْاَزْهَدِيْنَ اَللّٰهُمَّ

بہت حمد کرنے والوں، رزق دینے والوں، روشن وتاباں، مشفق اور زاہد ترین لوگوں کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَسْمَعِيْنَ الْاَكْمَلِيْنَ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد اور آل محمد پر جو محبوب سردار ہیں بہت سننے اور قبول کرنے والوں، کامل ترین

الْاَكْبَرِيْنَ الْاَوْجَدِيْنَ الْاَوْرَعِيْنَ الْاَطْهَرِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

بزرگ ترین، ارباب وجد، بہ پرہیزگار اور پاکیزہ ترین لوگوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَلْطَفِيْنَ الْاَسْعَدِيْنَ الْاَعْقَلِيْنَ

محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب سردار ہیں لطیف ترین، سعادت مندوں، انتہائی عقلمندوں

الْاَعْرَفِيْنَ الْاَوَّاهِيْنَ الْاَعْظَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ

بہت بڑے عارفوں، زاری کرنے والوں، عظمت وتعظیم والوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَمْجَدِيْنَ الْاَظْفَرِيْنَ الْاَنْوَرِيْنَ

اور آل محمد پر جو سردار ہیں ارباب مجد، اصحاب ظفر، نورانیوں، روشن

الْاَزْهَرِيْنَ الْاَقْرَنِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

ترین، مقرب ترین اور باہم جڑے ہوئے ابروؤں والوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَنْجَبِيْنَ الْاَجْوَدِيْنَ الْاَجْمَعِيْنَ

محمد پر اور آل محمد پر جو آقا و سردار ہیں عمدہ اصل والوں، بہت سخاوت کرنے والوں، ارباب جمعیت

الْاَشْجَعِيْنَ سُبْحَانَكَ تَبَارَكْتَ يَا نَاصِرُ اِلَيْكَ يَعُوْدُ اَمْرُنَا

انتہائی بہادر لوگوں کے۔ تو پاک ہے، با برکت ہے، اے نصرت دینے والے تیری ہی طرف لوٹتا ہے امر ہمارا

مِنْ اَمْرِكَ يَا اِلٰهَ الْكُلِّ وَالْجُزْءِ وَالْبَسَآئِطِ وَالْمُرَكَّبَاتِ اَتَوَجَّهُ

تیرے ہی امر سے اے الٰہ کل وجزء کے اور بسائط و مرکبات کے توجہ کرتا ہوں تیری

اِلَيْكَ بِصِدْقِ الْقَلْبِ وَالسِّرِّ اجْعَلْنِيْ مُسْتَغْرِقًا فِيْ اقْتِبَاسِ

طرف صدق قلب و روح کے ساتھ کر بنا دے مجھے غرق ہونے والا اپنے انوار کی

لَذَّاتِ اَنْوَارِكَ مِنْ غَيْرِ اتِّصَالٍ وَّلَا حُلُوْلٍ وَّلَا انْفِصَالٍ بَازِغَةٍ

لذات کے حصول میں بغیر اتصال و حلول اور انفصال کے جن چمکنے والے ہوں

عَلَيْهَا اَنْوَارُ قُدْرَتِكَ عَلٰى عَكْسِ شُعَاعٍ مِّنْ فُرُوْعِ اَنْوَارِكَ يَا وَاجِبَ

تیرے انوار قدرت تیرے انوار و تجلیات صفاتیہ کے عکس زیر قدر سے اے واجب الوجود اور

الْوُجُوْدِ وَيَا فَيَّاضَ الْجُوْدِ مِنْ خَزَآئِنِكَ الْمَخْزُوْنَةِ تَحْتَ حِيْطَةِ

اے جود عام والے اپنے ان خزائن سے جو محفوظ ہیں تیری صفات کے احاطہ

صِفَاتِكَ وَلَيْسَ لِاَحَدٍ قَبُوْلُ تَجَلِّيَاتِ ذَاتِكَ الْجَلَالِيَّةِ فَيَحْتَرِقُ كَمَا
ہیں اور نہیں ہے کسی کے لئے تیری ذات کے تجلیات جلالیہ کو قبول کرنا ورنہ جل جائے گا

احْتَرَقَ جَبَلُ مُوْسٰى فَصَارَ دَكًّا وَلَا قَبُوْلُ تَجَلِّيَاتِ ذَاتِكَ
جیسے کہ جل گیا موسیٰ علیہ السلام کا پہاڑ یعنی پھٹ گیا اور ریزہ ریزہ ہو گیا اور نہ ہی تیری تجلیات جمالیہ ذاتیہ کے

الْجَمَالِيَّةِ فَيَذُوْبُ كَمَا يَذُوْبُ الْمِلْحُ فِي الْمَاءِ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ
قبول کرنے کی اہلیت ہے ورنہ گھل جائے گا جیسے کہ نمک پانی میں گھل جاتا ہے۔ اے اللہ کہیعص کے طفیل

سَخِّرْ لَنَا الْاَرْوَاحَ الْقُدْسِيَّةَ السَّمَاوِيَّةَ وَالْقُوَى الْعَالِيَةَ بِاِذْنِكَ
ہمارے لیے مسخر فرما آسمان کے ارواح قدسیہ اور قوائے عالیہ کو اپنے اذن و ارادہ

التَّامِّ وَعِلْمِكَ الْقَدِيْمِ وَسَخِّرْ لَنَا الْاَرْضِيَّةَ لِاِعَانَةٍ بَدَنِيَّةٍ
تامہ اور علم قدیم سے اور مسخر فرما ہمارے لیے ارواح ارضیہ کو واسطے بدنی اعانت کے

لِلْاِسْتِعْدَادِ اللَّاهُوْتِيِّ ثُمَّ عَرِّجْنِي مِنْهَا اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى الَّتِيْ هِيَ كُلُّهَا
واسطے استعداد لاہوتی کے پھر مجھے عروج عطا فرما ان سے طرف ملاء اعلیٰ کے جو کہ تمام کے تمام

اَنْوَارٌ لَطِيْفَةٌ سَارِيَةٌ اَيْنَمَا وُجِّهَتْ ثُمَّ عَرِّجْنِي مِنْهَا اِلَى الصُّوَرِ الْكُلِّيَّةِ
انوار لطیفہ ہیں چلنے والے جدھر کریں متوجہ ہوں۔ پھر مجھے عروج عطا فرما ان سے طرف صور کلیہ کے

الْقَائِمَةِ بِاَمْثِلَةٍ نُوْرِيَّةٍ قَاهِرَةٍ مَانِعَةٍ لِلْحَوَادِثِ الطَّارِيَةِ عَلَى الظُّلُمَاتِ
جو قائم ہیں ساتھ امثال نوریہ غالبہ کے جو مانع ہیں ان حوادثات کے لیے جو طاری ہونے والے ہیں اوپر ظلمات

الْبَشَرِيَّةِ الْمُهْلِكَةِ ثُمَّ عَرِّجْنِي مِنْهَا اِلٰى مَقَامٍ جَبَرُوْتِيٍّ شَامِلٍ لِكُلِّيَّاتٍ
بشریہ کے جو ہلاکت آفریں ہیں پھر ان سے مجھے عروج عطا فرما طرف مقام جبروتی کے جو شامل و محیط ہے کلیات

اِجْمَالِيَّةٍ مُسَاوِيَةٍ فِي جُزْئِيَّاتٍ كَائِنَةٍ مُسَمَّاةٍ بِحَقَائِقِ اَللّٰهُمَّ
اجمالیہ مساویہ کو جو متحقق ہیں جزئیات موجودہ میں جو کہ موسوم ہیں ساتھ حقائق کے۔ اے اللہ

اكْشِفْ عَلَيَّ اَرْوَاحَنَا كَمَا كَشَفْتَ عَلٰى اَوْلِيَائِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ الَّذِيْنَ
کشف فرما مجھ پر ہمارے ارواح کو جیسے کہ ان کا کشف فرمایا تو نے اپنے اولیاء مقربین پر جو کہ

كَانُوْا جَالِسِيْنَ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُقْتَدِرٍ لَا يُسْاَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْئَلُوْنَ
جانشین تھے اس صاحب اقتدار بادشاہ کے قریب نہیں سوال کیا جا سکتا اس سے جو وہ کرتا ہے اور وہ مخلوق سوال کیے جائیں گے

عَمَّا يَفْعَلُوْنَ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ اَسْمَآءِ الْحُرُوْفِ الَّتِيْ هِيَ اُصُوْلٌ وَّ
اس سے متعلق جو وہ کرتے ہیں۔ اے اللہ بطفیل اسماء ان حروف کے جو کہ ایسے اصول اور

كَلِمَاتٌ مُحْتَوِيَةٌ لِتَحَقُّقَاتِ الرُّسُوْمِ وَالْفُهُوْمِ بِهَا تَعْرُجُ عَبِيْدُكَ
کلمات ہیں جو کہ محیط ہیں رسوم و فہوم کے تحققات و وجودات پر کہ جن کی بدولت ترقی کرتے ہیں تیرے بندے

اِلَيْكَ اَفِضْ عَلَيْنَا بَرَكَاتِ الْاَرْوَاحِ الْبَرَرَةِ الْمُتَكَوِّنَةِ مِنَ
تیری طرف فیضان فرما ہم پر اپنے نیکوکار ارواح کی برکات جو پیدا ہونے والے ہیں ان

الْاَنْوَارِ الْعَلِيَّةِ الْهَادِيَةِ الْبَرَّاقَةِ الْمُتَحَلِّيَةِ الْمُتَجَلِّيَةِ عَلٰى
انوار عالیہ سے جو ہدایت اور روشنی عطا کرنے والے ہیں اور صاحب زینت و نورانیت بخشنے والے ہیں

صَوَاحِبِ الْكُشُوْفِ وَالْاَسْرَارِ اَللّٰهُمَّ لَا تُسَلِّطْنِيَ الْحُجُبَ الظُّلْمَانِيَّةَ
ارباب کشف و اسرار کے لیے۔ اے اللہ نہ مسلط فرما مجھ پر حجابات ظلمانیہ

الَّتِيْ هِيَ الْحُجُبُ الْمَانِعَةُ الْقَاهِرَةُ مِنَ الْوُصُوْلِ اِلٰى كُلِّ كَوْنٍ يَا كَيَّانُ
جو کہ حاجب و مانع قوی ہیں وصول سے طرف تمام موجودات کے اے موجود حقیقی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْكَرِيْمِيْنَ وَالرَّحِيْمِيْنَ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو سردار ہیں کریموں اور رحیموں کے

رَبِّ ارْحَمْ مَنْ عَظُمَ مَرَضُهٗ وَعَزَّ شِفَآؤُهٗ وَكَثُرَ دَآؤُهٗ وَضَعُفَتْ
اے اللہ رحم فرما میرا اس شخص پر جس کا مرض عظیم ہو گیا اور اس کی شفا مشکل ہو گئی اور بیماری زیادہ ہو گئی اور اس کی چارہ سازی

حِيْلَتُهٗ وَقَوِيَ بَلَآؤُهٗ وَاَنْتَ مَلْجَاُهٗ وَرَجَاؤُهٗ وَعَوْنُهٗ وَشِفَآؤُهٗ
ضعیف و ناتواں ہو گئی اور اس کی آزمائش قوی ہو گئی اور تو ہی اس کی جائے پناہ اور امید گاہ ہے اور مددگار و شفا بخش اور

وَدَوَآؤُهٗ يَا مَنْ عَمَّ الْعِبَادَ فَضْلُهٗ وَعَطَآؤُهٗ وَوَسِعَ الْبَرِيَّةَ جُوْدُهٗ
دوا ہے۔ اے کہ گھیر لیا بندوں کو اس کے فضل اور عطا نے اور محیط ہو گیا سب مخلوق کو اس کا جود اور

وَنَعْمَآئِهٖ هَآ اَنَا عَبْدُكَ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ مُحْتَاجٌ اِلٰى مَا عِنْدَكَ فَقِيْرٌ

انعام۔ اس میں تیرا بندہ فلاں ابن فلاں ہوں محتاج و فقیر ہوں طرف ان نعمتوں کے جو تیرے پاس ہیں

اَنْتَظِرُ جُوْدَكَ وَرَوَافِدَكَ مُذْنِبٌ اَسْئَلُ مِنْكَ الْعَفْوَ وَالْغُفْرَانَ خَآئِفٌ

میں منتظر ہوں تیرے جود و عطا کا۔ گناہگار ہوں سوال کرتا ہوں تجھ سے عفو و مغفرت کا۔ خوفزدہ ہوں

اَطْلُبُ مِنْكَ الصَّفْحَ وَالْاَمَانَ مُسِيْٓءٌ عَاصٍ فَعَسٰى تَوْبَةٌ تَمْحُوْ

طلب کرتا ہوں تجھ سے درگزر اور امان۔ لرزاں کار و گنہگار ہوں۔ امیدوار ہوں ایسی توبہ کا جو مٹا دے

ظُلَمَ الْاِسَآئَةِ وَالْعِصْيَانِ سَآئِلٌ بَاسِطٌ يَدَ الْفَاقَةِ الْكُلِّيَّةِ يَطْلُبُ

سیاہ بدکاری و گنہگاری کی ظلمتوں کو۔ سوالی ہوں پھیلائے ہوئے ہوں ہاتھ کامل محتاجی کا جو طلبگار ہے تیرے

مِنْكَ الْجُوْدَ وَالْاِحْسَانَ مَسْجُوْنٌ مُقَيَّدٌ فَعَسٰى يُفَكُّ قَيْدُهٗ وَ

جود و احسان کا۔ قید و بند میں ہے پس امید ہے کہ کھول دی جائے بند سلاسل اس کی اور

يُطْلَقُ مِنْ سِجْنِ حِجَابِهٖ اِلٰى فَسِيْحِ حَضَرَاتِ الشُّهُوْدِ وَالْعِيَانِ جَآئِعٌ

رہا کیا جائے حجاب کے قید خانہ سے شہود و معائنہ کی وسیع و دلکش بارگاہوں کی طرف۔ یہ بندہ بھوکا اور

عَارٍ فَعَسٰى يُطْعَمُ مِنَ التَّقْرِيْبِ وَيُكْسٰى مِنْ حُلَلِ الْاِيْمَانِ ظَمْاٰنُ

برہنہ ہے پس امید ہے کہ کھلایا جائے اس کو طعام قرب اور پہنایا جائے اس کو حلۂ ایمان۔ پیاسا ہے

ظَمْاٰنُ ظَمْاٰنُ وَاَيُّ ظَمْاٰنٍ يَتَلَجْلَجُ فِيْٓ اَحْشَآئِهٖ لَهِيْبُ النِّيْرَانِ

پیاسا ہے، پیاسا ہے، ایسا پیاسا کہ بھڑک رہے ہیں اس کی انتڑیوں میں شعلے آگ کے۔

فَعَسٰى تُبْرَدُ عَنْهُ نِيْرَانُ الْكَرْبِ وَيُسْقٰى مِنْ شَرَابِ الْحُبِّ

پس قریب ہے کہ ٹھنڈی کی جائیں اس سے درد و کرب کی آتشیں اور پلایا جائے اس کو شراب محبت

وَيُكْرَعُ مِنْ كَاسَاتِ الْقُرْبِ وَيُذْهَبُ عَنْهُ الْبُؤْسُ وَالْاٰلَامُ

اور سیراب کیا جائے قرب کے کاسوں سے اور دور کی جائیں اس سے سختیاں اور آلام

وَالْاَسْقَامُ وَالْاَحْزَانُ وَيُنَعَّمُ مِنْ بَعْدِ بُؤْسِهٖ وَاٰلَامِهٖ وَيُشْفٰى مِنْ

بیماریاں اور غم اس کو راحت و مسرت سے بہرہ ور کیا جائے شدت و آلام کے بعد اور شفا دی جائے

مَرَضِهٖ وَسَقَمِهٖ حَتّٰى يَزُوْلَ مَا بِهٖ كَاَنْ مَا كَانَ هَآ اَنَا عَبْدُكَ نَآءٍ

امراض و سقام سے تا آنکہ زائل ہو جائے اس سے جو کچھ بھی اس کو لاحق ہوا۔ اس میں تیرا بندہ ہوں جو بارگاہ قرب سے دور ہوں

غَرِيْبٌ مُصَابٌ قَدْ بَعُدَ عَنِ الْاَهْلِ وَالْاَوْطَانِ فَعَسٰى يَزُوْلُ

غریب اور مصیبت زدہ، عزیز و اقرباء اور وطن سے دور پس قریب ہے کہ اس سے زائل ہو جائے

عَنْهُ هٰذَا التَّعَبُ وَالشَّقَآءُ وَيَعُوْدُ لَهُ الْقُرْبُ وَاللِّقَآءُ وَيَتَرَآئٰى لَهٗ

یہ تھکاوٹ اور شقاوت اور لوٹ آئے اس پر سعادت قرب اور دیدار کی اور نظر آنے لگے اس کو

سَلْعٌ وَالنَّقَا وَيَلُوْحُ الْاَثَلُ وَالْبَانُ وَيَنَالُهُ اللُّطْفُ وَالْاِحْسَانُ

سلع (مدینہ کا پہاڑ) اور ریت کے ٹیلے اور نمودار ہوں جھاؤ اور بان کے درخت اور پہنچے اسے لطف و احسان

وَتَحِلَّ عَلَيْهِ الرَّحْمَةُ وَالرِّضْوَانُ يَا عَظِيْمُ يَا مَنَّانُ يَا كَرِيْمُ يَا رَحْمٰنُ

اور اترے اس پر رحمت و رضوان۔ اے عظمت والے، اے احسان والے، اے کرم، اے رحمان

يَا صَاحِبَ الْجُوْدِ وَالْاِحْسَانِ وَالرَّحْمَةِ وَالْغُفْرَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اے جود و احسان والے اور رحمت و غفران والے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْعَطُوْفِيْنَ وَالرَّءُوْفِيْنَ اَللّٰهُمَّ

نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو سردار ہیں عنایت اور رافت و رحمت کرنے والوں کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ اَعْلٰى عِلِّيِّيْنَ فِيْ يَوْمِ الدِّيْنِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب کے سردار ہیں اعلیٰ علیین میں قیامت کے دن

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْقَوَّامِيْنَ وَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو آقا سردار ہیں بہت قائم رہنے والوں

الدَّآئِبِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ

اور پیروی کرنے والوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو آقا و سردار ہیں

الْاَوَّابِيْنَ وَالصَّوَّامِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے والوں اور روزہ داروں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر

مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الرَّبَّانِيِّيْنَ وَالرُّوْحَانِيِّيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
جو سردار ہیں ربانیوں اور روحانیوں کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْحِيْنِيِّيْنَ وَالطَّيِّبِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
محمد پر اور آل محمد پر جو سردار ہیں وقت کی قدر کرنے والوں اور پاکیزہ لوگوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْوَارِعِيْنَ وَالْفَرِحِيْنَ
و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو سردار ہیں پرہیزگاروں کے اور ارباب فرحت کے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْقِبْلَتَيْنِ وَالْكَوْنَيْنِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو سردار ہیں دونوں قبلوں، دونوں جہانوں
وَالثَّقَلَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْخَافِقَيْنِ
اور جن و انس کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو آقا سردار ہیں مشرق و مغرب کے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمِلَّتَيْنِ اَللّٰهُمَّ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد و آل محمد پر جو سردار ہیں دونوں ملتوں کے۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْحَرَمَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو سردار ہیں دونوں حرموں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمَنْشُوْرِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو سردار ہیں تمام قبروں سے اٹھائے جانے والوں کے۔ اے اللہ
وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَنْبِيَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب سید انبیاء ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل
عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَصْفِيَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
فرما محمد پر اور آل محمد پر جو سید اصفیاء ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَوْلِيَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ
محمد پر اور آل محمد پر جو سید اولیاء ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر

وَعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَتْقِيَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
اور آل محمد پر جو سید اتقیاء ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل
اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَسْخِيَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
محمد پر جو سید اسخیاء ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد
مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَجْزَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
پر جو محبوب کو سردار ہیں کفایت کرنے والوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد
مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الرُّؤَسَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
پر جو آقا کو سرداروں کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد
مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْعُلَمَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
پر جو کہ سردار ہیں علماء کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد
مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْفُضَلَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
پر جو کہ فضلاء کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد
مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْفُقَرَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
پر جو کہ فقراء کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد
مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْغُرَبَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
پر جو کہ غرباء کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل
مُحَمَّدٍ سَيِّدِ السُّعَدَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
محمد پر جو کہ سعادت مندوں کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل
اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْفُقَهَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
محمد پر جو کہ فقہاء کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور
اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الشُّفَعَآءِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ اِرْتَكَبْتُهٗ
آل محمد پر جو کہ شفیعوں کے سردار ہیں۔ اے اللہ میں استغفار کرتا ہوں تجھ سے ہر گناہ سے جس کا میں نے ارتکاب کیا

بِشُمُولِ عَافِيَتِكَ أَوْ تَمَكَّنْتُ مِنْهُ بِفَضْلِ نِعْمَتِكَ أَوْ تَقَوَّيْتُ بِهِ

بسبب تیری عافیت عامہ کے یا قادر ہوا میں اس پر بسبب تیری روز افزوں نعمت کے یا قوت حاصل کی اس پر

عَلَىٰ دَفْعِ نَقِمَتِكَ عَنِّي أَوْ مَدَدْتُ إِلَيْهِ يَدِي بِسَابِغِ رِزْقِكَ

بسبب دور رکھنے تیرے اپنے انتقام کو مجھ سے یا بڑھایا طرف اس کے میں نے اپنا ہاتھ بسبب تیرے کامل رزق اور روزی کے

عَلَيَّ أَوْ خَيْرٍ أَرَدْتُ بِهِ وَجْهَكَ الْكَرِيمَ فَخَالَطَنِي فِيهِ شُحُّ نَفْسِي

یا ایسی خیر کہ جس سے میں نے تیری ذات کریم کی رضا کا ارادہ کیا لیکن شامل ہو گیا اس میں میرا بخل طبعی

بِمَا لَيْسَ فِيهِ رِضَاكَ وَلِكُلِّ ذَنْبٍ دَعَانِي إِلَيْهِ الرُّخَصُ أَوِ الْحِرْصُ

جس میں تیری رضا نہیں تھی۔ اور استغفار کرتا ہوں واسطے ہر اس گناہ کے جس کی طرف راغب کیا رخصتوں نے یا حرص نے

فَرَغِبْتُ فِيهِ وَحَلَّلْتُ لِنَفْسِي مَا هُوَ مُحَرَّمٌ عِنْدَكَ وَلِكُلِّ ذَنْبٍ خَفِيَ

پس میں اس کی طرف مائل ہوا اور حلال ٹھہرایا اپنی ذات کے لیے جو کہ تیرے نزدیک حرام تھا اور ہر اس گناہ کی جو مخفی رہا

عَلَىٰ خَلْقِكَ وَلَمْ يَعْزُبْ عَنْكَ فَاسْتَقَلْتُكَ مِنْهُ فَأَقَلْتَنِي ثُمَّ عُدْتُ

مخلوق پر اور تجھ سے پوشیدہ نہیں تھا میں نے تجھ سے اس میں درگزر طلب کی پس تو نے درگزر فرمائی پھر میں نے اس کی طرف

فِيهِ فَسَتَرْتَهُ عَلَيَّ وَلِكُلِّ ذَنْبٍ خَطَوْتُ إِلَيْهِ بِرِجْلِي أَوْ مَدَدْتُ إِلَيْهِ

رجوع کیا لیکن تو نے مجھ پر پردہ داری فرمائی۔ اور ہر وہ گناہ کہ چلا میں طرف اس کی اپنے پاؤں کے ساتھ یا اس کی طرف ہاتھ بڑھایا

يَدِي أَوْ تَأَمَّلْتُهُ بِبَصَرِي أَوْ أَصْغَيْتُ إِلَيْهِ بِأُذُنِي أَوْ نَطَقْتُ بِهِ

یا اسے بغور دیکھا یا اس کی طرف کان لگایا یا اس کا نطق کیا

بِلِسَانِي أَوْ أَتْلَفْتُ فِيهِ مَا رَزَقْتَنِي ثُمَّ اسْتَرْزَقْتُكَ عَلَىٰ عِصْيَانِي

زبان کے ساتھ یا برباد کیا اس میں تیرا عطا کردہ رزق پھر میں نے نافرمانی کے باوجود رزق طلب کیا

فَرَزَقْتَنِي ثُمَّ اسْتَعَنْتُ بِرِزْقِكَ عَلَىٰ عِصْيَانِكَ فَسَتَرْتَ عَلَيَّ

تو تو نے رزق عطا فرمایا پھر میں نے قوت حاصل کی تیرے رزق کے ساتھ تیری نافرمانی پر پس تو نے پردہ داری فرمائی

وَسَأَلْتُكَ الزِّيَادَةَ فَلَمْ تَحْرِمْنِي ثُمَّ جَاهَرْتُكَ بَعْدَ الزِّيَادَةِ

اور میں نے تجھ سے مزید کا سوال کیا پس تو نے محروم نہ فرمایا پھر میں نے علانیہ مخالفت کی حصول مزید کے بعد

فَلَمْ تَفْضَحْنِي فَلَا أَزَالُ مُصِرًّا عَلَىٰ مَعْصِيَتِكَ وَلَا تَزَالُ عَائِدًا

پس تو نے مجھے رسوا نہ کیا لہٰذا میں ہمیشہ سے مصر رہا تیری معصیت پر اور تو ہمیشہ مجھ پر متوجہ رہا

عَلَيَّ بِحِلْمِكَ وَكَرَمِكَ يَا أَكْرَمَ الْأَكْرَمِينَ اللَّهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور رہنے کا اپنے حلم اور کرم کے ساتھ اے سب کریموں سے بڑے کریم۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَعَلَىٰ آلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْبُلَغَاءِ الْخُطَبَاءِ الصُّلَحَاءِ

محمد پر اور آل محمد پر جو کہ سردار ہیں بلغاء، خطباء، صلحاء،

الْحُكَمَاءِ الْخُلَفَاءِ الشُّرَفَاءِ الْكُرَمَاءِ الظُّفَرَاءِ الْفُصَحَاءِ الشُّهَدَاءِ

حکماء، خلفاء، شرفاء، کرماء، ظفراء، فصحاء اور شہداء کے

اللَّهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَعَلَىٰ آلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ النُّقَبَاءِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو کہ سردار ہیں نقباء،

النُّجَبَاءِ الرُّحَمَاءِ الْقُرَبَاءِ الْعُتَقَاءِ الْكُبَرَاءِ اللَّهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ

نجباء، رحماء، قرباء، عتقاء اور کبراء کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر

وَعَلَىٰ آلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْأَسْنَاءِ الْمُبَارَكِ الطَّيِّبِ اللَّهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور آل محمد پر جو کہ سردار ہیں روشن، نورانی، بابرکت اور پاکیزہ لوگوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَعَلَىٰ آلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمَلَكُوتِ الْجَبَرُوتِ الْكَائِنَاتِ

محمد پر اور آل محمد پر جو سردار ہیں ملکوت و جبروت کے اور کائنات

الْمَوْجُودَاتِ اللَّهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَعَلَىٰ آلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ

و موجودات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو سردار ہیں

الْأَوْتَادِ الزُّهَّادِ الْعُبَّادِ الذَّاكِرِ الطَّاهِرِ الْبَشِيرِ النَّذِيرِ الْأَبْرَارِ الْأَخْيَارِ

اوتاد، زاہدوں، عابدوں، ذکر کرنے والوں، پاکیزہ، بشارت دینے والوں، ڈرانے والوں، نیکوکاروں اور

الْخِيَارِ اللَّهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَعَلَىٰ آلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْأَشْرَافِ

منتخب لوگوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو سردار ہیں اشراف کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاَبْدَالِ وَالْقَبَآئِلِ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو سردار ہیں ابدال کے اور قبائل کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاَنَامِ وَالرَّءُوْفِ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو سردار ہیں ساری مخلوق کے اور رؤف

الرَّحِیْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاَنَامِ
رحیم ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو سردار ہیں مخلوق کے

اِذَا حُشِرُوْا وَمُبَشِّرِهِمْ اِذَا اَیِسُوْا وَشَفِیْعِهِمْ اِذَا حُبِسُوْا اَللّٰهُمَّ
جبکہ تمام مخلوق کو جمع کیا جائیگا اور خوشخبری سنانے والے ہیں انہیں جب مایوس ہونگے اور انکے شفیع ہیں جب حساب کیلئے روکے جائینگے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدِ السَّیِّدِ الْمُصْطَفَی الْمُجْتَبَی الْمُرْتَضٰی
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو آقا ہیں مصطفےٰ مجتبےٰ مرتضےٰ

الْمُطَهَّرِ الْمُعَلَّی الْمُزَکّٰی اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدِ
مطہر، بلند مرتبت اور پاکیزہ ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر

السَّیِّدِ النَّبِیِّ الشَّامِیِّ الْوَلِیِّ الْهَاشِمِیِّ الْقُرَیْشِیِّ الْحَرَمِیِّ الْحِجَازِیِّ
جو سید، نبی، شامی، ولی، ہاشمی، قریشی، صاحب حرم، صاحب حجاز

التِّرَازِیِّ التِّهَامِیِّ الْاَبْطَحِیِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ
صاحب تراز، صاحب تہامہ اور صاحب ابطح ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدِ السَّیِّدِ النَّبِیِّ الْبَرَارِیِّ النَّاهِیِ الدَّاعِیِ النَّوَاصِیِّ
اور آل محمد پر جو محبوب کہ سید و خلائق ہیں، نیکی کرنے والے، منع فرمانے والے، دعوت دینے والے اخلاق کی پیشانیوں پر

الرَّضِیِّ الْعَلِیِّ السَّخِیِّ الْحَلِیِّ الْحَفِیِّ الْوَفِیِّ الصَّفِیِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
برگزیدہ، بلند مرتبت، سخی، حلیم، مہربان، وفا والے، باصفا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدِ السَّیِّدِ النَّبِیِّ الْغَنِیِّ التَّقِیِّ الْمَهْدِیِّ الزَّکِیِّ
محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب کہ سید، نبی، غنی، متقی، ہدایت یافتہ، پاکیزہ

الْمَقَرِّیِّ النَّجِیِّ الْمُقْتَدِیِّ الْمُهْتَدِیِّ الْمُتَّقِی الْمُغْنِی الْاُمِّیِّ الْمَکِّیِّ الْمَدَنِیِّ
(اعلیٰ مقام میں) قرار پانے والے، ہمکلامی کا شرف پانے والے، (اور) کمالات انبیاء کی موافقت کرنے والے، ہدایت بخشنے والے، متقی، غنی کرنے والے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدِ الَّذِیْ هُوَ بِحَقِیْقَتِهٖ
امی، مکی، مدنی ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب باعتبار اپنی حقیقت کے

وَاسِطَةُ الْوُجُوْدِ وَالشُّهُوْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
واسطہ و برزخ ہیں وجود (خلائق) اور شہود (خالق) کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور

اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْعَرَبِ فِی الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ فِی الْعَجَمِ وَالْکُلِّ
آل محمد پر جو آقا عربوں کے سردار ہیں عرب میں اور عجمیوں کے عجم میں۔ اور سب کے سردار ہیں

فِی الْکُلِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ
ہر جگہ اور ہر زمانہ میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب سردار ہیں

الْخَلْقِ بِسِیَادَتِكَ وَکُلُّ مَنْ لَّكَ عَلَیْهِ سِیَادَةٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
تمام مخلوق کے بسبب تیری (عطا کردہ) سرداری کے۔ اور ہر اس شے کے سردار ہیں جس پر تیری سرداری ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَسَیِّدِ
سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب کہ سردار ہیں انبیاء و مرسلین کے اور سردار ہیں

اَهْلِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَجْمَعِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ
تمام آسمان و زمین والوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ سَادَاتِ بَرِیَّتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
اور آل محمد پر جو کہ سردار ہیں تیری تمام مخلوق کے سرداروں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْعَبِیْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ
محمد پر اور آل محمد پر جو تمام بندوں کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدِ السَّیِّدِ الْعَلِیْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ
اور آل محمد پر جو محبوب کہ سید ہیں علم ظاہر و باطن کے مالک ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما محمد پر

وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ کُلِّ مَسُوْدٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

اور آلِ محمد پر جو سردار ہیں ہر سیادت والے کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاَسْیَادِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

محمد پر اور آلِ محمد پر جو سادات کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْجُنُوْدِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

محمد پر اور آلِ محمد پر جو سردار ہیں لشکروں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدِنِ السَّیِّدِ الْاَعْظَمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

محمد پر اور آلِ محمد پر جو محبوب کہ سید اعظم ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ خَلْقِ اللّٰہِ اَجْمَعِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

محمد پر اور آلِ محمد پر جو محبوب کہ سردار ہیں اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ اَوْلِیَآئِکَ الْعَارِفِیْنَ

و سلام نازل فرما محمد پر اور آلِ محمد پر جو محبوب کہ سردار ہیں تیرے اولیاء عارفین کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ مَلٰٓئِکَتِکَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آلِ محمد پر جو محبوب سردار ہیں تیرے ملائکہ

الْمُقَرَّبِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِنَا

مقربین کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آلِ محمد پر جو ہمارے سردار

رَسُوْلٍ مُّسْتَغِیْثٍ مُّقْتَصِدٍ حَلِیْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

کہ رسول فریاد رس، طالب امداد، درمیانہ رو اور حلیم ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ وَالْفَرِیْقَیْنِ

محمد پر اور آلِ محمد پر جو محبوب کہ سردار ہیں کونین اور جن و انس اور فریقین عرب و عجم کے

فَتَّاحٍ فَاتِحِ اللّٰہِ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

مشکلات حل کرنے والے اللہ تعالیٰ کی طرف سے صاحب فتح، اللہ تعالیٰ کی مدد اور فتح قریب ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاَسْرَارِ الْمَلَکُوْتِ وَالْعَالَمِ

محمد پر اور آلِ محمد پر جو محبوب کہ مالک ہیں اسرار ملکوت اور تمام جہان کے ساتھ اور عالم ہیں

بِغَایَةِ الرَّغَبُوْتِ وَالْجَبَرُوْتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ

غایت رغبت اور جبروت و جلال قہاری کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

اور آلِ محمد پر جو محبوب کہ سردار ہیں دنیا و آخرت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِنَا الْاَکْمَلِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

محمد پر اور آلِ محمد پر جو ہمارے سید اکمل ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاَطْفَالِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

محمد پر اور آلِ محمد پر جو سردار ہیں بچوں کے (بچپن میں)۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الشُّیُوْخِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ

فرما محمد پر اور آلِ محمد پر جو محبوب کہ سردار ہیں شیوخ کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْکُھُوْلِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

سلام نازل فرما محمد پر اور آلِ محمد پر جو محبوب کہ سردار ہیں ادھیڑ عمر والوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدِنِ السَّیِّدِ اللَّیِّنِ اَللّٰھُمَّ

و سلام نازل فرما محمد پر اور آلِ محمد پر جو نرم مزاج سردار ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ اَھْلِ الرُّتَبِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آلِ محمد پر جو محبوب سردار ہیں عالی مرتبت

الْفَاضِلَةِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدِنِ السَّیِّدِ

لوگوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آلِ محمد پر جو آقا ہیں چودھویں کے

الْبَدْرِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ

چاند ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آلِ محمد پر جو آقا فریقین

اَلْفَرِيْقَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
دو عرب و عجم کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو
سَيِّدِ الْعٰلَمِيْنَ عَلَى الْاِطْلَاقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى
آقا سردار ہیں تمام جہانوں کے علی الاطلاق۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور
اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْوُجُوْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
آل محمد پر جو آقا سید الوجود ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل
مُحَمَّدٍ سَيِّدِ اَهْلِ الْفَضْلِ وَالْجُوْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
محمد پر جو محبوب سردار ہیں تمام ارباب فضیلت اور اصحاب جود و نوال کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَزَلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
محمد پر اور آل محمد پر جو آقا سید الازل ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَبَدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب سید الابد ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْوَرٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب سید الوریٰ (الخلق) ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ اَهْلِ الْمَشَارِقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب اہل مشرق کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل
عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ اَهْلِ الْمَغَارِبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
فرما محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب کہ اہل مغرب کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمَلَاِ الْاَعْلٰى اَللّٰهُمَّ
و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب کہ ملاء اعلیٰ کے سردار ہیں۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدِ السَّيِّدِ الْمَجِيْدِ اَللّٰهُمَّ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب کہ بلند مرتبت سردار ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاُمَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب کہ سید الامت ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدِ السَّيِّدِ الْكَامِلِ النَّبِيْلِ
و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب کہ سید کامل عظیم المرتبت ہیں
الَّذِيْ جَآءَ بِالْوَحْيِ وَالتَّنْزِيْلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
جو وحی الٰہی اور کلام منزل لائے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَصْغَرِ وَالْاَكْبَرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب ہر چھوٹے اور بڑے کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل
عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدِ السَّيِّدِ الْمُعَلّٰى الْاَعْلٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ
فرما محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب کہ سید معلّٰی و اعلیٰ ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَاهٍ نَبِيِّنَا
و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب کہ سردار ہیں جن و انس کے منع فرمانے والے ہیں برائیوں سے ہمارے
رَسُوْلٌ صَاحِبُ النِّعْمَةِ هَاشِمِيٌّ كَرَامَةُ اللّٰهِ فَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ
نبی، رسول، مالک نعمت، ہاشمی، اللہ تعالیٰ کی مجسم عنایت اور کرم۔ پس اے میرے رب صلوٰۃ و سلام
وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْ لِيْ وَ
اور برکت نازل فرما محمد پر اور آل سیدنا محمد پر اور میرے لیے مغفرت فرما اور
لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ اَجْمَعِيْنَ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنَّا
تمام مومنین و مومنات کے لیے اے بہت بخشنے والے۔ اے اللہ بے شک ہم
نَسْئَلُكَ الرِّضَا وَالْعَفْوَ عَمَّا مَضٰى يَا مَنْ يَّعْفُوْ عَنِ الزَّلَّاتِ وَ
سوال کرتے ہیں تجھ سے رضا کا اور عفو کا ان تمام لغزشات سے جو ہو چکیں۔ اے کہ درگزر فرماتا ہے لغزشوں سے اور
يَرْحَمُ الْعُصَاةَ وَيَمْحُو السَّيِّئَاتِ يَا اِلٰهِيْ عَلَى الذُّنُوْبِ نَدِمْنَا
رحم فرماتا ہے گناہگاروں پر اور مٹاتا ہے سیئات کو۔ اے میرے خدا، گناہوں پر ہم نادم ہیں

وَعَلٰى عَدَمِ الْعَوْدِ عَزَمْنَا وَبِنَبِيِّكَ تَوَسَّلْنَا وَاِلَيْكَ تَقَرَّبْنَا فَلَا تَرُدَّنَا

دوبارہ نہ کرنے پر عازم ہیں، تیرے نبی کے ساتھ توسل کرتے ہیں اور تیری بارگاہ کا قرب طلب کرتے ہیں پس ہمیں رد

وَلَا تَقْطَعْ حَبْلَ رَجَآئِنَا وَلَا تُؤَاخِذْنَا بِمَا وَقَعَ مِنَّا فِيْ صَبَاحِنَا وَمَسَآئِنَا

نہ فرما اور ہماری امید و رجاء کے اسباب قطع نہ فرما، اور ہم سے مؤاخذہ نہ فرما ان امور پر جو سرزد ہوئے ہماری صبحوں اور شاموں میں

يَآ اِلٰهِيْ اِنْ طَرَدْتَنَا عَنْ بَابِكَ فَعَلٰى بَابِ مَنْ نَقِفُ وَاِنْ قَطَعْتَ

اے میرے خدا اگر تو نے ہمیں دھتکار دیا اپنے دروازے سے تو پس کون ہے جس کے در پر ہم ٹھہریں اور اگر تو قطع کرے

رَجَآئَنَا مِنْ جَنَابِكَ فَمَنْ نَرْتَجِيْهِ وَنَسْتَعْطِفُ كَيْفَ وَقَدْ اَطْمَعْتَ

ہماری رجاء و امید کو تو کون ہے جس سے امید رکھیں اور لطف و کرم کی بھیک مانگیں۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے حالانکہ تو نے امید دلائی ہے

كُلَّ شَقِيٍّ هَالِكٍ فَالْمُؤْمِنُوْنَ اَوْلٰى بِذٰلِكَ يَآ اِلٰهِيْ سَارَتِ السُّفُنُ

ہر بدبخت تباہ حال کو تو مومن زیادہ حقدار ہیں اس کے۔ اے میرے خدا چل پڑیں سب کی کشتیاں سوئے منزل

وَسَفِيْنَتِيْ وَقَفَتْ وَانْتَهَتِ النُّفُوْسُ وَنَفْسِيْ مَا انْتَهَتْ

اور میری کشتی کھڑی ہے اور باز آگئے تمام نفوس (اپنی خواہشات سے) اور میرا نفس باز نہیں آیا

اِلٰهِيْ اَسْئَلُكَ فَتْحًا لِلْاَبْوَابِ تَرْجِيْبًا بِالطُّلَّابِ اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ

اے میرے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بارگاہ و کرم کے دروازوں کے کھولنے کا سائلوں کو خوش آمدید کہنے کیلئے۔ اے اللہ دوری

بَيْنَنَا وَبَيْنَ الشِّرْكِ بُعْدًا لَيْسَ لَهٗ حَدٌّ وَاخْتِمْ لَنَا بِالْاِيْمَانِ وَ

پیدا فرما درمیان میرے اور درمیان شرک کے ایسی دوری کہ جس کی حد ہی نہیں اور ہمارا خاتمہ ایمان پر فرما اور

اَمْزِجْهُ بِالرُّوْحِ وَالْجَسَدِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّ فِيْ رِضَاكَ ضَعْفِيْ

ایمان کو ملا دے ہمارے روح اور جسم کے ساتھ۔ اے اللہ میں کمزور ہوں پس قوی فرما مجھے اپنی رضا کے ساتھ اور بنا دے

وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ مُنْتَهٰى رَغْبَتِيْ وَبَلِّغْنِيْ بِرَحْمَتِكَ الَّتِيْ اَرْجُوْ

اسلام کو میری رغبت کا منتہیٰ اور پہنچا مجھے طفیل اپنی رحمت کے جس کا میں امیدوار ہوں

رَحْمَتَكَ وَخُذْ اِلَى الْخَيْرِ بِنَاصِيَتِيْ وَاجْعَلْ لِيْ وُدًّا فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ

اپنی رحمت خاص تک۔ اور بھلائی کی طرف متوجہ کر میری پیشانی کو اور پیدا فرما میری محبت ایمان داروں کے سینوں

اٰمَنُوْا وَعَهْدًا عِنْدَكَ فِيْ قُلُوْبِ جَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ يَا وَدُوْدُ اَللّٰهُمَّ

میں اور تیرا عہد اپنے ہاں تمام مومنین کے قلوب میں اے ودود۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُعَلِّمِيْنَ وَالْمُتَعَلِّمِيْنَ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو سردار ہیں معلموں کے اور اللہ تعالیٰ سے تعلیم پانے والوں کے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْعَالِمُ وَاَنَا الْغَافِلُ فَمَنْ يَّدْعُو الْغَافِلُ اِلَّا الْعَالِمَ

اے اللہ تو ہی عالم ہے اور میں ہی غافل ہوں پس کس کو پکارے غافل سوائے عالم کے

يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْحَقُّ وَاَنَا الْبَاطِلُ فَمَنْ يَّدْعُو الْبَاطِلُ اِلَّا

اے میرے پروردگار۔ اے اللہ تو ہی حق اور دائم ہے اور میں زائل و فنا پذیر ہوں تو کس کو پکارے فانی سوائے

الْحَقَّ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْعَادِلُ وَاَنَا الْمَظْلُوْمُ فَمَنْ يَّدْعُو

باقی و دائم کے اے میرے رب۔ اے اللہ تو ہی عادل ہے اور میں مظلوم ہوں پس کس کو پکارے مظلوم

الْمَظْلُوْمُ اِلَّا الْعَادِلَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَعْبُوْدُ وَاَنَا الْعَابِدُ

سوائے عادل کے اے میرے رب۔ اے اللہ تو ہی معبود ہے اور میں عابد ہوں

فَمَنْ يَّدْعُو الْعَابِدُ اِلَّا الْمَعْبُوْدَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْقَآئِمُ وَاَنَا

پس کس کو پکارے عابد سوائے اپنے معبود کے اے میرے رب۔ اے اللہ تو ہی قائم و دائم ہے اور میں

الْمَعْدُوْمُ فَمَنْ يَّدْعُو الْمَعْدُوْمُ اِلَّا الْقَآئِمَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ

معدوم ہونے والا ہوں تو کس کو پکارے معدوم سوائے قائم کے اے میرے رب۔ اے اللہ

اَنْتَ الْقَاسِمُ وَاَنَا الْمَقْسُوْمُ فَمَنْ يَّدْعُو الْمَقْسُوْمُ اِلَّا الْقَاسِمَ يَا رَبِّ

تو ہی قاسم ہے اور میں قسمت و نصیب دیا جانے والا ہوں تو کس کو پکارے طالب قسمت سوائے قاسم کے اے میرے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الرَّبُّ وَاَنَا الْمَرْبُوْبُ فَمَنْ يَّدْعُو الْمَرْبُوْبُ اِلَّا الرَّبَّ يَا رَبِّ

رب۔ اے اللہ تو ہی پالنے والا ہے اور میں پرورش پانے والا ہوں تو کس کو پکارے پرورش پانے والا سوائے اپنے رب کے اے میرے رب

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْقَادِرُ وَاَنَا الْمَقْدُوْرُ فَمَنْ يَّدْعُو الْمَقْدُوْرُ اِلَّا الْقَادِرَ يَا رَبِّ

اے اللہ تو ہی قادر ہے اور میں تیرے تصرف میں ہوں تو کس کو پکارے ماتحت سوائے اپنے مالک قدرت کے اے میرے رب

امان دینا جس دن کے متعلق تو نے فرمایا ہم لپیٹیں گے آسمان کو مانند لپیٹے جانے کتابوں کے جلد بندی والے کے۔ اے میرے الٰہ الامان الامان
يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ
جس دن بدل دی جائے گی زمین دوسری زمین میں اور آسمان بھی اور ظاہر ہو جائیں سبھی اللہ واحد قہار کے سامنے
إِلٰهِيْ الْأَمَانَ الْأَمَانَ يَوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ وَيَقُوْلُ الْكَافِرُ
اے میرے الٰہ الامان، الامان جس دن دیکھے ہر آدمی جو اس نے آگے بھیجا اور کہے گا کافر اے
يَا لَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرَابًا إِلٰهِيْ الْأَمَانَ الْأَمَانَ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَلَا بَنُوْنَ
کاش میں مٹی ہو جاتا۔ اے میرے الٰہ الامان، الامان۔ جس دن نہ نفع دے گا مال اور نہ بیٹے کسی کو
إِلَّا مَنْ أَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ إِلٰهِيْ الْأَمَانَ الْأَمَانَ يَوْمَ يُنَادِيْ مُنَادٍ
مگر جو حاضر ہوا بارگاہ خداوندی میں ساتھ قلب سلیم کے۔ اے میرے الٰہ الامان، الامان جس دن ندا دے گا ندا دینے والا
مِنْ بُطْنَانِ الْعَرْشِ أَيْنَ الْعَاصُوْنَ وَأَيْنَ الْمُذْنِبُوْنَ وَأَيْنَ الْخَالِفُوْنَ
عرش کے نیچے سے کہاں ہیں گنہگار۔ کہاں ہیں ارباب ذنوب اور کہاں ہیں مخالفت کرنے والے
وَأَيْنَ الْخَاسِرُوْنَ هَلُمُّوْا إِلَى الْحِسَابِ أَنْتَ تَعْلَمُ سِرِّيْ وَعَلَانِيَتِيْ فَاقْبَلْ
اور کہاں ہیں خسارہ پانے والے آؤ طرف حساب کے۔ تو جانتا ہے میرے مخفی اور ظاہر حالات کو پس قبول فرما
مَعْذِرَتِيْ وَتَعْلَمُ حَاجَتِيْ فَأَعْطِنِيْ سُؤْلِيْ يَا إِلٰهِيْ آهِ مِنْ كَثْرَةِ الذُّنُوْبِ
میری معذرت اور تو جانتا ہے حاجت میری پس مجھے میرا مطلوب عطا فرما۔ اے میرے الٰہ افسوس ہے مجھے گناہوں کی کثرت کا
وَالْعِصْيَانِ آهِ مِنْ كَثْرَةِ الظُّلْمِ وَالْجَفَاءِ آهِ مِنَ النَّفْسِ الْمَطْرُوْدَةِ آهِ مِنَ
اور نافرمانیوں کا۔ آہ ظلم و جفا کی کثرت۔ افسوس ہے دھتکارے ہوئے نفس پر۔ افسوس!
النَّفْسِ الْمَطْبُوْعَةِ لِلْهَوٰى آهِ مِنَ الْهَوٰى أَغِثْنِيْ يَا مُغِيْثُ عِنْدَ تَغَيُّرِ
نفس پر جو خواہشات فاسدہ پر پیدا کیا گیا۔ افسوس ہے خواہشات نفس پر۔ میری فریاد رسی فرما اے فریادرس وقت میری
حَالِيْ إِلٰهِيْ أَنَا عَبْدُكَ الْمُذْنِبُ الْمُجْرِمُ الْمُخْطِئُ أَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ
حالت کے تغیر و تبدل کے۔ اے میرے الٰہ! میں گنہگار بندہ، مجرم پیشہ اور خطاکار ہوں۔ مجھے آتش دوزخ سے پناہ دے اے پناہ دینے والے

يَا مُجِيرُ يَا مُجِيرُ اِرْحَمْنِي بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

اے پناہ دینے والے۔ اے پناہ دینے والے مجھ پر رحم فرما طفیل اپنی رحمت کے۔ اے ارحم الراحمین ہے۔

اَلَمْ تَسْمَعْ بِفَضْلِكَ يَا مُنَائِيْ

کیا نہیں سنی تو نے اپنے فضل سے اے میرے مقصود

دُعَاءً مِّنْ ضَعِيْفٍ مُبْتَلَاءٍ

دعا اس شخص کی جو ناتواں اور مصیبت زدہ ہے

غَرِيْقٌ فِيْ بُحُوْرِ الْغَمِّ حُزْنًا   اَسِيْرٌ بِالذُّنُوْبِ وَبِالْخَطَاءِ

غرق ہے غم کے سمندروں میں حزن و ملال کی وجہ سے   قیدی ہے اپنے گناہوں اور خطاؤں کی وجہ سے

اُنَادِيْ بِالتَّضَرُّعِ كُلَّ يَوْمٍ   مُجِدٌّ بِالتَّبَتُّلِ وَالدُّعَاءِ

میں پکارتا ہوں ساتھ زاری کے ہر دن اور آخر کار   سخت جدوجہد کرنے والا ہوں لوگوں سے انقطاع اور دعا میں

لَقَدْ ضَاقَتْ عَلَيَّ الْاَرْضُ طُرًّا   وَاَهْلُ الْاَرْضِ مَا عَرَفُوْا دَوَائِيْ

البتہ تحقیق تنگ ہو گئی ہے مجھ پر زمین تمام تر   اور اہل زمین نے نہیں جانا میری دوا کو

فَخُذْ بِيَدِيْ فَاِنِّيْ مُسْتَجِيْرٌ   بِعَفْوِكَ يَا عَظِيْمُ وَيَا رَجَائِيْ

تو تو میری دستگیری فرما کیونکہ میں طالب پناہ و امان ہوں   ساتھ تیرے عفو کے اے عظیم اے میری امید

اَتَيْتُكَ بَاكِيًا فَارْحَمْ بُكَائِيْ   حَيَائِيْ مِنْكَ اَكْثَرُ مِنْ خَطَائِيْ

میں آیا ہوں تیری بارگاہ میں روتے ہوئے پس رحم فرما میرے رونے پر   میری شرمندگی تجھ سے زیادہ ہے نسبت میری خطاؤں کے

فَاَبْكِيْ حَسْرَةً دَمْعِيْ وَاَبْكِيْ   اِذَا الْحِيْقَ مِنْ دَمْعِيْ دَوَائِيْ

پس میں بہاتا ہوں حسرت سے اپنے آنسو اور روتا ہوں   جبکہ نہیں آئی ہے میرے آنسوؤں میں میری دوا

جَزَائِيْ اَنْ تُعَذِّبَنِيْ وَلٰكِنْ   اَعُوْذُ بِحُسْنِ عَفْوِكَ مِنْ جَزَائِيْ

میری جزا تو یہی ہے کہ تو مجھے عذاب دے لیکن   میں پناہ طلب کرتا ہوں تیرے حسن عفو کے ساتھ اپنی اس جزا و سزا سے

وَلِيْ هَمٌّ وَاَنْتَ لِكَشْفِ هَمِّيْ   وَلِيْ دَاءٌ وَاَنْتَ دَوَاءُ دَائِيْ!

میں اندوہ ناک ہوں اور تو ہی میرے اندوہ کو دور کرنے والا ہے   میں بیمار ہوں اور تو ہی میری بیماری کی دوا ہے

وَاَيْقَظَنَا الرَّجَاءُ فَقُلْتُ اِلَّا   رَجَائِيْ اَنْ تُحَقِّقَ لِيْ رَجَائِيْ

اور بیدار کیا ہمیں امید و رجا نے تو میں نے کہا   میری امید صرف یہی ہے کہ تو پوری کر دے میری امید

تَفَضَّلْ سَيِّدِيْ بِالْعَفْوِ عَنِّيْ   فَاِنِّيْ مِنْ بَلَاءٍ فِيْ بَلَائِيْ

مہربانی فرما اے میرے سردار مجھ سے درگزر کر کے   کیونکہ میں آفات میں مبتلا ہوں

خُذْ بِلُطْفِكَ يَا اِلٰهِيْ مَنْ لَهُ زَادٌ قَلِيْلٌ   مُفْلِسًا بِالصِّدْقِ يَاْتِيْ عِنْدَ بَابِكَ يَا جَلِيْلُ

اپنے لطف سے دستگیری فرما اے اللہ سفر کا زاد کم رکھنے والے شخص کی   جبکہ وہ حالت افلاس میں صدق دل سے تیرے در پر حاضر ہوا ہے اے جلیل

ذَنْبُهُ ذَنْبٌ عَظِيْمٌ فَاغْفِرِ الذَّنْبَ الْعَظِيْمَ   اِنَّهُ شَخْصٌ غَرِيْبٌ مُذْنِبٌ عَبْدٌ ذَلِيْلٌ

اس کا گناہ عظیم گناہ ہے پس اس عظیم گناہ کو بخش دے   وہ تیرا بندہ غریب ہے اور گناہگار اور ذلیل عبد ہے

مِنْهُ عِصْيَانٌ وَّنِسْيَانٌ وَّسَهْوٌ بَعْدَ سَهْوٍ   مِنْكَ اِحْسَانٌ وَّفَضْلٌ بَعْدَ اِعْطَاءٍ جَزِيْلٍ

اس کی طرف سے نافرمانی اور بھول چوک اور سہو پر سہو ہے   تیری طرف سے احسان و فضل ہے بعد عظیم عطا کے

نَالَ يَا رَبِّ ذُنُوْبِيْ مِثْلَ رَمْلٍ لَمْ تُعَدَّ   فَاعْفُ عَنِّيْ كُلَّ ذَنْبٍ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ

اے میرے رب میرے گناہ ریت کے ذرات کی مانند گنتی و شمار سے باہر ہیں   پس درگزر فرما میرے ہر گناہ سے اور معاف فرما بہترین معافی

كَيْفَ حَالِيْ يَا اِلٰهِيْ لَيْسَ لِيْ خَيْرُ الْعَمَلِ   سُوْءُ اَعْمَالِيْ كَثِيْرٌ زَادُ طَاعَاتِيْ قَلِيْلٌ

کیا ہے حال میرا اے میرے اللہ نہیں ہے میرا کوئی بہتر عمل   میرے برے اعمال زیادہ ہیں اور طاعات والا زاد راہ کم ہے

عَافِنِيْ مِنْ كُلِّ دَاءٍ وَّاقْضِ عَنِّيْ حَاجَتِيْ   اِنَّ لِيْ قَلْبًا سَقِيْمًا اَنْتَ مَنْ يَّشْفِي الْعَلِيْلَ

مجھے ہر بیماری سے عافیت دے اور پورا کر میری حاجت کو   بیشک میرا دل بیمار ہے اور تو ہی شفا دیتا ہے بیماروں کو

اَنْتَ شَافِيْ اَنْتَ كَافِيْ فِيْ مُهِمَّاتِ الْاُمُوْرِ   اَنْتَ رَبِّيْ اَنْتَ حَسْبِيْ اَنْتَ لِيْ نِعْمَ الْوَكِيْلُ

تو ہی شفا بخش ہے اور تو ہی کفایت کرنے والا ہے مشکل امور میں   تو میرا پروردگار ہے تو ہی مجھے کافی ہے اور تو ہی بہترین کارساز ہے

رَبِّ هَبْ لِيْ كَنْزَ فَضْلٍ اَنْتَ وَهَّابٌ كَرِيْمٌ   اَعْطِنِيْ مَا فِيْ ضَمِيْرِيْ دُلَّنِيْ خَيْرَ الدَّلِيْلِ

اے میرے رب مجھے عطا فرما فضل و کرم کا خزانہ تو بہت بخشنے والا کریم ہے   عطا کر مجھے جو میرے دل میں ہے اور بہترین دلیل کی طرف رہنمائی فرما

هَبْ لَنَا مُلْكًا كَبِيْرًا نَجِّنَا مِمَّا نَخَافُ رَبَّنَا   اِذْ اَنْتَ قَاضٍ وَالْمُنَادِيْ جِبْرَئِيْلُ

عطا فرما ہمیں بہت بڑا ملک اور نجات دے ہمیں اس سے جس کا ہمیں خوف ہے اے رب ہمارے   جبکہ تو فیصلے فرمانے والا ہوگا اور جبرئیل منادی کرنے والے

أَيْنَ مُوْسٰى أَيْنَ عِيْسٰى أَيْنَ يَحْيٰى أَيْنَ نُوْحٌ أَنْتَ يَا صِدِّيْقُ الْبِرِّ تُبْ إِلَى الْمَوْلَى الْجَلِيْلِ

کہاں ہیں موسیٰ کہاں ہیں عیسیٰ کہاں ہیں یحییٰ کہاں ہیں نوح تو اے صدیق اکبر رجوع کر طرف مولائے جلیل کے

قُلْ لِنَارٍ اُبْرُدِيْ يَا رَبِّ فِيْ حَقِّيْ كَمَا

آتش دوزخ کو فرما اے میرے رب کہ ٹھنڈی ہو جائے میرے حق میں جیسے کہ

قُلْتَ قُلْنَا يَا نَارُ كُوْنِيْ أَنْتَ فِيْ حَقِّ الْخَلِيْلِ

فرمایا آپ نے کہا ہم نے ہو جا تو اے آگ خلیل کے حق میں ٹھنڈی اور سلامتی ۔

بِاسْمِ اللّٰهِ كَلِمَةِ الْمُعْتَصِمِيْنَ وَمَقَالَةِ الْمُتَحَرِّزِيْنَ وَأَعُوْذُ بِاللّٰهِ تَعَالٰى

بطفیل نام اقدس اللہ کے جو کلمہ ہے چنگل مارنے والوں کا اور قول ہے پناہ و حفاظت حاصل کرنے والوں کا اور میں اللہ کی پناہ طلب کرتا ہوں

مِنْ جَوْرِ الْجَآئِرِيْنَ وَكَيْدِ الْحَاسِدِيْنَ وَبَغْيِ الظَّالِمِيْنَ وَأَحْمَدُهٗ فَوْقَ

ظالموں کے جور سے اور حاسدوں کے مکر سے اور اہل ظلم کی تعدی سے اور میں اس کی حمد کرتا ہوں سب

حَمْدِ الْحَامِدِيْنَ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْوَاحِدُ بِلَا شَرِيْكٍ وَّأَنْتَ الْمَلِكُ

حامدین کی حمد سے زیادہ ۔ اے اللہ تو یکتا ہے بغیر کسی شریک کے ہے ۔ اور تو ہی ایسا بادشاہ ہے

بِلَا تَمْلِيْكٍ لَا تُضَادُّ فِيْ حُكْمِكَ وَلَا تُنَازَعُ فِيْ مُلْكِكَ أَسْأَلُكَ أَنْ

بغیر کسی کے بادشاہ بنائے نہیں مخالفت کیا جاتا اپنے حکم میں اور نہ تنازع کیا جاتا ہے تو اپنے ملک میں ۔ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ

تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَأَنْ تُوْزِعَنِيْ مِنْ شُكْرِ

درود بھیجے اپنے عبد خاص اور رسول برحق محمد پر اور توفیق دے مجھے اپنی نعمتوں کے

نَعْمَآئِكَ مَا تَبْلُغُ فِيْ غَايَةِ رِضَاكَ وَأَنْ تُعِيْنَنِيْ عَلٰى طَاعَتِكَ

شکر کی جو پہنچے تیری حد رضا تک اور میری اعانت فرمائے اپنی طاعت پر

وَلُزُوْمِ عِبَادَتِكَ وَاسْتِحْقَاقِ مَثُوْبَتِكَ بِلُطْفِ عِنَايَتِكَ

اور عبادات کی مداومت پر اور ثواب و جزاء کے استحقاق پر ساتھ اپنے لطف و عنایت کے

وَتَرْحَمَنِيْ وَتَصُدَّنِيْ عَنْ مَعَاصِيْكَ مَا أَحْيَيْتَنِيْ وَتُوَفِّقَنِيْ

اور مجھ پر رحم کرے اور روکے مجھے نافرمانیوں سے جب تک زندہ رکھے اور مجھے توفیق دے

لِمَا يَنْفَعُنِيْ مَا أَبْقَيْتَنِيْ وَأَنْ تَشْرَحَ بِكِتَابِكَ صَدْرِيْ وَتَحُطَّ بِتِلَاوَتِهٖ

نفع دینے والے امور کی جب تک مجھے باقی رکھے اور کھول دے اپنی کتاب کے ذریعے میرا سینہ اور گرا دے اس کی تلاوت کے ذریعے

وِزْرِيْ وَتَمْنَحَنِي السَّلَامَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَنَفْسِيْ وَلَا تُوْحِشْ بِيْ أَهْلَ

میرے بار گناہ کو اور عطا کرے مجھے سلامتی دین میں اور اپنی ذات میں اور نہ وحشت میں ڈالے میری وجہ سے میرے ساتھ

أُنْسِيْ وَتُتِمَّ إِحْسَانَكَ فِيْمَا بَقِيَ مِنْ عُمْرِيْ كَمَا أَحْسَنْتَ فِيْمَا

انس رکھنے والوں کو اور پورا کرے اپنے احسان کو میری بقیہ عمر میں جیسے کہ تو نے احسان فرمایا میری

مَضٰى مِنْهُ يَا أَحْسَنَ الْأَحْسَنِيْنَ اَللّٰهُمَّ زِدْ نُوْرَنَا وَزِدْ سُرُوْرَنَا وَ

گزری عمر میں اے سب محسنوں سے زیادہ احسان کرنے والے ۔ اے اللہ زیادہ فرما ہمارے نور کو زیادہ فرما ہمارے سرور کو اور

زِدْ حُضُوْرَنَا وَزِدْ مَعْرِفَتَنَا وَزِدْ طَاعَتَنَا وَزِدْ نِعْمَتَنَا وَزِدْ مَحَبَّتَنَا

زیادہ فرما ہمارے حضور قلب کو اور زیادہ فرما ہماری معرفت کو اور زیادہ فرما ہماری طاعت کو اور زائد فرما ہماری نعمتوں کو اور زائد فرما ہماری

وَزِدْ عِشْقَنَا وَزِدْ ذَوْقَنَا وَزِدْ شَوْقَنَا وَزِدْ عِلْمَنَا وَزِدْ عَمَلَنَا يَا

محبت اور زائد فرما ہمارا عشق اور زائد فرما ہمارا ذوق اور زائد فرما ہمارا شوق زائد فرما ہمارا علم زائد فرما ہمارا عمل خیر اے

مَوْلَانَا بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلِأَسَاتِذَتِنَا

ہمارے مولا اپنی رحمت خاصہ کے ساتھ اے ارحم الراحمین ۔ اے اللہ ہمیں بخش اور ہمارے اساتذہ کو

وَلِوَالِدِيْنَا وَلِمَشَآئِخِنَا وَلِأَصْحَابِنَا وَلِأَحْبَابِنَا وَلِعَشَآئِرِنَا

والدین اور مشائخ کو اور ہمارے اصحاب اور محبوں اور احباب کو اور ہماری قریبی برادری کو

وَلِقَبَآئِلِنَا وَلِمَنْ لَّهٗ حَقٌّ عَلَيْنَا وَلِجَمِيْعِ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ

اور اہل قبیلہ کو اور جس کا بھی کسی طرح کا حق ہے ہم پر اور تمام امت محمد علیہ الصلوٰۃ

وَالسَّلَامُ وَقِنَا رَبَّنَا شَرَّ مَا قَضَيْتَ وَقِنَا عَذَابَ الْقَبْرِ وَعَذَابَ الْحَشْرِ

والسلام کو بخش اور بچا ہمیں اے ہمارے پروردگار اپنی قضا کے شر سے اور بچا ہمیں قبر کے عذاب اور حشر

وَالنَّشْرِ وَاحْشُرْنَا مَعَ الْمُتَّقِيْنَ وَالْأَبْرَارِ اَللّٰهُمَّ اشْفِنِيْ وَقَوِّنِيْ وَ

و نشر کے عذاب سے اور ہمارا حشر متقین و محسنین کے ساتھ فرما ۔ اے اللہ مجھے شفا عطا فرما اور قوت عطا فرما اور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مجموعہ صلوات الرسول ﷺ

فی حلیہ و حلیہ ﷺ

حضرت خواجہ خواجگان خواجہ محمد عبد الرحمن صاحب

اجْعَلْنِیْ طَوِیْلَ الْعُمْرِ فِیْمَا تُحِبُّهٗ وَیُحِبُّهٗ وَتَرْضَاهُ وَیَرْضَاهُ

مجھے طویل زندگانی والا بنا ان اطاعات و اعمال میں جنہیں تو پسند فرماتا ہے اور تیرا محبوب پسند فرماتا ہے جن پر تو راضی ہوتا ہے اور وہ راضی

اٰمِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّظْهَرِ حَقِّ الْحَقِّ وَنُقْطَةِ

ہوتے ہیں آمین۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جو مظہر ہیں حق خاص کے اور مرکزی نقطہ ہیں وجود خلق کے

دَآئِرَةِ اِسْتِمْدَادِ وُجُوْدِ الْخَلْقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

دائرہ استمداد کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر

مَّنْ نَّبَعَتْ فِیْهِ وَمِنْهُ اَسْرَارُ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کہ جن محبوب میں پھوٹے اور جن سے پھوٹے اسرار الٰہیہ لا الٰہ الا ہو۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّصْدَرِ الْهُوْ فِی الْهُوْ لِلْهُوْ مِنَ الْهُوْ

نازل فرما سیدنا محمد پر جو جائے صدور و ظہور ہیں ... اسی کی ذات میں ہے ... اسی کی طرف سے ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ یَا هُوَ یَا مَنْ هُوَ یَا مَنْ لَّیْسَ اِلَّا هُوَ یَا مَنْ

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے ذات بحت۔ اے ذات مطلق۔ ایک نہیں مگر وہی ذات ایک

لَا یُنَادٰی بِهُوْ اِلَّا هُوَ یَا مَنْ لَّا یُعْرَفُ بِهُوْ اِلَّا هُوَ یَا مَنْ

نہیں ندا کیا جا سکتا ساتھ ہو کے مگر وہی۔ ایک نہیں معروف ساتھ ہو کے مگر وہی ایک

هُوَ یَا هُوَ یَا هُوَ یَا هُوَ هُوَ هُوَ هُوَ

وہی ذات بحت ہے یا ہو یا ہو یا ہو۔ ہو۔ ہو۔ ہو۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ

فرما دیجئے وہ اللہ یکتا ہے۔ اللہ بے نیاز ہے نہ

یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ

اس نے جنم دیا اور نہ وہ جنا گیا اور نہیں اس کے لیے

كُفُوًا اَحَدٌ

کوئی ہم پلہ اور مماثل و مشابہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِحِلْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِعِلْمِ بِسْمِ
اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے علم و بردباری کے طفیل اور بسم اللہ

اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِعَلَمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
الرحمٰن الرحیم کے علم کے طفیل اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے علم اور پرچم کے طفیل سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ
جو سب جہانوں کا رب ہے۔ رحمت میں بے نہایت بڑھا ہوا ہے جیسے مہربان ہے۔ قیامت کے دن کا مالک ہے۔ اے ان صفات کمال والے تیری

وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ
ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے توفیق طلب کرتے ہیں۔ ہمیں راہ راست پر چلا۔ ان لوگوں کی راہ پر کہ جن پر تو نے انعام

عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّ
فرمایا ہے نہ ان کی جن پر غضب کیا گیا ہے اور نہ راہ راست سے بھٹکے ہوئے لوگوں کی۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے بے شک

اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا اَللّٰهُمَّ
اللہ تعالیٰ البتہ والی علم اور حلم والا ہے اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے بیشک وہ ہمیشہ سے صاحب حلم اور صاحب مغفرت ہے۔ اے

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِیْ فِيْهِ حِلْمٌ عَظِيْمٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى
اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن میں عظیم حلم اور بردباری ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِیْ قَالَ اَتٰكُمْ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ وَمَا يُرٰى اَحَدٌ
سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا تمہارے پاس قبیلہ عبد القیس کا وفد آچکا حالانکہ ان میں سے ابھی کوئی شخص دکھائی نہیں دیتا

فَبَيْنَمَا نَحْنُ كَذٰلِكَ اِذْ جَآءُوْا فَنَزَلُوْا فَاَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
تھا۔ تو ابھی ہم اسی دوران کہ ہم ابھی بارگاہ رسالت پناہ میں حاضر تھے کہ وہ پہنچ گئے اور اپنی سواریوں سے اترے اور آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَقِیَ الْاَشَجُّ الْعَصَرِیُّ فَجَآءَ بَعْدُ فَنَزَلَ مَنْزِلًا فَاَنَاخَ
صلی اللہ علیہ وسلم صرف اشج عصری ابھی باقی رہ گیا تھا وہ بھی ان کے بعد پہنچ گیا پس وہ اپنی قیام گاہ پر اترا۔

رَاحِلَتَهُ وَوَضَعَ ثِيَابَهُ جَانِبًا ثُمَّ جَآءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
سواری کو بٹھایا اور اپنے مستعمل کپڑوں کو ایک طرف رکھ کر اس کے بعد اپنے اچھے کپڑے پہنے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَآ اَشَجُّ اِنَّ فِيْكَ
کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا۔ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے اشج تیرے اندر
لَخَصْلَتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللّٰهُ الْحِلْمُ وَالتُّؤَدَةُ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَشَيْءٌ
دو خصلتیں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ محبوب رکھتا ہے۔ بردباری اور آہستگی اور وقار انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ کیا یہ ایسی شئی ہے
جُبِلْتُ عَلَيْهِ اَمْ شَيْءٌ حَدَثَ لِيْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
جس پر میں پیدا کیا گیا ہوں یا بعد میں میرے اندر طاری ہو گئی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وَسَلَّمَ بَلْ شَيْءٌ جُبِلْتَ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ
وسلم نے فرمایا بلکہ وہ ایسی شئی ہے کہ تو اس پر پیدا کیا گیا ہے یعنی وہ تیرے خمیر میں داخل ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے
قَالَ مَنْ كَظَمَ غَيْظًا وَّهُوَ قَادِرٌ عَلٰى اَنْ يُّنَفِّذَهٗ دَعَاهُ اللّٰهُ عَلٰى رُءُوْسِ
فرمایا جس شخص نے غصے کو پی لیا حالانکہ وہ اسے نافذ کرنے پر قادر تھا، اللہ تعالیٰ اس کو بلائے گا تمام
الْخَلَآئِقِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حَتّٰى يُخَيِّرَهٗ فِيْ اَيِّ حُوْرٍ شَآءَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
مخلوقات کے سامنے قیامت کے دن یہاں تک کہ اس کو اختیار دے گا کہ حوروں میں سے جو چاہے اختیار کرے۔ اے اللہ صلوٰۃ
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ مَا مِنْ جُرْعَةٍ اَعْظَمُ اَجْرًا عِنْدَ اللّٰهِ
نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا، نہیں کوئی گھونٹ عظیم تر اجر والا اللہ تعالیٰ کے ہاں غصہ کے گھونٹ سے جسے بندہ
مِنْ جُرْعَةِ غَيْظٍ كَظَمَهَا عَبْدٌ اِبْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى
پی جائے محض اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ مَا كَانَ الْفُحْشُ فِيْ شَيْءٍ قَطُّ اِلَّا شَانَهٗ
سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا نہیں ہوتا فحش کسی شئی میں مگر اس کو عیب ناک کر دیتا ہے
وَلَا كَانَ الْحَيَآءُ فِيْ شَيْءٍ قَطُّ اِلَّا زَانَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
اور نہیں ہوتا حیا کسی شئی میں کبھی مگر اس کو مزین اور آراستہ کر دیتا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ الْحَيَآءُ مِنَ الْاِيْمَانِ وَالْاِيْمَانُ فِي الْجَنَّةِ وَالْبَذَآءُ
محمد پر جنہوں نے فرمایا کہ حیا ایمان کا عظیم شعبہ ہے اور ایمان جنت میں ہے اور بے حیائی
مِنَ الْجَفَآءِ وَالْجَفَآءُ فِي النَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ
جفاکاری کا بہت بڑا شعبہ ہے اور جفاکاری آتش دوزخ میں ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے
قَالَ اِنَّ مِمَّآ اَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ الْاُوْلٰى اِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ
فرمایا بیشک جو پایا لوگوں نے پہلی نبوتوں کے کلام سے انہی سے یہ بھی ہے۔ جب تجھے حیاء و شرم نہ ہو
فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ
تو کر جو چاہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا
لِلْاَشَجِّ الْعَصَرِيِّ اِنَّ فِيْكَ خَصْلَتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللّٰهُ الْحِلْمُ وَالْحَيَآءُ
اشج عصری کو بے شک تجھ میں دو ایسی خصلتیں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے۔ بردباری اور شرم و حیا
وَاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَهُوَ
اور تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ہوا ایک انصاری شخص پر جبکہ وہ
يَعِظُ اَخَاهُ فِي الْحَيَآءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْهُ
اپنے بھائی کو نصیحت کر رہا تھا حیاء کے متعلق تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو چھوڑ دو
فَاِنَّ الْحَيَآءَ مِنَ الْاِيْمَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ
کیونکہ حیاء ایمان کا عظیم شعبہ ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا
اَلْمُؤْمِنُ غِرٌّ كَرِيْمٌ وَّالْفَاجِرُ خَبٌّ لَئِيْمٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
کہ مومن سادہ لوح اور صاحب کرم ہے اور فاجر دھوکہ باز منافق اور کمینہ ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر
الَّذِيْ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِمَنْ يَّحْرُمُ عَلَى النَّارِ وَبِمَنْ تَحْرُمُ النَّارُ عَلَيْهِ
جنہوں نے فرمایا کیا میں تمہیں خبر دوں اس شخص کی جو آگ پر حرام کیا گیا ہے اور جس پر آتش دوزخ حرام کی گئی ہے
عَلٰى كُلِّ هَيِّنٍ لَيِّنٍ قَرِيْبٍ سَهْلٍ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ
اور وہ ہر ایک مومن شخص ہے جو نہایت نرم و نرم خو، لوگوں سے قریب اور نرمی برتنے والا ہے اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو

يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ

رفق اور نرم مزاجی سے محروم کیا گیا وہ بہت بڑی خیر سے محروم کیا گیا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا۔

اَلتُّؤَدَةُ فِىْ كُلِّ شَىْءٍ خَيْرٌ اِلَّا فِىْ عَمَلِ الْاٰخِرَةِ وَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ

کہ آہستگی بہتر ہے ہر چیز میں مگر عمل آخرت میں۔ اور فرمایا نبی اللہ صلی اللہ علیہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَنَاةُ مِنَ اللّٰهِ وَالْعَجَلَةُ مِنَ الشَّيْطٰنِ وَرُوِىَ عَنْ

وسلم نے آہستگی اور وقار اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور جلد بازی شیطان کی طرف سے ہے۔ اور حضرت

عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى

سے سوال کیا اللہ سبحانہ کے اس قول کے متعلق انہیں کے لیے بشارت ہے دنیوی زندگی میں اور

الْاٰخِرَةِ قَالَ هِىَ الرُّؤْيَةُ الصَّالِحَةُ يَرَاهَا الْمُسْلِمُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

آخرت میں تو آپ نے فرمایا یہ بشارت اچھے خواب ہیں جنہیں مرد مسلم دیکھتا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ يَقُوْلُ ذَهَبَتِ النُّبُوَّةُ وَبَقِيَتِ الْمُبَشِّرَاتُ

محمد کریم پر جو فرماتے ہیں نبوت ختم ہو گئی اور صرف مبشرات اور سچے خواب باقی رہ گئے ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ الرُّؤْيَا الْحَسَنَةُ مِنَ

اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا نیک مرد کا اچھا خواب

الرَّجُلِ الصَّالِحِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ قَالَ

نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے ایک جزء ہے فرمایا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مومن کا خواب ایک جزء ہے نبوت کے چھیالیس

مِنَ النُّبُوَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ الرُّؤْيَا

اجزاء میں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا سچا خواب

الصَّالِحَةُ جُزْءٌ مِّنْ سَبْعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

نبوت کے ستر اجزاء میں سے ایک جزء ہے۔ اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ لَمْ يَبْقَ مِنَ النُّبُوَّةِ اِلَّا الْمُبَشِّرَاتُ قَالُوْا وَمَا

محمد پر جنہوں نے فرمایا کہ نہیں باقی رہیں نبوت میں سے مگر مبشرات صحابہ کرام نے عرض کیا وہ

الْمُبَشِّرَاتُ قَالَ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ يَرَاهَا الرَّجُلُ الْمُسْلِمُ اَوْ تُرٰى

مبشرات کیا ہیں تو آپ نے فرمایا وہ سچا خواب جسے مرد مسلم دیکھتا ہے یا اس کے لیے دکھایا جاتا ہے

لَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ اِذَا اقْتَرَبَ الزَّمَانُ

اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا کہ جب قریب ہو گا زمانہ قیامت کا

لَمْ يَكَدْ يَكْذِبُ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ وَرُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّ

نہیں قریب کہ جھوٹا ہو مومن کا خواب اور مومن کا خواب ایک جزء ہے نبوت کے چھیالیس

اَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ وَمَا كَانَ مِنَ النُّبُوَّةِ فَاِنَّهٗ لَا يَكْذِبُ

اجزاء میں سے اور جو نبوت کے اثرات و برکات سے ہو گا وہ یقیناً جھوٹا نہیں ہو گا

وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ وَاَنَا اَقُوْلُ الرُّؤْيَا ثَلٰثٌ حَدِيْثُ النَّفْسِ

اور فرمایا محمد بن سیرین نے اور میں کہتا ہوں کہ خواب تین قسم کے ہیں حدیث نفس

وَتَخْوِيْفُ الشَّيْطَانِ وَبُشْرٰى مِنَ اللّٰهِ فَمَنْ رَاٰى شَيْئًا يَكْرَهُهٗ

اور شیطانی ڈراوا اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت تو جو شخص دیکھے ایسی چیز جسے وہ ناپسند رکھتا ہے

فَلَا يَقُصَّ عَلٰى اَحَدٍ وَلْيَقُمْ فَلْيُصَلِّ قَالَ وَكَانَ يَكْرَهُ الْغُلَّ فِى

تو وہ اسے کسی کے سامنے بیان نہ کرے اور اٹھ کھڑا ہو پس نماز پڑھے اور فرمایا کہ وہ خواب میں طوق پہنائے جانے کو ناپسند کرتے

النَّوْمِ وَيُعْجِبُهُمُ الْقَيْدُ وَيُقَالُ الْقَيْدُ ثَبَاتٌ فِى الدِّيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

تھے اور بیڑیاں پہنائے جانا انہیں بھلا معلوم ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ بیڑیاں پہنایا جانا دین پر ثابت قدمی کی علامت ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ رَاَيْتُ ذَاتَ لَيْلَةٍ فِيْمَا يَرَى النَّائِمُ

فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا میں نے ایک رات دیکھا خواب میں جیسے کہ سونے والا خواب دیکھتے ہیں

كُنَّا فِي دَارِ عُقْبَةَ بْنِ رَافِعٍ فَأُتِينَا بِرُطَبٍ مِنْ رُطَبِ ابْنِ طَابٍ

ہم لوگ عقبہ بن رافع کے مکان میں تھے تو ہمارے پاس ابن طاب کے باغ والی تازہ کھجوریں لائی گئیں

فَأَوَّلْتُ أَنَّ الرِّفْعَةَ لَنَا فِي الدُّنْيَا وَالْعَاقِبَةَ فِي الْآخِرَةِ وَأَنَّ دِينَنَا

تو میں نے اس کی تعبیر کی کہ دنیا میں برتری ہمارے ہی لیے ہے اور حسن عاقبت آخرت میں اور ہمارا دین

قَدْ طَابَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي قَالَ رَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ

طیب و پاکیزہ ہو گیا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا کہ میں نے خواب میں دیکھا

أَنِّي أُهَاجِرُ مِنْ مَكَّةَ إِلٰى أَرْضٍ بِهَا نَخْلٌ فَذَهَبَ وَهَلِي إِلٰى أَنَّهَا

کہ میں ہجرت کر رہا ہوں مکہ مکرمہ سے اس زمین کی طرف جس میں بکثرت کھجوریں ہیں تو میرا وہم اس طرف گیا کہ وہ ہجرت

الْيَمَامَةُ أَوْ هَجَرُ فَإِذَا هِيَ الْمَدِينَةُ يَثْرِبُ وَرَأَيْتُ فِي رُؤْيَايَ أَنِّي

یمامہ یا ہجر ہے تو واقعہ میں وہ مدینہ یثرب تھا اور میں نے خواب میں دیکھا کہ میں نے

هَزَزْتُ سَيْفًا فَانْقَطَعَ صَدْرُهُ فَإِذَا هُوَ مَا أُصِيبَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ

تلوار کو ہلایا تو اس کا اگلا حصہ ٹوٹ گیا تو اس کی تعبیر تھی وہ مصیبت جو مومنین کو

يَوْمَ أُحُدٍ ثُمَّ هَزَزْتُهُ أُخْرٰى فَعَادَ أَحْسَنَ مَا كَانَ فَإِذَا هُوَ مَا جَاءَ

احد کے دن پہنچی۔ پھر میں نے خواب میں ہی اس کو دوبارہ جھٹکا دیا تو وہ پہلے سے بھی اچھی حالت میں ہو گئی تو اس کی

اللّٰهُ بِهِ مِنَ الْفَتْحِ وَاجْتِمَاعِ الْمُؤْمِنِينَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

تعبیر وہ فتح اور وہ باہمی الفت تھی جو اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائی مومنین کو۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الَّذِي قَالَ بَيْنَمَا أَنَا نَائِمٌ أُتِيتُ بِخَزَائِنِ الْأَرْضِ فَوُضِعَ فِي كَفِّي

جنہوں نے فرمایا اس دوران کہ میں سویا ہوا تھا مجھے دیئے گئے زمین کے تمام خزانے اور رکھے گئے میری ہتھیلی میں

سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ فَكَبُرَا عَلَيَّ فَأُوحِيَ إِلَيَّ أَنِ انْفُخْهُمَا فَنَفَخْتُهُمَا

سونے کے دو کنگن تو وہ دونوں مجھ پر گراں گزرے پس مجھے وحی کی گئی کہ انہیں پھونک مارو میں نے پھونک مارا

فَذَهَبَا فَأَوَّلْتُهُمَا الْكَذَّابَيْنِ اللَّذَيْنِ أَنَا بَيْنَهُمَا صَاحِبَ صَنْعَاءَ وَ

تو وہ اڑ گئے میں نے اس کی تعبیر کی یہ دو جھوٹے مدعیان نبوت ہیں جن کے درمیان میں موجود ہوں ایک صاحب صنعاء اور

صَاحِبَ الْيَمَامَةِ وَفِي رِوَايَةٍ يُقَالُ أَحَدُهُمَا مُسَيْلِمَةُ صَاحِبُ الْيَمَامَةِ

دوسرا صاحب یمامہ اور ایک روایت میں ہے کہ ان میں سے ایک کو مسیلمہ صاحب یمامہ کہا جاتا ہے

وَالْعَنْسِيُّ صَاحِبُ الصَّنْعَاءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي قَالَ

اور دوسرا اسود عنسی صاحب صنعاء ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا

أَعْنِي لِأَصْحَابِهِ هَلْ رَأٰى مِنْكُمْ أَحَدٌ رُؤْيَا قُلْنَا لَا قَالَ لٰكِنِّي رَأَيْتُ

یعنی اپنے صحابہ کرام کو کیا تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے انہوں نے عرض کیا نہیں آپ نے فرمایا لیکن میں نے

اللَّيْلَةَ رَجُلَيْنِ أَتَيَانِي فَأَخَذَا بِيَدَيَّ فَأَخْرَجَانِي إِلٰى أَرْضٍ مُقَدَّسَةٍ

آج رات خواب میں دیکھا کہ دو آدمی میرے پاس آئے پس انہوں نے میرے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیے اور مجھے پاکیزہ زمین

فَإِذَا رَجُلٌ جَالِسٌ وَرَجُلٌ قَائِمٌ بِيَدِهِ كَلُّوبٌ مِنْ حَدِيدٍ يُدْخِلُهُ

کی طرف لے گئے۔ ناگاہ دیکھا کہ ایک شخص بیٹھا ہے اور دوسرا کھڑا ہے جس کے ہاتھ میں لوہے کا ٹیڑھے سر والا کھچڑا ہے جسے اس کی

فِي شِدْقِهِ فَيَشُقُّهُ حَتّٰى يَبْلُغَ قَفَاهُ ثُمَّ يَفْعَلُ بِشِدْقِهِ الْآخَرِ مِثْلَ

ایک باچھ میں ڈال کر اسے گدی تک پھاڑ دیتا ہے۔ پھر دوسری باچھ کے ساتھ بھی اسی طرح کرتا ہے

ذٰلِكَ وَيَلْتَئِمُ شِدْقُهُ هٰذَا فَيَعُودُ فَيَصْنَعُ مِثْلَهُ قُلْتُ مَا هٰذَا قَالَا

اتنے میں اس کی پہلی باچھ مندمل ہو جاتی ہے۔ پس وہ مڑ کر اس کے ساتھ حسب سابق عمل کرتا ہے میں نے کہا یہ کیا ہے

انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى أَتَيْنَا عَلٰى رَجُلٍ مُضْطَجِعٍ عَلٰى قَفَاهُ وَرَجُلٌ

ان دونوں نے کہا آگے چلئے ہم چل پڑے حتیٰ کہ اس آدمی پر پہنچے جو گدی کے بل لیٹا ہوا تھا اور دوسرا شخص

قَائِمٌ عَلٰى رَأْسِهِ بِفِهْرٍ أَوْ صَخْرَةٍ يَشْلَخُ بِهَا رَأْسَهُ فَإِذَا ضَرَبَهُ تَدَهْدَهَ

اس کے سر پر ہتھیلی میں گول پتھر لیے کھڑا تھا جس سے اس کا سر پھوڑتا تھا۔ جب اس کو مارتا تو پتھر دوسری

الْحَجَرُ فَانْطَلَقَ إِلَيْهِ لِيَأْخُذَهُ فَلَا يَرْجِعُ إِلٰى هٰذَا حَتّٰى يَلْتَئِمَ رَأْسُهُ

جانب لڑھک جاتا تو وہ ادھر چلا جاتا کہ اس کو پکڑے ابھی واپس نہیں ہوتا تھا کہ اس کا سر درست ہو جاتا تھا

فَعَادَ رَأْسُهُ كَمَا كَانَ فَعَادَ إِلَيْهِ فَضَرَبَهُ فَقُلْتُ مَا هٰذَا قَالَا انْطَلِقْ

اور پہلے کی مانند ہو جاتا تو وہ واپس آ کر پھر اسے مارتا میں نے دریافت کیا یہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا آگے چلئے

فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى اَتَيْنَا اِلٰى ثَقْبٍ مِثْلِ التَّنُّوْرِ اَعْلَاهُ ضَيِّقٌ وَّ اَسْفَلُهُ

پس ہم چلے یہاں تک کہ ایک سوراخ پر آئے جو تنور کی مانند تھا اوپر والا حصہ تنگ تھا اور نیچا حصہ

وَاسِعٌ تَتَوَقَّدُ تَحْتَهُ نَارٌ فَاِذَا ارْتَفَعَتْ اِرْتَفَعُوْا حَتّٰى كَادَ اَنْ يَّخْرُجُوْا

بہت کشادہ تھا جس کے نیچے آگ دہک رہی تھی جب وہ بلند ہوتی تو جو ان میں تھے وہ بھی اوپر اٹھ آتے

مِنْهَا وَاِذَا اخْمَدَتْ رَجَعُوْا فِيْهَا وَفِيْهَا رِجَالٌ وَّ نِسَآءٌ عُرَاةٌ فَقُلْتُ مَا

یہاں تک کہ گویا نکلنے کو ہیں اور جب وہ شعلہ کچھ جاتا تو وہ پیچھے چلے جاتے اور اس میں برہنہ مرد اور عورتیں تھیں تو میں نے کہا

هٰذَا قَالَا انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى اَتَيْنَا عَلٰى نَهَرٍ مِّنْ دَمٍ فِيْهِ رَجُلٌ

یہ کیا ہے انہوں نے کہا آگے چلئے ہم چلے یہاں تک کہ ایک نہر پر آئے جس میں خون جاری تھا اس کے وسط میں

قَآئِمٌ عَلٰى وَسْطِ النَّهَرِ وَعَلٰى شَطِّ النَّهَرِ رَجُلٌ بَيْنَ يَدَيْهِ حِجَارَةٌ

ایک شخص کھڑا تھا اور کنارے پر دوسرا شخص جس کے آگے پتھر پڑے تھے

فَاَقْبَلَ الرَّجُلُ الَّذِيْ فِي النَّهَرِ فَاِذَآ اَرَادَ اَنْ يَّخْرُجَ رَمَى الرَّجُلُ بِحَجَرٍ

پس جب نہر کے اندر والا شخص کنارے کی طرف باہر نکلنے کے ارادہ سے آتا تو دوسرا کنارے والا شخص اس کے منہ

فِيْ فِيْهِ فَرَدَّهُ حَيْثُ كَانَ فَجَعَلَ كُلَّمَا جَآءَ لِيَخْرُجَ رَمٰى فِيْ فِيْهِ بِحَجَرٍ

میں پتھر مار کر اس کو سابقہ جگہ پر دھکیل دیتا اور جب بھی وہ نکلنے لگتا اس کے منہ میں

فَيَرْجِعُ كَمَا كَانَ فَقُلْتُ مَا هٰذَا قَالَا انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى انْتَهَيْنَآ

پتھر مارتا تو وہ سابقہ جگہ پر پہنچ جاتا۔ میں نے کہا یہ کیا ہے۔ ان دونوں نے کہا آگے چلئے چنانچہ ہم چلے حتی کہ پہنچے

اِلٰى رَوْضَةٍ خَضْرَآءَ فِيْهَا شَجَرَةٌ عَظِيْمَةٌ وَّفِيْ اَصْلِهَا شَيْخٌ وَّصِبْيَانٌ

ایک سرسبز و شاداب باغ میں جس میں ایک عظیم درخت موجود تھا جس کے تنے کے ساتھ ایک بزرگ اور کچھ بچے

وَاِذَا رَجُلٌ قَرِيْبٌ مِّنَ الشَّجَرَةِ بَيْنَ يَدَيْهِ نَارٌ يُّوْقِدُهَا وَصَعِدَا

موجود تھے اور اس درخت کے قریب ہی دوسرا شخص موجود تھا جس کے سامنے آگ تھی جسے وہ بھڑکا رہا تھا اور وہ مجھے لیکر

بِيَ الشَّجَرَةَ فَاَدْخَلَانِيْ دَارًا وَسْطَ الشَّجَرَةِ لَمْ اَرَ قَطُّ اَحْسَنَ مِنْهَا

درخت پر چڑھے اور اس کے درمیان میں موجود ایک مکان میں داخل کیا اس طرح کا خوبصورت مکان میں نے کبھی نہیں دیکھا تھا۔

فِيْهَا شُيُوْخٌ وَّشَبَابٌ وَّنِسَآءٌ وَّصِبْيَانٌ ثُمَّ اَخْرَجَانِيْ مِنْهَا فَصَعِدَا بِيَ

اس میں بوڑھے اور جوان، عورتیں اور بچے موجود تھے۔ پھر ان دونوں نے مجھے اس سے نکالا اور مجھے درخت پر

الشَّجَرَةَ فَاَدْخَلَانِيْ دَارًا هِيَ اَحْسَنُ وَاَفْضَلُ مِنْهَا فِيْهَا شُيُوْخٌ وَّ

لے چڑھے اور ایسے مکان میں داخل کیا جو پہلے سے بھی خوبصورت ترین اور افضل تھا اس میں بوڑھے اور

شَبَابٌ فَقُلْتُ لَهُمَا اِنَّكُمَا قَدْ طَوَّفْتُمَانِي اللَّيْلَةَ فَاَخْبِرَانِيْ عَمَّا

جوان تھے تو میں نے ان دونوں سے کہا تم نے آج ساری رات مجھے پھرایا ہے تو مجھے خبر دیجئے جو میں نے دیکھا ہے جو

رَاَيْتُ قَالَا نَعَمْ اَمَّا الرَّجُلُ الَّذِيْ رَاَيْتَهُ يُشَقُّ شِدْقُهُ فَكَذَّابٌ

میں نے دیکھا ہے۔ انہوں نے کہا ہاں۔ لیکن وہ شخص جسے آپ نے دیکھا اس کی باچھیں چیری جا رہی تھیں تو وہ کذاب تھا

يُحَدِّثُ بِالْكَذْبَةِ فَتُحْمَلُ عَنْهُ حَتّٰى تَبْلُغَ الْاٰفَاقَ فَيُصْنَعُ بِهِ مَا تَرٰى

جھوٹ بیان کرتا پھر اس سے اس کو نقل کیا جاتا حتی کہ وہ تمام آفاق میں پہنچ جاتا تو اس کے ساتھ وہ سلوک کیا جاتا رہے گا جو آپ نے

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَالَّذِيْ رَاَيْتَهُ يُشْدَخُ رَاْسُهُ فَرَجُلٌ عَلَّمَهُ اللّٰهُ

دیکھا تا قیام قیامت اور وہ جس کا سر پھوڑتے آپ نے دیکھا وہ ایسا شخص ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے قرآن کا

الْقُرْاٰنَ فَنَامَ عَنْهُ بِاللَّيْلِ وَلَمْ يَعْمَلْ بِمَا فِيْهِ بِالنَّهَارِ يُفْعَلُ بِهِ

علم بخشا مگر وہ اس سے رات کو سویا رہتا اور دن میں اس کے مطابق عمل نہ کرتا تھا اس کے ساتھ یہ سلوک

مَا رَاَيْتَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَالَّذِيْ رَاَيْتَهُ فِي الثَّقْبِ فَهُمُ الزُّنَاةُ وَ

جو آپ نے دیکھا تا قیامت ہوتا رہے گا اور جنہیں آپ نے سوراخ میں دیکھا تو وہ زنا کار مرد اور عورتیں تھیں

الَّذِيْ رَاَيْتَهُ فِي النَّهَرِ اٰكِلُ الرِّبٰوا وَالشَّيْخُ الَّذِيْ رَاَيْتَهُ فِيْ اَصْلِ الشَّجَرَةِ

جسے آپ نے نہر میں دیکھا تو وہ سود خور تھا اور وہ بزرگ جسے آپ نے درخت کے نیچے دیکھا

اِبْرٰهِيْمُ وَالصِّبْيَانُ حَوْلَهُ فَاَوْلَادُ النَّاسِ وَالَّذِيْ يُوْقِدُ النَّارَ مَالِكٌ

[illegible]

خَازِنُ النَّارِ وَالدَّارُ الْاُوْلَى الَّتِيْ دَخَلْتَ دَارُ عَامَّةِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَمَّا

[illegible]

هٰذِهِ الدَّارُ فَدَارُ الشُّهَدَاءِ وَأَنَا جِبْرَئِيْلُ وَهٰذَا مِيْكَائِيْلُ فَارْفَعْ
دوسرا مکان دار الشہداء تھا اور میں جبرائیل ہوں اور یہ میکائیل ہیں۔ تو آپ اپنا سر بلند

رَأْسَكَ فَرَفَعْتُ رَأْسِيْ فَإِذَا فَوْقِيْ مِثْلُ السَّحَابِ وَفِيْ رِوَايَةٍ مِثْلُ
کریں جب میں نے سر کو اوپر اٹھایا تو ناگاہ میرے اوپر بادل کی مانند ایک چیز تھی اور ایک روایت میں ہے

الرَّبَابَةِ الْبَيْضَاءِ قَالَا ذَاكَ مَنْزِلُكَ قُلْتُ دَعَانِيْ أَدْخُلْ مَنْزِلِيْ
کہ سفید چلتے بادل کی مانند۔ انہوں نے کہا وہ بلند مرتبت منزل آپ کی ہے۔ میں نے کہا مجھے اجازت دیجئے کہ اپنی منزل

قَالَا إِنَّهُ بَقِيَ لَكَ عُمُرٌ لَمْ تَسْتَكْمِلْهُ فَإِذَا اسْتَكْمَلْتَهُ أَتَيْتَ
میں داخل ہو جاؤں انہوں نے کہا ابھی آپ کی عمر باقی ہے جس کی تکمیل آپ نے نہیں کی جب اس کو مکمل کر لیجئے تو اپنی اس

مَنْزِلَكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ جَاءَ رَجُلٌ إِلَيْهِ
منزل میں آ جاؤ گے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کے پاس ایک شخص حاضر ہوا اور

فَقَالَ رَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَأَنَّ رَأْسِيْ قُطِعَ قَالَ ضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى
اس نے عرض کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ گویا میرا سر کاٹا جا چکا ہے تو آپ ہنس پڑے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ إِذَا لَعِبَ الشَّيْطَانُ بِأَحَدِكُمْ فِيْ مَنَامِهِ فَلَا
اور فرمایا جب تم میں سے کسی کے ساتھ شیطان کھیلے اس کی نیند میں تو وہ اسے لوگوں کے سامنے

يُحَدِّثْ بِهِ النَّاسَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ الرُّؤْيَا
بیان نہ کرے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا

الصَّالِحَةُ مِنَ اللّٰهِ وَالْحُلْمُ مِنَ الشَّيْطَانِ فَإِذَا رَأَى أَحَدُكُمْ مَا
سچا خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور برا خواب شیطان کی طرف سے جب تم میں سے کوئی شخص ایسا خواب

يُحِبُّ فَلَا يُحَدِّثْ بِهِ إِلَّا مَنْ يُحِبُّ وَإِذَا رَأَى مَا يَكْرَهُ فَلْيَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ
دیکھے جسے پسند کرتا ہے تو اسے صرف اپنے محبوب لوگوں کے سامنے بیان کرے اور ناپسندیدہ امر دیکھے تو اللہ کی پناہ طلب

مِنْ شَرِّهَا وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطٰنِ وَلْيَتْفُلْ ثَلٰثًا وَلَا يُحَدِّثْ بِهَا أَحَدًا
کرے اس کے شر سے اور شر شیطان سے اور تین مرتبہ تھوکے اور کسی کو بیان نہ کرے

فَإِنَّهَا لَنْ تَضُرَّهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ إِذَا رَأَى
تو وہ اسے ہرگز ضرر نہیں دے گا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا جب تم میں سے کوئی

أَحَدُكُمُ الرُّؤْيَا يَكْرَهُهَا فَلْيَبْصُقْ عَنْ يَسَارِهِ ثَلٰثًا وَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ
خواب دیکھے جسے ناپسند کرتا ہو تو بائیں جانب تین مرتبہ تھوکے اور پناہ طلب کرے اللہ تعالیٰ کی

الشَّيْطٰنِ ثَلٰثًا وَلْيَتَحَوَّلْ عَنْ جَنْبِهِ الَّذِيْ كَانَ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى
شیطان سے تین مرتبہ اور بدل جائے اس پہلو سے کہ جس پر تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ الرُّؤْيَا ثَلٰثٌ مِنْهَا أَهَاوِيْلُ مِنَ الشَّيْطَانِ
سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا خواب تین قسم پر ہیں۔ بعض شیطان کی طرف سے ڈراؤنے ہوتے

لِيَحْزُنَ بِهَا ابْنَ آدَمَ وَمِنْهَا مَا يَهُمُّ بِهِ الرَّجُلُ فِيْ يَقْظَتِهِ فَيَرَاهُ
ہیں تاکہ ابن آدم کو غمزدہ کرے اور بعض وہ ہیں جس چیز کا آدمی بیداری میں ارادہ کرتا ہے پس اس کو

فِيْ مَنَامِهِ وَمِنْهَا جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ قَالَ
نیند میں دیکھتا ہے اور بعض وہ ہیں جو نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے ایک جزء ہوتے ہیں راوی کہتا ہے

قُلْتُ لِعَوْفِ بْنِ مَالِكٍ أَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى
میں نے حضرت عوف بن مالک سے کہا کیا واقعی تم نے سنا اس کو رسول خدا صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَنَا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
اللہ علیہ وسلم سے تو انہوں نے کہا میں نے سنا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ إِذَا رَأَى أَحَدُكُمْ
وسلم سے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا جب دیکھے تم سے کوئی

رُؤْيَا يَكْرَهُهَا فَلْيَتَحَوَّلْ وَلْيَتْفُلْ عَنْ يَسَارِهِ ثَلٰثًا وَلْيَسْأَلِ اللّٰهَ
ناپسندیدہ خواب تو پہلو بدل لے اور بائیں جانب تین مرتبہ تھوکے اور اللہ تعالیٰ سے سوال کرے

مِنْ خَيْرِهَا وَلْيَتَعَوَّذْ مِنْ شَرِّهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ
اس کی خیر کا اور پناہ طلب کرے اس کے شر سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا

جَآءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ رَاَيْتُ رَأْسِيْ

کہ ایک آدمی نبی اکرم علیہ السلام کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کیا میں نے دیکھا کہ میرا سر

ضُرِبَ فَرَاَيْتُهٗ يَتَدَهْدَهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قلم کر دیا گیا اور وہ لڑھکتا جا رہا ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

يَعْمِدُ الشَّيْطٰنُ اِلٰى اَحَدِكُمْ فَيُهَوِّلُهٗ ثُمَّ يَغْدُوْ يُخْبِرُ النَّاسَ

نے فرمایا قصد کرتا ہے تم میں کسی کا شیطان پس وہ اسے ہول اور دہشت میں مبتلا کرتا ہے پھر وہ صبح کرتا ہے اور لوگوں کو وہ خواب

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

بتاتا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جن کی بارگاہ میں ایک شخص حاضر ہوا جبکہ

سَلَّمَ رَجُلٌ وَّهُوَ يَخْطُبُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَاَيْتُ الْبَارِحَةَ فِيْمَا

آپ خطبہ دے رہے تھے پس عرض کی یا رسول اللہ میں نے گزشتہ رات دیکھا جیسے کہ

يَرَى النَّآئِمُ كَاَنَّ عُنُقِيْ ضُرِبَتْ وَسَقَطَ رَاْسِيْ فَاتَّبَعْتُهٗ فَاَخَذْتُهٗ

سونے والے دیکھتے ہیں گویا کہ میری گردن مار دی گئی ہے اور میرا سر گر پڑا ہے میں نے اس کے پیچھے جا کر اس کو پکڑ لیا

فَاَعَدْتُّهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا لَعِبَ الشَّيْطَانُ

اور دوبارہ اپنی جگہ پر رکھ دیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب شیطان تم میں سے کسی کے ساتھ

بِاَحَدِكُمْ فِيْ مَنَامِهٖ فَلَا يُحَدِّثَنَّ بِهِ النَّاسَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

کھیلے اس کی نیند میں تو وہ ہرگز اسے لوگوں کو نہ بتلائے۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ اِذَا حَلَمَ اَحَدُكُمْ فَلَا يُخْبِرِ النَّاسَ بِتَلَعُّبِ الشَّيْطٰنِ

محمد پر جنہوں نے فرمایا جب کسی کو بیہودہ خواب آئے تو وہ لوگوں کو بیان نہ کرے شیطان اس کے ساتھ حالت نیند میں

بِهٖ فِي الْمَنَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ يَقُوْلُ الرُّؤْيَا عَلٰى

مزاح کرتا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جو فرماتے ہیں کہ خواب

رِجْلِ طَآئِرٍ مَّا لَمْ تُعَبَّرْ فَاِذَا عُبِّرَتْ وَقَعَتْ قَالَ وَالرُّؤْيَا جُزْءٌ مِّنْ

پرندے کے پاؤں پر ہوتا ہے جب تک اس کی تعبیر نہ کی جائے جب اس کی تعبیر کر دی جائے تو اس کے مطابق واقع ہو جاتا ہے اور فرمایا خواب

سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ قَالَ وَاَحْسِبُهٗ قَالَ لَا يَقُصُّهَا اِلَّا

ایک جزء ہے نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے۔ راوی کہتا ہے اور میں گمان کرتا ہوں کہ فرمایا اسے نہ بیان کرے مگر

عَلٰى وَادٍّ اَوْ ذِيْ رَاْيٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قَالَ اعْبُرُوْهَا

اہل مودت پر یا عقلمند پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا تعبیر کرو انہیں

بِاَسْمَآئِهَا وَكَنُّوْهَا بِكُنَاهَا وَالرُّؤْيَا لِاَوَّلِ عَابِرٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

ان کے اسماء کے ساتھ اور کنیتوں کے ساتھ نامزد کرو اور خواب پہلے تعبیر دینے والے کے مطابق ہوتا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت

مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ اَتٰى اِلَيْهِ رَجُلٌ مُّنْصَرَفَهٗ مِنْ اُحُدٍ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

نازل فرما سیدنا محمد پر جن کی بارگاہ میں حاضر ہوا ایک شخص احد سے واپسی کے وقت میں عرض کیا یا رسول اللہ

اِنِّيْ رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ ظُلَّةً تَنْطِفُ سَمْنًا وَّعَسَلًا وَّرَاَيْتُ النَّاسَ

میں نے خواب میں ایک چھتری کا بادل دیکھا جس سے ٹپک رہا ہے گھی اور شہد اور لوگوں کو دیکھا کہ

يَتَكَفَّفُوْنَ مِنْهَا فَالْمُسْتَكْثِرُ وَالْمُسْتَقِلُّ وَرَاَيْتُ سَبَبًا وَّاصِلًا اِلَى

وہ ہتھیلیوں پر لیتے ہیں اس سے بعض بہت زیادہ اور بعض کم اور دیکھا میں نے ایک رسے کو جو آسمان تک

السَّمَآءِ رَاَيْتُكَ اَخَذْتَ بِهٖ فَعَلَوْتَ بِهٖ ثُمَّ اَخَذَ بِهٖ رَجُلٌ بَعْدَكَ فَعَلَا بِهٖ

پہنچا ہوا تھا میں نے دیکھا کہ آپ نے اس کو پکڑا اور اوپر چڑھ گئے پھر آپ کے بعد دوسرے شخص نے بھی اس کو پکڑا اور چڑھ گئے

ثُمَّ اَخَذَ بِهٖ رَجُلٌ بَعْدَهٗ فَانْقَطَعَ بِهٖ ثُمَّ وُصِلَ لَهٗ فَعَلَا بِهٖ فَقَالَ

پھر ایک اور شخص نے اسے پکڑا تو وہ ٹوٹ گیا پھر اس کو جوڑا گیا اس کے لیے تو وہ بھی اوپر چڑھ گیا تو حضرت ابوبکر نے عرض

اَبُوْبَكْرٍ دَعْنِيْ اَعْبُرُهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اعْبُرْهَا قَالَ اَمَّا الظُّلَّةُ

کیا مجھے اجازت دیجئے یا رسول کہ میں اس کی تعبیر کروں آپ نے فرمایا تعبیر کرو تو انہوں نے فرمایا چھتری

فَالْاِسْلَامُ وَاَمَّا مَا يَنْطِفُ مِنْهَا مِنَ الْعَسَلِ وَالسَّمْنِ فَهُوَ الْقُرْاٰنُ

اسلام ہے اور جو اس سے ٹپک رہا ہے یعنی شہد اور گھی تو وہ قرآن مجید

حَلَاوَتُهٗ وَلِيْنُهٗ وَاَمَّا مَا يَتَكَفَّفُ مِنْهُ النَّاسُ فَالْاٰخِذُ مِنَ الْقُرْاٰنِ

اور اس کی حلاوت اور لطافت ہے اور وہ جو لوگ اس سے ہتھیلیوں پر لیتے ہیں بہت زیادہ اور وہ قرآن سے حاصل کرنے

كَثِيرًا وَقَلِيلًا وَأَمَّا السَّبَبُ الْوَاصِلُ إِلَى السَّمَاءِ فَمَا أَنْتَ عَلَيْهِ مِنَ

کم زیادہ اور تھوڑا۔ لیکن وہ رسا جو آسمان تک پہنچا ہوا ہے تو وہ دین کی حقانیت ہے جس پر آپ قائم ہو

الْحَقِّ أَخَذْتَ بِهِ فَعَلَا بِكَ ثُمَّ يَأْخُذُهُ رَجُلٌ مِنْ بَعْدِكَ فَيَعْلُو بِهِ

آپ نے اس کو اپنایا اور وہ آپ کو بلندیوں پر لے گیا پھر آپ کے بعد دوسرا شخص اس کا ذمہ دار ہو گا تو دین اس کو بھی بلندیوں پر لے جائے گا

ثُمَّ آخَرُ فَيَنْقَطِعُ بِهِ ثُمَّ يُوصَلُ لَهُ فَيَعْلُو بِهِ قَالَ أَصَبْتَ بَعْضًا وَ

لینے کا پھر اور شخص جس کے ساتھ وہ منقطع ہو گا پھر اس کو متصل کیا جائے گا پس بلند ہو گا آپ نے فرمایا بعض میں درست کہا اور بعض میں

أَخْطَأْتَ بَعْضًا قَالَ أَبُو بَكْرٍ أَقْسَمْتُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ لَتُخْبِرَنِّي

خطا کی ہے ابو بکر نے عرض کیا میں قسم دے کر عرض کرتا ہوں یا رسول اللہ مجھے ضرور بتلائیے

بِالَّذِي أَصَبْتُ مِنَ الَّذِي أَخْطَأْتُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ

جس میں میں نے صواب کو پایا اور جہاں خطا سرزد ہوئی تو آپ نے فرمایا اے ابوبکر قسمیں نہ دو۔ صلی اللہ علیہ و

سَلَّمَ لَا تُقْسِمْ يَا أَبَا بَكْرٍ اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِي ابْنُ

و آلہ و صحبہ وسلم۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر کہ حضرت عبداللہ

عُمَرَ قَالَ كُنْتُ غُلَامًا شَابًّا عَزَبًا فِي عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

بن عمر نے فرمایا کہ میں نوجوان غیر شادی شدہ تھا زمانہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

وَسَلَّمَ فَكُنْتُ أَبِيتُ فِي الْمَسْجِدِ فَكَانَ مَنْ رَأَى مِنَّا رُؤْيَا يَقُصُّهَا

میں۔ اور میں مسجد شریف میں ہی رات گزارتا تھا تو ہم میں سے جو کوئی خواب دیکھتا وہ اسے

عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اللَّهُمَّ إِنْ كَانَ لِي عِنْدَكَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بیان کرتا میں نے بارگاہ الوہیت میں عرض کیا اے اللہ اگر میرے لیے تیرے

خَيْرٌ فَأَرِنِي رُؤْيَا يُعَبِّرُهَا لِي النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنِمْتُ

ہاں کوئی خیر ہے تو مجھے ایسا خواب دکھا جس کی تعبیر مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیان فرمائیں چنانچہ میں سو گیا

فَرَأَيْتُ مَلَكَيْنِ أَتَيَانِي فَانْطَلَقَا بِي فَلَقِيَهُمَا مَلَكٌ آخَرُ فَقَالَ لَمْ تُرَعْ

اور دو فرشتوں کو دیکھا جو میرے پاس آکر مجھے لے گئے راہ میں ان کو ایک اور فرشتہ ملا تو اس نے کہا کہ ڈرو نہ

فَانْطُلِقَ بِي إِلَى النَّارِ فَإِذَا هِيَ مَطْوِيَّةٌ كَطَيِّ الْبِئْرِ وَإِذَا فِيهَا نَاسٌ قَدْ

تو مجھے آتش دوزخ کی طرف لے جایا گیا تو وہ کنوئیں کی مانند گول تھی اور کیا دیکھتا ہوں کہ اس میں لوگ ہیں

عَرَفْتُ بَعْضَهُمْ فَأَخَذُوا بِي ذَاتَ الْيَمِينِ فَلَمَّا أَصْبَحْتُ ذَكَرْتُ

جن میں سے بعض میرے جانے پہچانے تھے تو وہ مجھے دائیں جانب لے گئے جب صبح ہوئی تو میں نے یہ صورت ان سے

ذَلِكَ لِحَفْصَةَ فَزَعَمَتْ حَفْصَةُ أَنَّهَا قَصَّتْهَا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

بیان کی انہوں نے کہا کہ میں نے اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ عَبْدَ اللَّهِ رَجُلٌ صَالِحٌ لَوْ كَانَ يُكْثِرُ الصَّلَاةَ مِنَ

وسلم پر پیش کیا تو آپ نے فرمایا بے شک عبد اللہ نیک آدمی ہے۔ اگر رات بکثرت نوافل ادا کرتا ہو

اللَّيْلِ قَالَ فَكَانَ عَبْدُ اللَّهِ يُكْثِرُ الصَّلَاةَ مِنَ اللَّيْلِ وَعَنْ خَرَشَةَ

کے درجات مزید بلند ہوتے۔ راوی نے کہا حضرت عبد اللہ بعد ازاں رات کو بکثرت نوافل ادا کرتے تھے اور خرشہ سے مروی ہے

قَالَ قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ فَجَلَسْتُ إِلَى مَشْيَخَةٍ فِي مَسْجِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ

کہ میں مدینہ منورہ حاضر ہوا تو مسجد شریف میں مسجد رسول صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ شَيْخٌ يَتَوَكَّأُ عَلَى عَصًا لَهُ فَقَالَ الْقَوْمُ مَنْ سَرَّهُ أَنْ

علیہ وسلم میں مشائخ کے پاس بیٹھا اس دوران ایک بزرگ عصا کا سہارا لیے تشریف لائے تھے لوگوں نے کہا جس کو یہ

يَنْظُرَ إِلَى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَلْيَنْظُرْ إِلَى هَذَا فَقَامَ خَلْفَ سَارِيَةٍ

اچھی لگے کہ وہ ایک جنتی آدمی کو دیکھے تو چاہیے کہ وہ اس شخص کو دیکھے وہ بزرگ ایک ستون کے پیچھے کھڑے ہوئے

فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ فَقُمْتُ إِلَيْهِ فَقُلْتُ لَهُ قَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ كَذَا وَكَذَا

پس دو رکعت ادا کیں میں اٹھ کر ان کی طرف گیا اور ان سے کہا لوگوں نے آپ کے متعلق ایسی ایسی بات کی ہے

قَالَ الْحَمْدُ لِلَّهِ الْجَنَّةُ لِلَّهِ يُدْخِلُهَا مَنْ يَشَاءُ وَإِنِّي رَأَيْتُ عَلَى عَهْدِ

تو انہوں نے کہا الحمد للہ جنت اللہ تعالیٰ کے ملک میں ہے اس میں جسے چاہے گا داخل کرے گا اور میں نے زمانہ

رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُؤْيَا رَأَيْتُ كَأَنَّ رَجُلًا أَتَانِي فَقَالَ

صلی اللہ علیہ وسلم میں خواب دیکھا کہ گویا ایک آدمی میرے پاس آیا انہیں اس نے کہا

لِي انْطَلِقْ فَذَهَبْتُ مَعَهُ فَسَلَكَ بِي فِي مَنْهَجٍ عَظِيمٍ فَعُرِضَتْ عَلَيَّ

چلیے میں ان کے ساتھ چل پڑا تو وہ مجھے بہت بڑی کشادہ راہ پر لے چلا اسی دوران مجھ پر ایک راستہ

طَرِيقٌ عَنْ يَسَارِي فَأَرَدْتُ أَنْ أَسْلُكَهَا فَقَالَ إِنَّكَ لَسْتَ مِنْ أَهْلِهَا

بائیں جانب سے پیش کیا گیا میں نے اس پر چلنے کا ارادہ کیا تو اس نے کہا بیشک آپ اس راہ والوں سے نہیں ہے

ثُمَّ عُرِضَتْ عَلَيَّ طَرِيقٌ عَنْ يَمِينِي فَسَلَكْتُهَا حَتَّى إِذَا انْتَهَيْتُ إِلَى

پھر مجھ پر دائیں جانب سے ایک راہ پیش کی گئی تو میں اس پر چل پڑا حتی کہ جب میں ایک صاف اور ملائم

جَبَلٍ زَلَقٍ فَأَخَذَ بِيَدِي فَزَجَّلَ بِي حَتَّى أَخَذْتُ بِالْعُرْوَةِ فَقَالَ

پتھروں والے پہاڑ تک پہنچ گیا تو اس نے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور مجھے زور سے اوپر دھکیلا حتی کہ میں نے اوپر پہنچ کر کڑے کو پکڑ لیا

اسْتَمْسَكْتَ قُلْتُ نَعَمْ فَضَرَبَ الْعَمُودَ بِرِجْلِهِ فَاسْتَمْسَكْتُ بِالْعُرْوَةِ

پکڑ لیا تو اس نے کہا کیا تو اسے پکڑے ہوئے ہے میں نے کہا ہاں تو اس نے ستون پر اپنا پاؤں مارا اور میں اس حلقہ سے چمٹا رہا

فَقَالَ فَقَصَصْتُهَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَأَيْتَ خَيْرًا

انھوں نے کہا پس میں نے وہ خواب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بیان کیا آپ نے فرمایا تو نے اچھا خواب دیکھا

أَمَّا الْمَنْهَجُ الْعَظِيمُ فَالْمَحْشَرُ وَأَمَّا الطَّرِيقُ الَّتِي عُرِضَتْ عَنْ

وہ کشادہ راستہ میدان محشر ہے۔ اور وہ راستہ جو تیری بائیں جانب

يَسَارِكَ فَطَرِيقُ أَهْلِ النَّارِ وَلَسْتَ مِنْ أَهْلِهَا وَأَمَّا الطَّرِيقُ الَّتِي

پیش آیا تو وہ اہل نار کا راستہ ہے اور تو ان سے نہیں ہے۔ لیکن وہ راستہ جو

عُرِضَتْ عَنْ يَمِينِكَ فَطَرِيقُ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَأَمَّا الْجَبَلُ الزَّلَقُ

دائیں جانب نمودار ہوا تو وہ اہل جنت کا راستہ ہے لیکن چکنے والا پہاڑ

فَمَنْزِلُ الشُّهَدَاءِ وَأَمَّا الْعُرْوَةُ الَّتِي اسْتَمْسَكْتَ بِهَا فَعُرْوَةُ الْإِسْلَامِ

پس وہ شہداء کی قیام گاہ ہے۔ لیکن وہ حلقہ جس کو تو نے مضبوطی سے تھاما تو وہ اسلام کا حلقہ ہے

فَاسْتَمْسِكْ بِهَا حَتَّى تَمُوتَ فَأَنَا أَرْجُو أَنْ تَكُونَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ

لہٰذا اسے مضبوطی سے تھامے رکھو حتی کہ تجھے اسی حالت پر موت آئے پس میں امید رکھتا ہوں کہ تو اہل جنت سے ہو گا

فَإِذَا هُوَ عَبْدُ اللهِ بْنُ سَلَامٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِي قَالَ ابْنُ

پھر معلوم ہوا کہ وہ بزرگ حضرت عبداللہ بن سلام تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر کہ حضرت ابن

خُزَيْمَةَ أَنَّهُ يَرَى فِيمَا يَرَى النَّائِمُ أَنَّهُ سَجَدَ عَلَى جَبْهَةِ النَّبِيِّ صَلَّى

خزیمہ نے فرمایا کہ انھوں نے خواب میں دیکھا کہ انھوں نے جبین نبی صلی اللہ

اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ فَاضْطَجَعَ لَهُ وَقَالَ صَدِّقْ رُؤْيَاكَ فَسَجَدَ

علیہ وسلم پر سجدہ کیا ہے جب یہ خواب انھوں نے آپ سے عرض کیا تو آپ لیٹ گئے اور فرمایا اپنے خواب کو سچا کر دکھاؤ تو

عَلَى جَبْهَتِهِ وَأُمُّ الْمُؤْمِنِينَ عَائِشَةُ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهَا قَالَتْ سُئِلَ

نے آپ کی پیشانی پر سجدہ کیا اور ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا

رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَرَقَةَ فَقَالَتْ خَدِيجَةُ أَنَّهُ كَانَ

ورقہ بن نوفل کے متعلق تو آپ سے حضرت خدیجہ نے عرض کیا اس نے

قَدْ صَدَّقَكَ وَلٰكِنْ مَاتَ قَبْلَ أَنْ تَظْهَرَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ

آپ کی تصدیق کی تھی۔ لیکن آپ کی بعثت کے ظہور سے قبل اس کی وفات ہو گئی تو رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أُرِيتُهُ فِي الْمَنَامِ وَعَلَيْهِ ثِيَابٌ بِيضٌ وَلَوْ كَانَ مِنْ

علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا وہ خواب میں مجھے دکھلایا گیا جبکہ اس کے کپڑے سفید تھے اور اگر وہ

أَهْلِ النَّارِ لَكَانَ عَلَيْهِ لِبَاسٌ غَيْرُ ذٰلِكَ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اہل نار سے ہوتا تو اس کا لباس اس سے مختلف ہوتا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

أَصْدَقُ الرُّؤْيَا بِالْأَسْحَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِي قَالَ مِنْ

سب سے زیادہ سچے خواب اوقات سحر والے ہوتے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جنھوں نے فرمایا

أَفْرَى الْفِرَى أَنْ يُرِيَ الرَّجُلُ عَيْنَيْهِ مَا لَمْ تَرَيَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

بڑے افتراءات میں سے یہ بھی ہے کہ آدمی اپنی آنکھوں کو دکھلائے جو انھوں نے نہیں دیکھا یعنی جھوٹے خواب بیان کرے اے اللہ صلوٰۃ

مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِي قَالَ مَنْ تَحَلَّمَ حُلْمًا كَاذِبًا كُلِّفَ أَنْ

نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنھوں نے فرمایا جس نے جھوٹا خواب بیان کیا تو اسے مکلف ٹھہرایا جائے گا

يَعْقِدُ بَيْنَ شَعِيرَتَيْنِ وَيُعَذَّبُ عَلٰى ذٰلِكَ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا

جوڑے دو دانوں میں گانٹھ دینے کا اور عذاب دیا جائے گا اس کی وجہ سے ۔ پاکیزگی ہے اللہ تعالیٰ کے لیے ان اشیاء کی

خَلَقَ فِي السَّمَآءِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِي الْأَرْضِ وَسُبْحَانَ

مقدار جو آسمانوں میں پیدا کیں اور تسبیح ہے اللہ کے لیے ان کی مقدار جو زمین میں پیدا کیں اور تسبیح ہے

اللّٰهِ عَدَدَ مَا بَيْنَ ذٰلِكَ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا هُوَ خَالِقٌ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ

اللہ کے لیے بمقدار ان اشیاء کی جو ان کے درمیان میں اور تسبیح ہے اللہ کیلئے ان کی مقدار جنہیں وہ پیدا کرنے والا ہے ۔ اے اللہ بخش

لِي ذَنْبِي كُلَّهُ مِنَ الْكَبَآئِرِ وَالصَّغَآئِرِ دِقَّهُ وَجِلَّهُ وَأَوَّلَهُ وَاٰخِرَهُ وَ

دے میرے تمام گناہ کبائر اور صغائر ، چھوٹے اور بڑے اوّل اور آخر

عَلَانِيَتَهُ وَسِرَّهُ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ

علانیہ اور خفیہ ۔ اے اللہ میں پناہ طلب کرتا ہوں تیری رضا کے طفیل تیری ناراضگی سے اور تیری عفو کے طفیل

مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَآ أُحْصِيْ ثَنَآءً عَلَيْكَ أَنْتَ كَمَا

تیری عقوبت سے اور پناہ طلب کرتا ہوں تیری ذات کے طفیل تجھ سے ۔ میں نہیں احاطہ کر سکتا تیری ثناء کا تو ایسی ثنا

أَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ خُلُقِيْ وَطَيِّبْ لِيْ

کے لائق ہے جو تو نے اپنی ذات پر کی ہے ۔ اے اللہ میرے گناہ بخش اور میرے اخلاق وسیع بنا اور میری کمائی کو پاکیزہ بنا

كَسْبِيْ وَقَنِّعْنِيْ بِمَا رَزَقْتَنِيْ وَلَا تُذْهِبْ إِلٰى شَيْءٍ صَرَفْتَهُ عَنِّيْ وَأَعْطِنِيْ

اور مجھے قانع بنا اس کے ساتھ جو عطا کیا اور نہ جا طرف میری اس چیز کے جسے تو نے مجھ سے پھیر دیا اور مجھے کامیابی کا نفع

عِلْمًا نَجِيْحًا وَتِجَارَةً لَنْ تَبُوْرَ اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِيْ بِمَا رَزَقْتَنِيْ وَبَارِكْ لِيْ

علم عطا کر اور ایسی تجارت کر جو کبھی برباد نہ ہو ۔ اے اللہ مجھے قانع بنا اپنے عطا کردہ رزق پر اور نگران بن اور مجھ

وَاخْلُفْ عَلٰى كُلِّ غَآئِبَةٍ لِيْ بِخَيْرٍ يَا صَرِيْخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ يَا مُنْتَهٰى

ہر اس چیز پر جو مجھ سے غائب ہے ساتھ بھلائی کے اے فریادیوں کی جائے فریاد اور لوٹنے

الْعَآئِذِيْنَ يَا مُفَرِّجَ الْمَكْرُوْبِيْنَ يَا مُفَرِّجَ الْمَغْمُوْمِيْنَ

والوں کا مرجع اور غم زدگان کے غم گسار اور غمگینوں کو فرحت بخشنے والے

مَنْزُوْلٌ لَدَيْكَ بِكُلِّ حَاجَةٍ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تُبْتُ إِلَيْكَ مِنْهُ

تیری بارگاہ میں محل نزول ہے ہر حاجت مند کی حاجت کیلئے ۔ اے اللہ میں مغفرت طلب کرتا ہوں تجھ سے اس گناہ کی جس سے میں

وَعُدْتُ فِيْهِ وَأَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا أَعْرَضْتُكَ مِنْ سُوْءِ نَفْسِيْ فَلَمْ أَتُبْ

نے توبہ کی اور پھر اس کی طرف لوٹا اور استغفار کرتا ہوں اس گناہ سے جس میں نے تجھ سے روگردانی کی اپنے نفس کی برائی کی وجہ سے پس میں نے

إِلَيْكَ وَأَسْتَغْفِرُكَ لِلنِّعَمِ الَّتِيْ تَقَوَّيْتُ بِهَا عَلٰى مَعْصِيَتِكَ وَأَسْتَغْفِرُكَ

تیری طرف توبہ نہ کی اور استغفار کرتا ہوں تجھ سے ان نعمتوں کی وجہ سے جن کے ساتھ میں نے قوت حاصل کی تیری معصیت پر اور استغفار

لِكُلِّ خَيْرٍ أَرَدْتُ بِهِ وَجْهَكَ فَخَالَطَنِيْ فِيْهِ مَا لَيْسَ لَكَ اَللّٰهُمَّ لَا

کرتا ہوں ہر خیر کے لیے جس میں تیری رضا کا ارادہ کیا پس اس میں شامل ہو گیا جو نہیں تھا تیری رضا کے لیے ۔ اے اللہ

تُخْزِنِيْ فَإِنَّكَ بِيْ عَالِمٌ وَلَا تُعَذِّبْنِيْ فَإِنَّكَ عَلَيَّ قَادِرٌ اَللّٰهُمَّ أَسْتَجِيْرُكَ

مجھے رسوا نہ فرمانا کیونکہ میرے متعلق علم رکھتا ہے ۔ اور مجھے عذاب نہ دینا کیونکہ تو مجھ پر قادر ہے ۔ اے اللہ میں تیری پناہ طلب

مِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْتَ وَأَحْتَرِسُ بِكَ مِنْهُنَّ وَاجْعَلْ لِيْ وَلِيْجَةً وَ

کرتا ہوں تیری ہر پیدا کردہ شئ سے اور حفاظت حاصل کرتا ہوں تیری ان سے ۔ اور بنا میرے لیے حقیقی دوستی

زُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ وَاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَخَافُ مَقَامَكَ وَوَعِيْدَكَ وَ

قریب منزلت اور اچھا انجام اور بنا مجھے ان لوگوں سے جو ڈرتے ہیں تیرے حضور قیام سے اور تیری وعید سے اور

يَرْجُوْ لِقَآئَكَ وَاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَتُوْبُ إِلَيْكَ تَوْبَةً نَصُوْحًا وَصَلَّى

امید رکھتے ہیں تیری ملاقات کی اور بنا مجھے ان لوگوں سے جو تیری بارگاہ میں خالص توبہ کرتے ہیں اور رحمت کاملہ

اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ إِلٰهِيْ بِجَاهِ نَبِيِّكَ سَيِّدِنَا

نازل فرمائے اللہ تعالیٰ ہمارے سید محمد پر اور آپ کی آل و اصحاب پر اور سلام نازل فرمائے ۔ اے میرے الٰہ اپنے نبی اکرم ہمارے

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَكَ وَمَكَانَتِهٖ لَدَيْكَ وَمَحَبَّتِكَ لَهٗ

محمد کی عزت و مرتبت کے طفیل اور تیری ان سے جو محبت ہے اور انہیں

وَمَحَبَّتِهٖ لَكَ وَبِالسِّرِّ الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ أَسْئَلُكَ أَنْ تُصَلِّيَ وَتُسَلِّمَ

جو تجھ سے محبت ہے اس کے تصدق میں اور جو اسرار تیرے اور ان کے درمیان ہیں ان کے طفیل میں سوال کرتا ہوں کہ صلوٰۃ و سلام نازل کرے

عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَضَاعِفِ اللّٰهُمَّ مَحَبَّتَهٗ فِيَّ وَعَرِّفْنِيْ بِحَقِّهٖ

ان پر اور ان کی آل اور اصحاب پر۔ اور کئی گنا بڑھا دے ان کی محبت اور مجھے ان کے حق اور مرتبے کی معرفت عطا کر

وَرُتْبَتِهٖ وَوَفِّقْنِيْ لِاتِّبَاعِهٖ وَالْقِيَامِ بِاَدَبِهٖ وَسُنَّتِهٖ وَاجْمَعْنِيْ عَلَيْهِ

اور ان کی اتباع اور آداب و احترام اور سنت کو قائم کرنے کی توفیق بخش۔ مجھے ان کے ساتھ رکھنا ان کے

وَمَتِّعْنِيْ بِرُؤْيَتِهٖ وَاَسْعِدْنِيْ بِمُكَالَمَتِهٖ وَارْفَعْ عَنِّي الْعَوَائِقَ وَالْعَلَائِقَ

دیدار سے نفع اندوز کرنا اور ان کی ہمکلامی سے بہرہ ور کرنا اور دور فرما مجھ سے رکاوٹوں اور اسباب

وَالْوَسَائِطَ وَالْحِجَابَ وَشَنِّفْ سَمْعِيْ مَعَهٗ بِلَذِيْذِ الْخِطَابِ وَهَيِّئْنِيْ

و وسائط اور حجابات کو اور مزین فرما میرے کانوں کو ان کے لذیذ خطاب کے سننے سے اور مجھے آمادہ فرما

لِلتَّلَقِّيْ مِنْهُ وَاَهِّلْنِيْ لِخِدْمَتِهٖ وَاجْعَلْ صَلَوَاتِيْ عَلَيْهِ نُوْرًا نَيِّرًا كَامِلًا

ان سے اکتساب فیض کے لیے اور ان کی خدمت کا اہل بنا اور میرے درودوں کو بنا دے ایسے حق میں انوار نیر کامل

مُكَمَّلًا طَاهِرًا مُطَهِّرًا مَاحِيًا لِكُلِّ ظُلْمٍ وَظُلْمَةٍ وَشَكٍّ وَشِرْكٍ وَكُفْرٍ وَزُوْرٍ

و مکمل، طاہر و مطہر محو کرنے والے ہر ظلم اور ظلمت اور شک و شرک اور کفر و کذب بیانی کے لیے

وَاجْعَلْهَا سَبَبًا لِلتَّمْحِيْصِ وَمَرْقًى لِاَنَالَ بِهَا اَعْلٰى مَقَامِ الْاِخْلَاصِ

اور بنا انہیں سبب میری تطہیر کا اور ذریعہ ارتقاء کا تاکہ حاصل کر سکوں ان کی بدولت اعلیٰ مقام اخلاص و

وَالتَّخْصِيْصِ حَتّٰى لَا يَبْقٰى فِيَّ رُهْبَانِيَّةٌ لِغَيْرِكَ وَحَتّٰى اَصْلُحَ

تخصیص کا حتیٰ کہ نہ رہے مجھ میں ذرہ بھر توجہ ماسوا کا اور بن جاؤں تیری بارگاہ کے

لِحَضْرَتِكَ وَاَكُوْنَ مِنْ اَهْلِ خُصُوْصِيَّتِكَ مُسْتَمْسِكًا بِاَدَبِهٖ وَ

لائق ہو جاؤں اور تیرے اہل خصوصیت سے تمسک کرتے ہوئے آپ کے آداب اور

سُنَّتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَمِدًّا مِنْ حَضْرَتِهِ الْعَالِيَةِ فِيْ

سنت کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم استمداد کرتے ہوئے ان کی بارگاہ عالیہ سے

كُلِّ وَقْتٍ وَّحِيْنٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى ثَلْجِ مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ عَلٰى ثُلُوْجِ مُحَمَّدٍ

ہر وقت اور ہر لحظہ۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد کی ٹھنڈک پر اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد کی تسکین دلانے

وَصَلِّ عَلٰى حَصْحَصَةِ مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ عَلٰى حَصَانَةِ مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ عَلٰى

پر۔ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد کے ظہور حق پر اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد کی عقل و ثابت قدمی پر۔ صلوٰۃ بھیج سیدنا

حِصَّةِ مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ عَلٰى حَافِرَةِ مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ عَلٰى حَافَّةِ مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ

محمد کے حصہ پر۔ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد کی ابتدائی حالت پر اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد کے ہر جہت و جانب پر۔ صلوٰۃ بھیج

عَلٰى حِمَايَةِ مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ عَلٰى حِرَاسَةِ مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ عَلٰى حُلَّةِ

سیدنا محمد کی حمایت پر۔ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد کی حراست پر اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد کے حلہ

مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ عَلٰى حُلْيَةِ مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ عَلٰى حِكْمَةِ مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ

پر اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد کے حلیہ پر اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد کی حکمت پر اور صلوٰۃ بھیج

عَلٰى عِلْمِهٖ وَصَلِّ عَلٰى حِلْمِهٖ وَصَلِّ عَلٰى خُلُقِهٖ وَصَلِّ عَلٰى شَرَفِهٖ وَ

سیدنا محمد کے علم پر اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد کے حلم پر اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد کے خلق پر، صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد کے شرف

صَلِّ عَلٰى شَرَافَتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى فَخْرِ الْاَنْبِيَآءِ ذِمَامًا وَّاَسْنَى الْاَنْبِيَآءِ

پر اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد کی شرافت پر اور صلوٰۃ بھیج اس پر جو فخر انبیاء ہے از روئے ذمہ داریوں کے اور تمام انبیاء سے برتر

مَقَامًا وَّاَثْبَتِ الْاَنْبِيَآءِ بُرْهَانًا وَّاَظْهَرِ الْاَنْبِيَآءِ سُلْطَانًا وَّاَجْمَلِ

مقام والے پر اور سب انبیاء سے ثبوت میں بلند پایہ برہان والے پر اور سب انبیاء سے زیادہ ظاہر تسلط والے پر اور سب انبیاء سے

الْاَنْبِيَآءِ عَهْدًا وَّاَصْدَقِ الْاَنْبِيَآءِ وَعْدًا وَّاَلْطَفِ الْاَنْبِيَآءِ نِقَابًا وَّ

جمیل ترین عہد والے پر اور سب انبیاء سے زیادہ سچے وعدہ والے پر اور سب سے زیادہ لطیف نقاب والے پر اور

اَفْضَلِ الْاَنْبِيَآءِ اَصْحَابًا وَّاَقْوَى الْاَنْبِيَآءِ حُسَامًا وَّاَزْكَى الْاَنْبِيَآءِ

سب انبیاء سے افضل اصحاب والے پر اور سب انبیاء سے قوی تلوار والے پر اور سب انبیاء سے پاکیزہ تر

سَلَامًا وَّاَنْهَجِ الْاَنْبِيَآءِ سَبِيْلًا وَّاَرْجَحِ الْاَنْبِيَآءِ مِيْزَانًا وَّاَنْجَحِ الْاَنْبِيَآءِ

سلام والے پر اور سب انبیاء سے زیادہ واضح راستے والے پر اور سب انبیاء سے زیادہ وزنی میزان والے پر اور سب انبیاء

اِيْمَانًا وَّاَكْثَرِ الْاَنْبِيَآءِ رِفْدًا وَّوَفْدًا وَّاَفْصَحِ الْاَنْبِيَآءِ لِسَانًا وَّاَوْفَرِ

سے زیادہ کامیاب ایمان والے پر اور سب انبیاء سے زیادہ عطیات اور وفود والے پر اور سب انبیاء سے زیادہ فصیح زبان والے پر اور سب سے زیادہ وافر

الْاَنْبِيَآءِ اِحْسَانًا وَّاَفْقَهِ الْاَنْبِيَآءِ عِلْمًا وَّاَعْظَمِ الْاَنْبِيَآءِ حِلْمًا وَّاَعْلَى

احسان والے ہیں اور سب انبیاء سے زیادہ فقاہت و علم والے ہیں اور سب انبیاء سے عظیم تر حلم والے ہیں اور سب انبیاء سے

الْاَنْبِيَآءِ قَدْرًا وَّاَعَزِّ الْاَنْبِيَآءِ يُسْرًا وَّاَطْهَرِ الْاَنْبِيَآءِ فَرْعًا وَّاَظْهَرِ الْاَنْبِيَآءِ

اعلیٰ قدر والے ہیں اور سب انبیاء سے عزیز تر سہولت والے ہیں اور سب انبیاء سے زیادہ پاکیزہ فرع و اولاد والے ہیں اور سب انبیاء سے زیادہ

شَرْعًا وَّاَعْظَمِ الْاَنْبِيَآءِ فَضْلًا وَّاَكْمَلِ الْاَنْبِيَآءِ فِعْلًا وَّاَلْيَنِ الْاَنْبِيَآءِ

ظاہر شرع والے ہیں اور سب انبیاء سے عظیم تر فضل والے ہیں اور سب انبیاء سے اکمل فعل والے ہیں اور سب انبیاء سے زیادہ نرم طبع والے

طَبْعًا وَّاَحْسَنِ الْاَنْبِيَآءِ صُنْعًا وَّاَفْضَلِ الْاَنْبِيَآءِ نِصَابًا وَّاَسْيَرِ الْاَنْبِيَآءِ

ہیں اور سب انبیاء سے حسین تر صنع و عمل والے ہیں اور سب انبیاء سے افضل نصاب والے ہیں اور سب سے زیادہ قابل فخر اور مشہور تر

فَخْرًا وَّاَشْهَرِهَا دُنُوْرَةً اَزْهَرَ اَنْوَارِ الْاَنْبِيَآءِ وَاَشْرَقِهَا وَاَوْضَحِهَا وَاَطْهَرِهَا

سیرت والے ہیں جن کا نور سب انبیاء کے انوار سے زیادہ روشن اور ضو فگن۔ واضح ترین۔ پاکیزہ ترین اور سب

وَاَكْرَمِهَا خَلْقًا وَّاَعْدَلِهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

سے زیادہ عزت و کرامت اور اعتدال والا ہے ازروئے تخلیق کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ النَّاسِ نَفْسًا وَّاَبًا وَّاَطْهَرِ النَّاسِ قَلْبًا وَّاَعْلَى النَّاسِ

آل پر جو سب لوگوں سے زیادہ پاکیزہ ہیں اپنی ذات میں اور آباء کے لحاظ سے اور سب سے پاکیزہ قلب والے ہیں اور اعلیٰ لوگوں

مَقَامًا وَّاَحْلَى النَّاسِ كَلَامًا وَّاَصْدَقِ النَّاسِ قَوْلًا وَّاَزْكَى النَّاسِ

سے اعلیٰ مقام والے ہیں۔ اور شیریں تر کلام والے۔ سب سے زیادہ سچے قول والے اور سب سے پاکیزہ ترین فعل

فِعْلًا وَّاَوْفَى النَّاسِ عَهْدًا وَّاَمْكَنِ النَّاسِ مَجْدًا وَّاَكْرَمِ النَّاسِ

والے اور سب سے زیادہ وفاء عہد والے اور سب سے زیادہ پائیدار مجد والے اور سب سے بزرگ ترین

طَبْعًا وَّاَحْسَنِ النَّاسِ صُنْعًا وَّاَطْيَبِ النَّاسِ فَرْعًا وَّاَكْثَرِ النَّاسِ

طبیعت والے۔ سب سے حسین ترین صنع و عمل والے۔ سب لوگوں سے پاکیزہ ترین فرع والے۔ اور سب سے زیادہ

طَاعَةً وَّسَمْعًا وَّاَجَلِّ النَّاسِ قَدْرًا وَّاَسْنَاهُمْ فَخْرًا وَّاَصْدَقِ النَّاسِ

طاعت و تابعداری والے اور سب سے اجل قدر والے اور سب لوگوں سے بلند تر فخر والے اور سب سے زیادہ سچے وعدے والے

وَعْدًا وَّاَحْسَنِ النَّاسِ خَيْرًا وَّاَجْمَلِ النَّاسِ صَبْرًا وَّاَعْلَمِ النَّاسِ

اور سب سے زیادہ حسین خیرات والے۔ اور سب لوگوں سے جمیل ترین صبر والے اور سب سے زیادہ توحید کا علم رکھنے

تَوْحِيْدًا وَّاَعْرَفِ النَّاسِ تَمْجِيْدًا وَّاَعْلَمِ النَّاسِ تَحْمِيْدًا وَّاَنْهَجِ النَّاسِ

والے۔ اور سب لوگوں سے زیادہ معرفت رکھنے والے اللہ تعالیٰ کی بزرگی بیان کرنے کی اور سب سے زیادہ عالم حمد کرنے کے اور سب سے

دَلِيْلًا وَّاَبْلَجِ الزَّيْنِ وَاَبْرَجِ الْعَيْنِ وَاَنْهَجِ النَّاسِ سَبِيْلًا وَّاَعْظَمِ

روشن دلیل والے۔ واضح زینت والے حسین آنکھوں والے اور سب سے کشادہ اور وسیع راستہ والے۔ اور سب لوگوں سے عظیم تر

النَّاسِ شَاْنًا وَّاَقْوَى النَّاسِ دَلِيْلًا وَّبُرْهَانًا وَّاَوَّلِ النَّاسِ اِيْمَانًا وَّ

شان والے اور سب سے قوی تر دلیل و برہان والے۔ سب سے پہلے ایمان لانے والے

اَرْجَحِ النَّاسِ مِيْزَانًا وَّاَوْضَحِ النَّاسِ بَيَانًا وَّاٰخِرِ النَّاسِ اِتْيَانًا وَّ

سب سے وزنی میزان والے اور سب سے واضح ترین بیان والے اور سب سے آخر میں تشریف لانے والے

اَكْمَلِ النَّاسِ اِنْسَانًا وَّاَعْلَى النَّاسِ قَدْرًا وَّاَوْسَعِ النَّاسِ صَدْرًا

سب انسانوں سے کامل ترین انسان اور سب سے بلند تر قدر والے اور سب سے وسیع تر سینہ والے

وَّاَكْثَرِ النَّاسِ اُمَّةً وَّاَثْبَتِ النَّاسِ اَصْلًا وَّاَبْعَدِ النَّاسِ مَكَانًا وَّ

سب انبیاء سے کثیر امت والے اور سب سے مضبوط و راسخ اصل والے اور سب سے بلند تر مرتبہ و مکانت والے

اَرْفَعِ النَّاسِ فِي الْمَلَاِ الْاَعْلٰى ذِكْرًا وَّاَعْظَمِ النَّاسِ فَخْرًا وَّاَشْهَرِهَا

سب سے بلند تر ازروئے ذکر کے ملاء اعلیٰ میں۔ اور عظیم ترین ازروئے فخر کے اور مشہور ترین اور

وَاَكْمَلِ النَّاسِ نُوْرًا وَّاَزْهَرِهَا وَاَوْضَحِ النَّاسِ شَرِيْعَةً وَّاَظْهَرِهَا

کامل ترین ازروئے نورانیت کے اور سب سے زیادہ روشن۔ اور سب سے زیادہ واضح ازروئے شریعت کے اور سب سے زیادہ ظاہر

وَاَكْمَلِ النَّاسِ دَرَجَةً وَّاَطْهَرِهَا وَاَجْزَلِ النَّاسِ عَطِيَّةً وَّاَوْفَرِهَا

اور سب سے کامل تر ازروئے درجات کے اور پاکیزہ ترین اور سب سے جزیل و عظیم ازروئے عطیات اور سب سے وافر عطیات والے

وَاَكْرَمِ الْخَلْقِ نَسَبًا وَّاَبًا وَّاَعْظَمِهِمْ مَحَلًّا وَّاَكْمَلِهِمْ مَحَاسِنًا وَّفَضْلًا

اور سب مخلوق سے گرامی تر ازروئے نسب اور آباء کے اور عظیم ترین ازروئے مقام و محل کے اور کامل ترین ازروئے محاسن و فضیلت

وَاَثْبَتِهِمْ بُرْهَانًا وَاَصْدَقِهِمْ وَعْدًا وَاَكْثَرِهِمْ شُكْرًا وَاَعْلَاهُمْ

اور سب سے ثابت تر ہیں ازروئے برہان کے اور سب سے سچے ازروئے وعدہ کے اور سب سے زیادہ ازروئے شکر کے اور سب سے بلند

اَمْرًا وَاَقْرَبِهِمْ يُسْرًا وَاَزْكَاهُمْ سَلَامًا وَاَعْظَمِهِمْ فَخْرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ازروئے امر کے اور قریب تر ازروئے یسر کے اور سب سے پاکیزہ تر ازروئے سلام کے اور عظیم تر ازروئے فخر کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ الْاَنْبِيَاءِ

وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو سب انبیاء سے افضل ہیں ازروئے

مُعْجِزَاتٍ وَاَبْيَنِهِمْ بَيَانًا وَخِطَابًا وَاَفْضَلِهِمْ مَوْلِدًا وَمُهَاجَرًا

معجزات کے اور واضح تر بیان والے ہیں اور خطاب والے، اور سب سے افضل ہیں ازروئے مقام ولادت و مقام ہجرت

وَعِتْرَةً وَاَصْحَابًا وَاَغْنَى الْعَرَبِ نِصَابًا وَاَبْيَنِ الْعَرَبِ خِطَابًا وَ

اور عترت و اصحاب کے اور سب عربوں سے زیادہ غنی ہیں ازروئے نصاب کے اور واضح تر ہیں ازروئے خطاب کے اور

اَكْثَرِ الْعَرَبِ نَيْلًا وَطَوْلًا وَاَرْسَلَهٗ مِنْ اَرْجَحِ الْعَرَبِ مِيْزَانًا وَاَوْضَحِهَا

تمام عربوں سے اکثر ہیں ازروئے حصول مقاصد اور طاقت کے اور مبعوث فرمایا انہیں وزنی میزان والے عربوں سے اور واضح تر ہیں

بَيَانًا وَاَوْفَاهَا ذِمَامًا وَاَصْفَاهَا زِعَامًا وَاَوْضَحَ الطَّرِيْقَةَ وَنَصَحَ

بیان والوں سے اور سب سے زیادہ عہد پورا کرنے والوں سے اور اعلیٰ تر ہیں سرداری والوں سے اور واضح کیا انہوں نے طریقت کو اور

الْخَلِيْقَةَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْحَقِيْقَةِ الْمُقَدَّسَةِ الْمُحِيْطَةِ بِاَنْوَاعِ

ہمدردی فرمائی مخلوق سے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما اس حقیقت مقدسہ پر جو محیط ہے تمام انواع آثار

الْاٰثَارِ مَعَ الْبَصَائِرِ وَالْاَبْصَارِ مَلَاَتْ جَدَاوِلُهُمْ بِاَنْوَاعِ مِيَاهِ الْحَيٰوةِ

کو مع بصیرتوں کے اور نگاہوں کے۔ بھر دیا ہے تو نے ان کی ندی نالیوں کو آب حیات کے جملہ اقسام سے

حَتّٰى عَرَفُوْكَ بِالْاُلُوْهِيَّةِ وَالصِّفَاتِ الْكَمَالِيَّةِ فَهٰذِهِ الرَّحْمَةُ مِنْكَ

حتی کہ انہوں نے تجھے پہچان لیا الوہیت اور صفات کمال کے ذریعے سے۔ تو تیری یہ رحمت عظیم ترین

مِنْ اَعْظَمِ الْاِنْعَامَاتِ لَيْسَ فِيْهَا قُصُوْرٌ وَغَيْرُ مَحْصُوْرَةٍ فِيْ

انعامات میں سے ہے جس میں کوئی کوتاہی نہیں اور نہ ہی وہ منحصر و محدود ہیں صرف

مَوْجُوْدٍ دُوْنَ مَوْجُوْدٍ بَلْ هِيَ بَحْرٌ مَوَّاجٌ يَغْمِسُ فِيْ كُلِّ سَاعَةٍ مِنَ

ایک موجود میں سوائے دوسرے کے بلکہ یہ ایسے انعامات ہیں جو موجیں مارتے سمندر ہیں جو ہر ایک کو ہر ساعت میں اپنے

السَّاعَاتِ فَرَحْمَتُكَ اَوْسَعُ مِنْ كُلِّ الْمَخْلُوْقَاتِ فَلَا يَقْرِشُهَا اَلْفُ

اندر غرق کرتے ہیں، پس تیری رحمت زیادہ وسیع ہے تمام مخلوقات سے نہیں بانٹ کر ختم کر سکتے اس کو

اَلْفِ عَالَمٍ مِثْلُ هٰذِهِ الْمَوْجُوْدَاتِ الْعُلْوِيَّاتِ وَالسُّفْلِيَّاتِ فَرَحْمَتُكَ

دس لاکھ جہاں مثل ان موجودات علویہ اور سفلیہ کے پس تیری رحمت

مُتَنَوِّعَةٌ بِاَنْوَاعِ الْمَوْجُوْدَاتِ كَرَحْمَتِكَ فِيْ حَقِّ الْعَرْشِ مِنْ اَنَّهٗ

مختلف النوع ہے مطابق انواع موجودات کے مانند تیری رحمت کے حق عرش میں

خَلَقْتَهٗ اَعْظَمَ السَّمٰوٰتِ ثُمَّ رَبَطْتَ الطُّلُوْعَ وَالْغُرُوْبَ بِهٖ بَرَّاقًا

کہ اس کو تمام آسمانوں سے عظیم تر بنایا پھر طلوع و غروب کو متعلق فرمایا ساتھ اس کے اور آنحالیکہ وہ روشن

مُتَلَاْلِئًا غَيْرَ مَوْكِبٍ طَلَبًا صَفْصَفًا تَحْتَهٗ مَسْكَنٌ لَاهُوْتِيَّاتٍ وَفِيْ

اور جگمگا رہا ہے نہیں جمعیت کا طالب بلکہ تنہا رواں دواں ہے اس کے نیچے مسکن ہے لاہوتی مخلوق کا اور اس کی

لَوْحِهٖ كَلِمَاتٌ مَسْطُوْرَاتٌ وَظِلُّهٗ يَوْمَ الْجَزَاءِ وَالْحَرِّ لِمَنْ تَقَرَّبَ

لوح پر کلمات حقوق و مسطور ہیں اور اس کا سایہ روز جزا اور دن گرمی حشر کے وقت ان کیلئے ہوگا جنہوں نے قرب

اِلَيْكَ بِحُسْنِ الطَّاعَاتِ وَالتَّصْدِيْقَاتِ مِنَ السَّابِقِيْنَ وَالسَّابِقَاتِ

تیرا حاصل کیا حسن طاعات اور تصدیقات کے ساتھ اہل سبقت مردوں اور عورتوں میں سے

وَتَعْظِيْمُهٗ فِي الْمَثَلِ وَالْكِنَايَاتِ فِي الْقُدْسِيَّاتِ وَحَمَلَتُهٗ اَعْظَمُ

اور اس کا بیان عظمت بطور امثال و کنایات ہے قدسیوں میں اور اس کو اٹھانے والے عجیب

الْمَخْلُوْقَاتِ مُشَرَّفَةٌ بِتَعْلِيْقِ الْقَائِمِ فَيَا اِلٰهَ مَلٰٓئِكَةِ الْعَرْشِ

مخلوق سے عظیم تر ہیں جو مشرف ہیں عرش کے جبرائیل کے ساتھ متعلق ہونے سے پس اے حاملین عرش ملائکہ کے

اِجْعَلْنِيْ مَحْبُوْبًا عِنْدَهُمْ فَاَهْبِشْ اَسْرَارَهُمْ فِيْ قَلْبِيْ هَاشًّا قَائِلًا

اللہ مجھے ان کے ہاں محبوب بنا دے کہ میں جمع کر لوں ان کے اسرار کو اپنے دل میں اور آقا کہتے ہوئے بولا

لِتَسْبِيْحَاتِهِمْ وَرُوْحِيْ آخِذَةٌ لِفَيْضِهِمْ وَمَدَدِهِمْ مُفِيْضَةٌ عَلٰى

انہیں کی تسبیحات اور میری روح ان سے فیض اور مدد حاصل کرتے ہوئے فیض رساں ہو

نَفْسِيْ فَتَكُوْنُ نَافِذَةً مِنْهُ إِلٰى أَحِبَّائِيْ إِيْثَارًا لِلْأُخُوَّةِ عَلٰى وَجْهِهٖ

میرے نفس پر پھر وہاں سے نافذ ہو میرے احباء کی طرف اس اخوت و محبت کو ترجیح دیتے ہوئے جیسے کہ اس کا حق ہے

فِيْ كَلَامِ إِلٰهِيْ ثُمَّ رَحْمَتُكَ الْوَاسِعَةُ وَالْعِلْمُ الْحَقُّ قَدْ أَحَاطَتْ بِكُلِّ

جو کلام الٰہی میں ثابت ہے پھر تیری وسیع رحمت اور برحق علم محیط ہیں

شَيْءٍ مِنَ السَّمٰوٰتِ الْمُدَوَّرَاتِ مَعَ الْكَوَاكِبِ حَتّٰى صِرْنَ مُزَيَّنَةً

ہر شئی کو حتی کہ مدور شکل کے آسمانوں میں سے ہر ایک کو مع کواکب کے حتی کہ وہ مزین ہو گئے

مُتَحَرِّكَةً بِحَرَكَةٍ هِيَ أَحْسَنُ الْحَرَكَاتِ فِيْ حَقِّهِمْ وَتَلَأْلَأَتِ الْكَوَاكِبُ

اور حرکت پذیر ہو گئے ایسی حرکت کے ساتھ جو ان کے حق میں سب حرکات سے حسین ترین ہے اور جگمگا اٹھے

بِالشُّعَاعَاتِ الْفَائِضَةِ عَلَيْهِمْ مِنْ عَكْسِ الْأَنْوَارِ خُصُوْصًا عَلَى

ستارے ان شعاعوں کے ساتھ جو ان پر فائض ہونے والی ہیں عکس انوار سے بالخصوص

النَّيِّرَيْنِ مِنَ النُّوْرَيْنِ الْكَائِنَيْنِ مِنْ عَكْسِ الْجَلَالِ وَالْجَمَالِ

ان دو نیروں پر جو منور ہیں ان دو نوروں سے جو جلال و جمال خداوندی کا عکس ہیں

حَتّٰى صَارَ فِيْ عَالَمِ الْأَجْسَامِ عَلٰى وَجْهِ الرَّحْمَةِ الْمُقْتَضِيَةِ لِقِوَامِ

حتی کہ ہو گیا عالم اجسام میں رحمت باری کی وجہ سے جو مقتضی ہے

نِظَامِ الْمَحْسُوْسَاتِ أَحَدُهُمَا طَبَّاخٌ وَالْآخَرُ صَبَّاغٌ وَوَهَبْتَ التَّاثِيْرَاتِ

محسوسات کے نظام کی پائیداری کی ان دو میں سے ایک پختہ و پز کرنے والا اور دوسرا رنگ و زینت دینے والا اور تو نے بخشی ہیں ان کو تاثیرات

لَهُمَا مِنْ مَحْضِ جُوْدِكَ وَاقْتِضَاءِ قُدْرَتِكَ فَهِيَ تَحْتَ أَمْرِكَ

محض اپنے جود اور تقاضائے قدرت سے پس وہ سبھی تیرے حکم کے ماتحت

مُطِيْعَةٌ لَكَ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ

اور اطاعت گزار ہیں اور سورج چلتا ہے اپنے مستقر تک۔ یہ حد بندی ہے عزیز و علیم

فَرَحْمَتُكَ وَسِعَتْ فِيْ حَقِّهِمَا حَتّٰى أَحَاطَ ضَوْءُهُمَا بِكُلِّ الْمَوْجُوْدَاتِ

کی طرف سے تو تیری رحمت وسیع ہے ان دونوں کے حق میں حتی کہ احاطہ کر رکھا ہے ان دونوں کی روشنی نے ان تمام موجودات

تَحْتَهُمَا وَشَرَّفْتَهُمَا بِأَنْوَاعِ التَّشْرِيْفَاتِ فَكَذٰلِكَ ارْحَمْ عَلٰى عَبْدِكَ

کا جو ان کے نیچے ہیں اور تو نے انہیں مختلف اقسام کی فضیلتوں سے مشرف فرمایا پس ایسے ہی اپنے اس عبد پر رحم فرما

هٰذَا بِأَنْوَاعِ التَّشْرِيْفَاتِ فَكَذٰلِكَ ارْحَمْ عَلٰى عُبَيْدِكَ هٰذَا بِأَنْوَاعِ

مختلف النوع فضائل کے ساتھ اور ایسے ہی رحم فرما اپنے اس بندے پر مختلف اقسام کے

الْآثَارِ الَّتِيْ لَا يُعْلَمُ بِهَا إِلَّا عِنْدَ تَحَقُّقِهَا أَوْ ظُهُوْرِ الْأَثَرِ مِنْهَا مِنْ

آثار کے ساتھ جن کا علم نہ ہو سکے کسی کو بھی مگر ان کے تحقق کے وقت یا ان کے اثر کے از روئے

حَيْثُ الطَّلْعَةِ وَالْجَمَالِ بِحَيْثُ صَارَ شَخْصُهُ مُسْتَغْرِقًا فِي

طلعت و جمال ظاہر ہونے کے وقت اس انداز سے کہ اس عبد کا وجود مستغرق ہو جائے

الْمُشَاهَدَاتِ مَعَ بَقَاءِ الشَّخْصِ الْبَشَرِيِّ وَالرُّوْحِ الْإِنْسَانِيِّ فَيَا

مشاہدات میں مع باقی رہتے شخص بشری اور روح انسانی کے پس اے

خَالِقَ السَّبْعِ السَّيَّارَةِ وَالْخَمْسَةِ الْمُتَحَيِّرَةِ وَسَائِرِ الْكَوَاكِبِ كُلِّهَا

پیدا کرنے والے سات سیارات کے اور پانچ متحیر و زہرہ بہرام تیرات کے اور دیگر تمام ستارگان کے

سَخِّرْهَا لَنَا فِيْ ظُهُوْرِ الْفِعْلِ مِنْهَا حِيْنَ قَصَدَ هٰذَا الدَّاعِيْ إِلَيْهَا

مسخر فرما ان سب کو ہمارے لئے ظہور افعال کے حق میں وقت ارادہ کرنے اس دعا گو کے ان کا

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ بِالْمُقَدَّمِ عِنْدَكَ عَلٰى سَائِرِ مَخْلُوْقَاتِكَ وَ

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل اس ذات کے جو تیرے ہاں مقدم ہیں سب مخلوقات پر اور

بِالْمُتَصَرِّفِ فِيْ أَهْلِ أَرْضِكَ وَسَمٰوٰتِكَ الَّذِيْ سَمَّيْتَهُ فِي الْأَرْضِ

بطفیل اس ذات کے جو متصرف ہیں اہل ارض اور اہل سموات میں جنہیں موسوم کیا ہے تو نے زمین میں

بِمُحَمَّدٍ وَفِي السَّمَاءِ بِمَحْمُوْدٍ وَخَصَّصْتَهُ بِاللِّوَاءِ الْمَعْقُوْدِ وَالْمَقَامِ

اسم محمد کے ساتھ اور آسمان میں محمود کے ساتھ اور مخصوص ٹھہرایا ہے انہیں لواء الحمد کے ساتھ اور بلند تر

الرَّفِيعِ الْكَرِيمِ وَأَنْ تُمِدَّنِي بِإِمْدَادِهِ وَأَنْ تَسْقِيَنِي بِشَرْبَةٍ مِنْ

اور بزرگتر مقام کے ساتھ کر اور امداد مہیا فرمائے ان کی خاص امداد سے اور پلائے مجھے ان کے

خَمْرِ حُبِّهِ وَوِدَادِهِ وَأَنْ تُنِيلَنِي نَفْحَةً مِنْ نَفَحَاتِهِ وَأَنْ تَخُصَّنِي

شراب محبت و مودت سے ایک گھونٹ اور مجھے عطا کرے عظیم عطیہ ان کے عطیات سے اور مجھے مخصوص فرمائے

بِجَذْبَةٍ مِنْ عَظِيمِ جَذَبَاتِهِ وَأَنْ تَمُنَّ عَلَيَّ بِالصِّدْقِ الْكَامِلِ فِي

ان کے عظیم جذبات میں سے خاص جذب کے ساتھ اور مجھ پر احسان فرمائے ان کی محبت میں صدق کامل

مَحَبَّتِهِ وَالْوُدِّ الشَّامِلِ لِأَهْلِ مَوَدَّتِهِ يَا مَنْ لَا يَرُدُّ السَّائِلَ خَائِبًا

اور ایسی مودت کاملہ کے ساتھ جو شامل ہو اہل مودت کو بھی اے وہ جو نہیں لوٹاتا سائلوں کو حالت حرمان میں

أَسْأَلُكَ بِجُمْلَةِ الْحَبَائِبِ أَنْ تُحَقِّقَنِي بِاتِّبَاعِ الشَّرِيعَةِ السَّامِيَةِ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے جملہ احباء کے طفیل کہ مجھے موصوف و متصف کرے شریعت عالیہ کی

وَالْاِقْتِدَاءِ بِطَرِيقَتِهِ النَّامِيَةِ لِأَكُونَ بِذٰلِكَ مِنَ الْفَائِزِينَ وَعَلَى

اتباع اور طریقت گرامی کی اقتداء کے ساتھ تاکہ ہو جاؤں میں اس کے ساتھ کامیابی حاصل کرنے والوں سے

الْكَوْثَرِ مِنَ الْوَارِدِينَ يَا قَوِيُّ يَا مَتِينُ اَللّٰهُمَّ بِبَرَكَةِ قَدْرِهِ عِنْدَكَ

اور حوض کوثر پر وارد ہونے والوں سے اے صاحب قوت۔ اے پائیدار و مستحکم۔ اے اللہ بطفیل ان کی قدر مبارک کے جو

أَجِبْنِي يَا عَجِيبَ الصَّنَائِعِ يَا مَنِيعُ يَا مُعِينُ يَا مَعْبُودُ يَا مَقْصُودُ يَا

تیری بارگاہ میں ہے میری عرض قبول فرما اے عجیب صنائع والے اے ناقابل تسخیر۔ اے معین۔ اے معبود۔ اے مقصود۔ اے

مَوْجُودُ آتِنَا بِحُرْمَتِهِ جَمِيعَ سُؤَالِنَا فِي دِينِنَا وَدُنْيَانَا وَآخِرَتِنَا

موجود عطا کر ہمیں ان کی حرمت و عزت کے طفیل ہمارے تمام مطالب دینی اور دنیاوی اور اخروی۔

أَنْتَ مَوْلَانَا أَجِبْ دُعَاءَنَا وَلَا تُخَيِّبْ آمَالَنَا وَآمَالَ جَمِيعِ أَحْبَابِنَا

تو ہی ہمارا مددگار ہے ہماری دعا قبول فرما اور ہماری آرزوؤں کو حرمان سے دوچار نہ فرما اور اسی طرح ہمارے تمام

وَأَصْدِقَائِنَا وَأَهْلِنَا وَأَوْلَادِنَا وَالْقَرِيبِ وَالْبَعِيدِ وَالشَّقِيِّ وَالسَّعِيدِ

احباب و اصدقاء اور اہل و اولاد اور قریب و بعید اور بدبختوں اور نیک بختوں کی آرزوؤں کو پورا فرما۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِحُرْمَةِ جَمِيعِ حُرُوفِ اللَّوْحِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر بطفیل عز و احترام ان تمام حروف کے جو لوح محفوظ میں

فِي عِلْمِ اللّٰهِ وَمِنَ الْمَحْفُوظِ تُنَزَّلُ إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ هُوَ كَلَامُ اللّٰهِ

نقش ہیں اور اللہ تعالیٰ کے علم میں ہیں اور لوح محفوظ سے نازل کئے جاتے ہیں طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ أَلِفِ

کلام اللہ ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب

الْبِدَايَةِ وَالنِّهَايَةِ وَبَاءِ بُرْهَانِ الدَّلَالَاتِ وَتَاءِ تَكْوِينِ

بدایت و نہایت کی الف ہیں اور برہان و دلالات کی باء ہیں اور مخلوقات کی تکوین

الْمُكَوَّنَاتِ وَثَاءِ ثَوَابِ الْأَعْمَالِ الصَّالِحَاتِ وَجِيمِ جَنَى الْجَنَّتَيْنِ

و ایجاد کی تاء اور اعمال صالحہ کے ثواب کی ثاء اور جنتوں سے چنے ہوئے پھلوں کی جیم ہیں

وَحَاءِ حِمَايَةِ الدُّنْيَا وَالدِّينِ وَخَاءِ خِتَامِ الْخَيْرَاتِ وَدَالِ دَلِيلِ

اور دین و دنیا میں حمایت کی حاء ہیں۔ خیرات کے اختتام اور مہر کی خاء دلیل نجات کی دال ہیں اور

النَّجَاةِ وَذَالِ ذُرَى الْمَعَالِي وَرَاءِ رُوحِ الشَّرَفِ الْعَالِي وَزَاءِ زَهْرَةِ

اعلیٰ صفات کے ذروہ و بلندی کی ذال ہیں۔ شرف و مرتبت عالی کی روح کی راء ہیں نورانیت و ضیاء کی زہرت اور بہار کی زاء ہیں

السَّنَا وَسِينِ السَّعَادَةِ وَسَحَائِبِ الْغُفْرَانِ وَشِينِ الشَّرَافَةِ وَ

سعادت اور مغفرت کے سحائب اور بادلوں کی سین ہیں۔ شرافت اور شمائل محمود خصال کی شین ہیں۔

شَمَائِلِ النَّدَى وَصَادِ صَلَاحِ الْأَخْيَارِ وَضَادِ ضِحَاءِ الْأَيَّامِ وَطَاءِ

نیک سیرت لوگوں کے صلاح و تقویٰ کا صاد۔ ایام کی ضیاء اور روشنی کی ضاد ہیں۔ روشن نور کے طراز و

طِرَازِ النُّورِ الْأَسْنَى وَظَاءِ ظُهُورِ الْآيَاتِ وَعَيْنِ عِرْفَانِ الْأَنَامِ وَ

نقش کی طاء ہیں اور ظہور آیات کی ظاء ہیں اور عرفان خلائق کا عین ہیں

غَيْنِ غَنِيمَةِ الْفَلَاحِ وَفَاءِ فَصَاحَةِ الْفُصَحَاءِ وَقَافِ قَلَائِدِ

فلاح و کامرانی والی غنیمت کا غین ہیں۔ فصیح لوگوں کی فصاحت کی فاء ہیں۔ احسان و انعام کے قلائد اور ہاروں کا

الْاِمْتِنَانِ وَكَافِ كُنُوْزِ الْهِدَايَاتِ وَلَامِ لَوَامِعِ الْاَنْوَارِ وَمِيْمِ مَوَادِّ

قاف ہیں۔ کنوز ہدایات کا کاف۔ اور لوامع و روشن انوار کا لام۔ مواد

الْاَسْرَارِ وَنُوْنِ نَعِيْمِ الْاَبْرَارِ وَوَاوِ وِصَالِ الْاَحْبَابِ وَهَاءِ هُدٰى

اسرار کا میم اور ابرار و محسنین کے نعیم کا نون اور وصال احباب کی واؤ اور ہدایت یافتگان کی

مَنِ اهْتَدٰى وَلَامِ الْاَسْبَابِ الْمُوْصِلَةِ اِلَى الْغُرَفِ وَالْعِرْفَانِ وَاَلِفِ

ہدایت کی ہاء۔ اور لام ہیں ان اسباب کا جو پہنچانے والے ہیں جنت کے بالاخانوں اور منازل عرفان تک اور الف

اِرَادَةِ رَبِّ الْاَرْبَابِ وَيَاءِ يَدِ الْاِنْعَامِ السَّامِيَةِ الْمُوْدَعَةِ فِي الْقُرْاٰنِ

ہیں رب الارباب کے ارادہ کی۔ اور یاء ہیں بلند مرتبت ید اور دست انعام کی جو ودیعت کئے گئے ہیں قرآن میں

مِنْ ذِي الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

مالک جلال و اکرام کی طرف سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قُدْوَةِ السَّابِقِيْنَ وَالْلَّاحِقِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

سیدنا محمد کی آل پر جو آقا مقتداء ہیں پہلوں اور پچھلوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الدَّالِّ عَلٰى سَبِيْلِ النَّجَاتِ وَالْمُوْصِلِ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جو رہنمائی فرمانے والے ہیں راہ نجات کی اور واصل کرنے والے ہیں

اِلٰى رِضَاءِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

زمین اور آسمانوں کے مالک کی رضاء تک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ زَهَتْ بِهٖ بَيْتُ الْعِزَّةِ وَغَدَتْ

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جن پر فخر و ناز کیا بیت العزت نے اور جن کی بدولت

بِهِ النُّفُوْسُ مُعْتَزَّةً وَّالْقُلُوْبُ فِيْ عِزَّةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

نفوس عزت پا گئے اور قلوب عزت والے بن گئے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ سَمَتْ بِهِ السَّمٰوٰتُ وَزَانَتْ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب کی بدولت ایستادہ ہوئے افلاک اور زینت حاصل کی

بِهٖ طُرُقُ السَّمٰوٰتِ وَاَشْرَقَتْ بِهِ الْمَشَارِقُ وَتَحَقَّقَتْ بِهِ الْحَقَآئِقُ

ان کے ساتھ آسمانوں کے راستوں نے اور چمک اٹھے ان کی وجہ سے اہل مشرق و مغرب اور انہیں کی بدولت حقائق نے لباس وجود پہنا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے طفیل

اُبِيْحَ بِهٖ لِاُمَّتِهٖ نَعِيْمُ الْجِنَانِ وَبَهْجَتُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

مباح کئے گئے ان کی امت کے لیے نعیم جنات اور ان کی رونق و بہار۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ اُتْحِفَ بِهِ الْاَنَامُ مَوَآئِدَ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جن کی بدولت تحفہ دیا گیا ساری مخلوق کو دوام و

الْخُلْدِ بِدَارِ السَّلَامِ وَنَالَ بِهٖ اَهْلُ الْاِيْمَانِ مَحَاسِنَ الْحُوْرِ وَ

خلود کے دسترخوان کا دار السلام میں۔ اور پالیا آپ کی بدولت اہل ایمان نے حسین حوروں

الْوِلْدَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَكَرِّمْ وَعَظِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور غلمان کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام۔ کرامت و عظمت اور برکت عطا فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ يَرْجُوْ بِهٖ مَنْ اَطَاعَهٗ نَيْلَ

محمد کو اور آپ کی آل کو کہ جس محبوب کی بدولت امید رکھتے ہیں ان کے اطاعت گزار

الْخُلْدِ وَالشَّفَاعَةِ وَيُؤَمِّلُهٗ مُرْتَجِيْهِ اَنْ يُّنْقِذَهٗ مِنَ النَّارِ وَيُنْجِيَهٗ

شفاعت اور خلد کے حصول کی اور امیدیں رکھتے ہیں ان سے رجاء و امید رکھنے والے کہ انہیں بچالیں گے آتش دوزخ سے اور ان کو نجات دلائیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ

گے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے طفیل

كُوِّنَتْ بِهِ الْاَكْوَانُ وَرُفِعَتْ بِهٖ دَرَجَاتُ الْجِنَانِ وَسُعِدَ بِهٖ

موجودات کو پیدا کیا گیا اور بلند کئے گئے ان کے طفیل جنات کے درجات اور سعادت مند ہوگئے ان کے طفیل

الرِّضْوَانُ وَالْوِلْدَانُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

رضوان جنت اور غلمان۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِي اسْتَنَارَتْ بِهِ الْأَنْوَارُ وَأَمِنَ بِهِ الْعُصَاةُ مِنَ

آل پر کہ جس محبوب کی بدولت انوار نے نورانیت حاصل کی اور امن و نجات حاصل کر لی عاصیوں نے ان کے طفیل

الْخُلُودِ فِي النَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

آتش دوزخ میں ہمیشہ رہنے سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد

مُحَمَّدِ الَّذِي نَالَتْ بِهِ أُمَّتُهُ الْحَظْوَةَ وَالْكَرَامَةَ وَظَهَرَتْ حُرْمَتُهُ

کی آل پر جن کی بدولت اُمت نے عزت و کرامت پائی اور ظاہر ہوئی ان کی حرمت

وَمَزِيَّتُهُ فِي عَرَصَاتِ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور فضیلت قیامت کے میدانوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِي يُنَادِي عِنْدَ ضِيقِ الْخَلَائِقِ أَغِثْنَا يَا

اور آپ کی آل پر جس محبوب کو ندا دی جائے گی مخلوقات کی تنگی اور پریشان حالی میں جاری فریاد کو پہنچ اے

مَلَاذَ الْخَلَائِقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

سب مخلوق کی جائے پناہ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ الَّذِي نُورُ وَجْهِهِ الْكَرِيمِ يُشْرِقُ وَلِوَاۤؤُهُ فِي الْحَشْرِ يَخْفِقُ

پر جن کے چہرۂ کرامت کا نور چمکتا ہوگا اور میدان حشر میں ان کا لواء حمد لہراتا ہو گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِي

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب کی

أَظْهَرَ اللّٰهُ قَدْرَهُ وَفَضْلَهُ يَوْمَ يَغْضَبُ الرَّبُّ غَضَبًا لَّمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ

قدر و منزلت اور فضل و شرف کو اللہ تعالیٰ ظاہر فرمائے گا جس دن وہ ایسے غضب کا اظہار کرے گا کہ کبھی پہلے اس طرح کا اظہار

مِثْلَهُ وَلَا يَغْضَبُ بَعْدَهُ مِثْلَهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

کیا اور نہ اس کے بعد اس کی مانند نازل ہو گا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِي تَمَنْطَقَ بِمِنْطَقَةِ الرِّضْوَانِ وَتَدَرَّعَ

آپ کی آل پر جس محبوب نے رضوان و رضائے الٰہی کا کمر بند باندھا اور زرہ پہنی

بِدِرْعِ الْعِزِّ وَالْأَمَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

عزت و امان والی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِي أَدْخَلَهُ اللّٰهُ فِي حِصْنِ كَنَفِهِ وَأَوْدَعَهُ اللّٰهُ بِسِرِّ

محمد کی آل پر جنہیں اللہ تعالیٰ نے داخل فرمایا اپنے پہلوئے رحمت کے مضبوط قلعہ میں اور ودیعت فرمایا

خَفِيِّ لُطْفِهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اپنے مخفی لطف کے راز کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ الَّذِي يَتَحَلّٰى بِحُلَّةِ الْكَمَالِ يَوْمَ يَتَجَلَّى الْجَلِيلُ بِصِفَةِ

پر جو محبوب خلعت کمال کو زیب تن فرمائیں گے جس دن رب جلیل تجلی جلال کے ساتھ

الْجَلَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

ظاہر ہو گا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

الَّذِي لَا يَزَالُ قَائِمًا بَيْنَ يَدَيِ الْجَبَّارِ حَتّٰى يُدْخِلَ أُمَّتَهُ دَارَ الْقَرَارِ

جو رب جبار کے حضور قیام پذیر رہیں گے یہاں تک داخل کر لیں گے اپنی اُمت کو دار قرار میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِي

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب کے

لَا يَزَالُ بِيَدِهِ لِوَاۤءُ الْحَمْدِ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنْ أُمَّتِهِ فِي الْمَوَاقِفِ أَحَدٌ

دست اکرام میں لواء الحمد رہے گا یہاں تک کہ نہ باقی رہے گا ان کی اُمت سے کوئی فرد موقف حشر اور پل صراط وغیرہ میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِي

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب

يَتَجَلّٰى بِحُسْنِ مَعَانِيهِ عَلٰى قِبَابِ الْفِرْدَوْسِ وَعُلُوِّ مَبَانِيهِ اَللّٰهُمَّ

تجلی فرما ہوں گے اپنے حسن معانی و صفات کے ساتھ جنت الفردوس کے قبہ جات پر اور بلند و بالا محل و مبانی پر اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِي أَلْبَسَهُ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس محبوب کو زیب تن کرائی

اللهُ حُلَّةَ التَّوْحِيْدِ وَالْاِصْطِفَا وَسَقَاهُ اللهُ شَرَابَ الصِّدْقِ وَالْوَفَا

اللہ تعالیٰ نے خلعت توحید اور اصطفاء کی اور پلایا انہیں شراب صدق و وفا کا۔

اَللّٰهُمَّ اشْرَحْ بِهَا صُدُوْرَنَا وَيَسِّرْ بِهَآ اُمُوْرَنَا وَاَخْرِجْنَا بِهَا مِنْ كُلِّ

اے اللہ ان صلوات کے طفیل ہمارے سینے کشادہ فرما اور ہمارے امور آسان فرما اور نکال ان کے طفیل ہمیں

ضِيْقٍ وَّعُسْرٍ اِلٰى كُلِّ فَرَجٍ وَّيُسْرٍ وَّقَرِّبْنَا بِهَا قُرْبَةً نَّصِيْرُ بِهَا لَدَيْكَ

ہر تنگی اور مشکل سے طرف کشائش اور سہولت کے اور ان کے طفیل ہمیں قربت و نزدیکی عطا فرما کہ جس کی بدولت ہم تیرے

مِنْ اَعْلَى الْمُقَرَّبِيْنَ وَاكْتُبْنَا عِنْدَكَ مِنَ الْمَحْبُوْبِيْنَ وَابْعِدْنَا

ہاں اعلیٰ مقربین میں سے ہو جائیں اور لکھ ہمیں اپنے ہاں محبوبین میں سے اور دور فرما ہمیں

عَنْ دِيْوَانِ الْبُعَدَآءِ وَالْمَطْرُوْدِيْنَ وَبَارِكِ اللّٰهُمَّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ

بعید اور دھتکارے ہوئے لوگوں کے دفتر سے۔ اور برکت عطا فرما۔ اے اللہ ان پر اور ان کی آل پر

وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَصَلِّ صَلَاةً مِّنْكَ

اور تمام اصحاب پر اور تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو پالنے والا ہے سب جہانوں کا اور صلوٰۃ بھیج اپنی طرف

عَلَيْهِ مَقْبُوْلَةً بِكَ مِنَّا لَدَيْكَ تَلِيْقُ بِذَاتِهٖ وَتَغْمِسُنَا بِهَا فِيْ اَنْوَارِ

سے ان پر ایسی صلوٰۃ جو مقبول ہو تیرے طفیل ہماری طرف سے ان کے ہاں جو ان کے شایان شان ہو اور اس کے طفیل ہمیں مستغرق

تَجَلِّيَاتِهٖ وَتُطَهِّرُ بِهَا قُلُوْبَنَا وَتُقَدِّسُ بِهَآ اَسْرَارَنَا وَتُرَقِّيْ بِهَا

فرما ان کے انوار تجلیات میں اور پاک کرے اس کے وسیلے ہمارے قلوب کو اور مقدس فرمائے ہمارے باطنوں کو اور ترقی دے

اَرْوَاحَنَا وَتُعَمِّمُ بَرَكَاتِهَا عَلَيْنَا وَعَلٰى مَشَايِخِنَا وَوَالِدِيْنَا وَالْمُسْلِمِيْنَ

ہمارے ارواح کو اور عام کرے ان کی برکات کو ہم پر۔ ہمارے مشائخ اور ہمارے والدین پر اور مسلمان مردوں اور

وَالْمُسْلِمَاتِ مَقْرُوْنَةً بِسَلَامٍ مِّنْكَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ مَضْرُوْبَةً

عورتوں پر جو متصل و مقرون ہوں تیرے سلام کے ساتھ قیامت کے دن تک ضرب دی گئی ہو ان پر سے

بِاَلْفِ اَلْفِ صَلٰوةٍ وَّتَسْلِيْمٍ عَلَى السَّيِّدِ الْاَمِيْنِ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

ہر صلوٰۃ ہزار ہزار ضرب ہزار صلوٰۃ و سلام کے ساتھ جو بھیجی گئی ہوں سید امین پر اور ان کے اہل و اصحاب

اَجْمَعِيْنَ مِنْكَ فِيْ كُلِّ وَقْتٍ وَّحِيْنٍ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَ

تمام پر تیری طرف سے ہر وقت اور ہر لمحہ میں اور تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں اور

اجْمَعْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهٗ كَمَا جَمَعْتَ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالنَّفْسِ ظَاهِرًا وَّ

جمع فرما مجھے اور انہیں اے اللہ جیسے تو نے اکٹھا کیا ہے روح اور نفس کو ظاہرا اور باطن میں اور

بَاطِنًا يَقْظَةً وَّمَنَامًا وَّاجْعَلْهُ يَا رَبِّ رُوْحًا لِّذَاتِيْ مِنْ جَمِيْعِ

بیداری اور نیند میں۔ اور بنا دے انہیں اے میرے رب روح میری ذات کے لیے تمام

الْوُجُوْهِ فِي الدُّنْيَا قَبْلَ الْاٰخِرَةِ يَا عَظِيْمُ اَللّٰهُمَّ امْلَأْ سُوَيْدَآءَنَا

وجوہ سے دنیا میں ہی آخرت سے پہلے اے مالک عظمت۔ اے اللہ بھر دے ہمارے دل کی گہرائیوں کو

مِنْ سَنَاهُ وَقُلُوْبَنَا مِنْ نُّعْمَاهُ وَاَهِّلْنَا بِمُجَالَسَتِهٖ فِيْ كُلِّ دِيْوَانٍ

ان کی روشنی سے اور ہمارے قلوب کو ان کی نعمتوں سے اور اہل بنا دے ہمیں ان کی ہمنشینی کا ہر کچہری میں اور

وَّاَلْحِقْنَا بِجَلَالَتِهٖ فِيْ كُلِّ مَشْهَدٍ يَّنَالُهٗ اِنْسَانٌ اِنَّكَ وَلِيُّ الْعَطَآءِ

لاحق فرما ہمیں ان کی جلالت و بزرگی کے ساتھ ہر مشہد میں جس کو کوئی بھی انسان پا سکتا ہو بیشک تو مالک ہے عطا کا

وَالْاِمْتِنَانِ اٰمِيْنَ يَا مُعْطِيْ يَا وَهَّابُ يَا حَنَّانُ اَللّٰهُمَّ اَلْحِقْنِيْ

اور احسان کا آمین۔ اے معطی۔ اے وہاب۔ اے حنان۔ اے اللہ مجھے لاحق فرما

بِنَسَبِهِ الرُّوْحِيِّ وَحَقِّقْنِيْ بِحَسَبِهِ السُّبُّوْحِيِّ وَعَرِّفْنِيْ اِيَّاهُ مَعْرِفَةً

ان کے روحانی نسب کے ساتھ اور مجھے تمام و پائیدار رکھ ان کے سبوحی قدسی حسب کے ساتھ اور مجھے ان کی پہچان

اَشْهَدُ بِهَا مُحَيَّاهُ وَاَبْصُرُ بِهَا مُحَلَّاهُ كَمَا يُحِبُّهٗ وَيَرْضَاهُ وَاَسْلَمُ

کہ جس کے ساتھ مشاہدہ کروں ان کے روئے اقدس کا اور دیکھوں ان کے کمال و زینت کو جیسے وہ محبوب رکھیں اور پسند فرمائیں اور

بِهَا مِنْ وُّرُوْدِ مَوَارِدِ الْجَهْلِ بِعَوَارِفِهٖ وَاَكْرَعُ بِهَا مِنْ مَّوَارِدِ

محفوظ رہوں جس سے ان کے عوارف و عطیات سے جہالت والے گھاٹوں میں وارد ہونے سے اور پیوں ان کے ذریعے کمال فضل اور معارف کے

الْفَضْلِ بِمَعَارِفِهٖ وَاحْمِلْنِيْ عَلٰى نَجَائِبِ لُطْفِكَ وَرَكَائِبِ

ہر گھاٹ سے ان کے فضل و کمال اور معارف کے مواردوں سے اور سوار فرما مجھے اپنے لطف و کرم کی عمدہ سواریوں پر اور اپنی عنایت اور

حَنَانِكَ وَعَطْفِكَ وَسِرْبِیْ فِیْ سَبِیْلِهِ الْقَوِیْمِ وَصِرَاطِهِ الْقَوِیْمِ اِلٰی

مہربانی کی اونٹنیوں پر، اور چلا مجھے ان کے راہ راست پر اور پائیدار شاہراہ پر

حَضْرَتِهِ الْمُتَّصِلَةِ بِحَضْرَتِكَ الْقُدْسِیَّةِ الْمُتَبَجِّلَةِ بِتَبْجِیْلِكَ

طرف ان کی بارگاہ اقدس کے جو متصل ہے تیری بارگاہ مقدسہ کے ساتھ وہ تعظیم و عظمت پانے والی ہیں تیری

مَحَاسِنَهُ الْاُنْسِیَّةَ حَمْلًا مَحْفُوْفًا بِجُنُوْدِ نُصْرَتِكَ مَصْحُوْبًا بِعَوَالِمِ

عطا کردہ عظمت کے ساتھ ان کے محاسن انسیہ۔ اس طرح پر سوار فرما جو گھرا ہو تیری نصرت کے لشکروں میں جو صحبت ہو

اَسْرَارِكَ وَاقْذِفْ بِیْ عَلَی الْبَاطِلِ بِاَنْوَاعِهِ فِیْ جَمِیْعِ بِقَاعِهِ فَاَدْمَغَهُ

تیرے اسرار کے عوالم کا اور مجھے پھینک باطل پر بمع اس کے تمام اقسام کے اس کے تمام مقامات میں ہیں اس کو نیست و نابود

بِالْحَقِّ عَلَی الْوَجْهِ الْاَحَقِّ وَزُجَّ بِیْ فِیْ بِحَارِ الْاَحَدِیَّةِ الْمُحِیْطَةِ

کردوں ساتھ حق کے ایسے طریقہ پر جو موزوں و مناسب ترین ہو، اور مجھے کھینچ لے احدیت کے سمندروں میں جو محیط ہیں

بِكُلِّ مُرَكَّبٍ وَّبَسِیْطٍ وَّانْشُلْنِیْ مِنْ اَحْوَالِ التَّوْحِیْدِ اِلٰی فَضَاۤءِ

ہر مرکب اور بسیط کو اور مجھے چلا توحید کے احوال سے تفرید کی فضاء کی طرف

التَّفْرِیْدِ الْمُنَزَّهِ عَنِ الْاِطْلَاقِ وَالتَّقْیِیْدِ وَاَغْرِقْنِیْ فِیْ عَیْنِ بَحْرِ

جو منزہ ہے اطلاق اور تقیید سے اور مجھے مستغرق فرما بحر

الْوَحْدَةِ شُهُوْدًا حَتّٰی لَا اَرٰی وَلَا اَسْمَعَ وَلَا اَجِدَ وَلَا اُحِسَّ اِلَّا بِهَا

وحدت میں از روئے شہود کے حتی کہ میں نہ دیکھوں اور نہ سنوں، نہ پاؤں اور نہ محسوس کروں مگر اسی

نُزُوْلًا وَّصُعُوْدًا كَمَا هُوَ كَذٰلِكَ لَنْ یَّزَالَ وُجُوْدًا وَّاجْعَلِ اللّٰهُمَّ

وحدت کو حالت نزول میں بھی اور حالت صعود و ترقی میں بھی جیسے وہ واجب الوجود ہے ایسے ہی ہمیشہ رہے گا۔ اور بنا دے

الْحِجَابَ الْاَعْظَمَ حَیَاةَ رُوْحِیْ كَشْفًا وَّعِیَانًا اِذِ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ رَحْمَةً

اے اللہ حجاب اعظم کو میرے روح کی حیات از روئے کشف اور معاینہ کے کیونکہ حقیقت حال اسی طرح ہے تیری رحمت

مِّنْكَ وَحَنَانًا وَّاجْعَلِ اللّٰهُمَّ سِرَّ حَقِیْقَتِیْ ذَوْقًا وَّحَالًا وَّحَقِیْقَتَهُ

و عنایت سے اور بنا دے اے اللہ میری حقیقت کے سر وباطن کو سرا پا ذوق اور حال اور اصل حقیقت

جَامِعَ عَوَالِمِیْ حَالًا وَّمَآلًا وَّحَقِّقْنِیْ بِذٰلِكَ عَلٰی مَا هُنَالِكَ بِتَحْقِیْقِ

کو میرے تمام عوالم کی جامع از روئے حال کے اور مآل و انجام کے اور مجھے تحقیق اور پائیدار فرما اس حقیقت جامعہ کے ساتھ بسبب

الْحَقِّ الْاَوَّلِ وَالْاٰخِرِ وَالظَّاهِرِ وَالْبَاطِنِ فَنَسْاَلُكَ اللّٰهُمَّ بِجَاهِهِ

حقیقت اس حق کے جو اول بھی ہے اور آخر بھی، ظاہر بھی وہی ہے اور باطن بھی پس سوال کرتے ہیں تجھ سے اے اللہ بطفیل ان کی

لَدَیْكَ وَبِكَرَامَتِهِ عَلَیْكَ اَنْ تُعَمِّرَ قَوَالِبَنَا بِاَفْعَالِهِ وَاَسْمَاعَنَا

عزت و حرمت کے تیرے ہاں کرامت ہاں فرما دے ہمارے ڈھانچوں کو ان کے افعال کے ساتھ اور ہمارے کانوں کو

بِاَقْوَالِهِ وَقُلُوْبَنَا بِاَنْوَارِهِ وَاَرْوَاحَنَا بِاَسْرَارِهِ وَاَشْبَاحَنَا

ان کے اقوال کے ساتھ اور قلوب کو ان کے انوار کے ساتھ اور روحوں کو ان کے اسرار اور اجسام کو

بِاَحْوَالِهِ وَسَرَآئِرَنَا بِمُعَامَلَتِهِ وَبَوَاطِنَنَا بِمُشَاهَدَتِهِ وَاَبْصَارَنَا

ان کے احوال کے ساتھ اور ہمارے اسرار کو ان کے معاملہ اور بواطن کو ان کے مشاہدہ اور نگاہوں کو

بِاَنْوَارِ مُحَیَّا جَمَالِهِ وَخَوَاتِمَ اَعْمَالِنَا فِیْ مَرْضَاتِهِ حَتّٰی

ان کے چہرہ کے انوار جمال کے ساتھ اور ہمارے آخری اعمال کو ان کی رضا مندی میں حتی کہ

نَشْهَدَكَ بِهِ وَهُوَ بِكَ فَاَكُوْنَ نَآئِبًا عَنِ الْحَضْرَتَیْنِ بِالْحَضْرَتَیْنِ

ہم مشاہدہ کریں تیری ذات کا ان کے ذریعہ اور ان کا تیرے ذریعے پس ہو جاؤں میں نائب اور خلیفہ دونوں بارگاہوں کا ان دونوں

وَاَدُلَّ بِهِمَا عَلَیْهِمَا وَنَسْاَلُكَ اللّٰهُمَّ اَنْ تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ عَلَیْهِ صَلٰوةً

مشاہدوں کے ذریعے اور راہ سمروں کی رہنمائی کروں ان دونوں شہودوں کے ذریعے ان دونوں بارگاہوں پر، اور سوال کرتے ہیں تجھ سے اے اللہ

وَّتَسْلِیْمًا یَّلِیْقَانِ بِجَنَابِهِ وَعَظِیْمِ قَدْرِهِ وَتَجْمَعَنِیْ بِهِمَا عَلَیْهِ

کہ ان پر صلوٰۃ و سلام بھیج جو ان کی بارگاہ اور عظیم قدر کے لائق اور شایاں ہوں، اور جمع کرے مجھے ان کی بدولت ان کے ساتھ

وَتُقَرِّبَنِیْ بِخَالِصِ وُدِّهِمَا لَدَیْهِ وَتَنْفَحَنِیْ بِسَبَبِهِمَا نَفْحَةَ

اور مقرب فرما لے ان کے ہاں اس صلوٰۃ و سلام کی خالص محبت کے ذریعے اور عطا کرے ان کے سبب

الْاَتْقِیَآءِ وَتَمْنَحَنِیْ مِنْهُمَا مِنْحَةَ الْاَصْفِیَآءِ وَاجْعَلِ اللّٰهُمَّ دَلَالَتَنَا

اتقیاء والا عطیہ اور ہبہ کرے ان دونوں کی وجہ سے اصفیاء والا ہبہ اور بنا دے اے اللہ

عَلَيْكَ بِهٖ وَمُعَامَلَتَنَا مَعَكَ مِنْ أَنْوَارِ مُتَابَعَتِهٖ وَنَسْأَلُكَ الشَّفَاعَةَ

ہماری رہنمائی تیری ذات کی طرف ان کے ذریعے اور ہمارا معاملہ ساتھ تیرے ان کے انوارِ متابعت کے طفیل اور سوال کرتے ہیں تجھ سے

وَالرَّحْمَةَ الشَّامِلَةَ وَالْعَفْوَ وَالرَّأْفَةَ الْعَامَّةَ الْكَامِلَةَ وَالتَّوْفِيقَ

شفاعت رحمت شاملہ کا اور عفو کا اور رحمت کاملہ تامہ کا اور توفیق کا

إِلٰى طَاعَتِهٖ وَاتِّبَاعِ سَبِيلِهٖ بِكَ مُعَافًى مِّنْ جَمِيعِ مَا لَا يُرْضِيهِ

ان کی اطاعت کیلئے اور ان کے راستہ کی اتباع کے لیے ساتھ تیری ذات کے درآں حالیکہ معافی دے گئے ہوں ان تمام امور سے جو ان کیلئے پسندیدہ

مُسْتَهْلِكًا جَمِيعَ حَرَكَاتِهٖ وَسَكَنَاتِهِ الْبَاطِنَةِ وَالظَّاهِرَةِ مِنْ تَدَارُكِهٖ

ہوں اور ہلاک (فنا) کرنے والے ہوں تمام حرکات و سکنات ظاہرہ و باطنہ کو جو سرزد ہوں اپنے مدارک سے

أَبَدًا فِي مَرَاضِيهِ مُشَاهِدًا لَّهٗ بِهٖ مَا دَامَ دَوَامُهٗ لِيَبْلُغَ الْعَبْدُ

ہمیشہ ان کی رضا مندیوں میں درآں حالیکہ مشاہدہ کرنے والا ہو اس کا ساتھ اسی کے ہمیشہ کہ اس کا دوام ہے تاکہ پہنچ جائے یہ عبد

بِذٰلِكَ رِضَاهُ وَرِضَاكَ إِتْيَانًا بِعُبُودِيَّتِهٖ وَقِيَامًا بِبَعْضِ وَفَاءِ

اس ذریعے سے ان کی رضا اور تیری رضا تک امتیازی نشان حاصل کرتے ہوئے ان کی عبودیت کا اور قائم رکھتے ہوئے اس کے

حُقُوقِ رُبُوبِيَّتِهٖ حَسْبَمَا يُمْكِنُهٗ مِنْ طَاقَتِهٖ مَعَ تَرْجِيحِ ذٰلِكَ

حقوق ربوبیت میں سے بعض کے ایفاء کو مطابق اس عبد کی ممکنہ قوت و طاقت کے مع ترجیح دینے اس کے ساتھ

بِنَوْعِ قَابِلِيَّتِهٖ وَبِفَوْزِ نَصِيبِهٖ مِنَ الْحُبِّ الْعَامِّ وَلَوَازِمِهٖ وَ

ایک قسم کی قابلیت اور استعدادِ عبد کے اور اس کے پورے حصہ پانے کے حب عام سے اور اس کے لوازم سے اور

الْخَاصِّ وَمَعَالِمِهٖ لَكَ وَلِرَبِّكَ بَالِغًا بِذٰلِكَ رُتْبَةَ الْفَنَاءِ فِيهِ

حب خاص اور اس کے معالم سے واسطے آپ کے اور آپ کے رب جلیل کے کر پہنچنے والا ہو بوجہ اس حب عام و خاص کے

وَالْفَنَاءِ عَنِ الْفَنَاءِ بِشُهُودِهٖ إِيَّاهُ بِهٖ فِي حَضْرَةِ وَحْدَتِهٖ بِالْبَقَاءِ

ایسے رتبہ فنا فی اللہ تک بلکہ فنا عن الفناء کے رتبہ تک بسبب اس کے مشاہدہ کے ساتھ اسی کے اس کی بارگاہ یکتائی میں مع بقاء

مَعَهٗ فِي جَمِيعِ مَعَالِمِهٖ وَمَشَاهِدِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

باللہ و مع اللہ کے تمام معالم و مشاہد میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِي هَدَاهُ اللّٰهُ بِأَهْدٰى سُبُلِهٖ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس محبوب کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت دی ہے اپنی کامل ہدایت والے

وَخَصَّهُ اللّٰهُ بِمَا لَمْ يَخُصَّ بِهٖ أَحَدًا مِّنْ رُّسُلِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

راہوں کی اور مخصوص ٹھہرایا ان کو ایسے کمالات کے ساتھ کہ نہیں مخصوص کیا ساتھ ان کے کسی رسول کو۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِي أُجْلِسَ عَلٰى كُرْسِيِّ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس محبوب کو بٹھایا گیا کرسی

الْجَلَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

جلال پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِي أُلْقِيَتْ عَلَيْهِ هَيْبَةُ الرِّسَالَةِ وَأُعْطِيَ مِنْبَرَ الْكَرَامَةِ فِي

جن پر ڈالی گئی حق جلالت و ہیبت رسالت کی اور جنہیں عطا کیا گیا منبر کرامت کا

عَرَصَاتِ الْقِيَامَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

قیامت کے میدانوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ مَنْ أُوتِيَ مِنَ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَمَنْ غُرِسَتْ لَهٗ

آل پر جو محبوب بہتر ہیں ان سب سے جو عطا کئے گئے کتاب و سنت اور جن کے لیے لگائے گئے

ثِمَارُ الْجَنَّةِ وَخَيْرِ مَنْ حُلِّيَ بِالْمَحَلِّ الْأَعْلٰى وَمَنْ رُفِعَتْ لَهُ الدَّرَجَاتُ

جنت کے پھل دینے والے پودے اور بہتر ہیں ان سب سے جو آراستہ کئے گئے بلند شان زیورات کے ساتھ اور جن کے لیے بلند

الْعُلٰى خَيْرِ شَفِيعٍ وَّمُشَفَّعٍ وَّرَفِيعٍ وَّمُرَفَّعٍ وَّمَقْصُودٍ وَّمَرْغُوبٍ وَّ

کئے گئے اعلیٰ درجات۔ بہترین شفیع۔ بہترین مقبول الشفاعت۔ بہترین بلند مرتبت اور بلندیوں پر فائز کئے ہوئے

حَبِيبٍ وَّمَحْبُوبٍ وَّخَيْرِ مَنْ تَحَلّٰى بِحِلْيَةِ الْكَمَالِ وَمَنْ تَقَلَّدَ

سے افضل مقصود و مرغوب اور حبیب و محبوب اور بہتر ہیں جو آراستہ ہوئے حلیہ ہائے کمال کے ساتھ اور جنہوں نے گلے میں ڈالے

قَلَائِدَ النَّوَالِ وَالْإِفْضَالِ وَمَنْ يُّرْتَجٰى بِهٖ لِدَفْعِ الْعَظَائِمِ وَ

جود و نوال والے ہار اور جن سے امید کی جا سکتی ہے عظیم مصائب کے دور کرنے کی اور

لِنَيْلِ الْمَكَارِمِ وَمَنْ سَمَا وَتَسَنَّى وَمَنْ فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ

مکارم و بزرگی اخلاق کے پانے کی اور جو بلند مقام پر فائز ہوئے اور بلندی و رفعت کے پہنچے اور جن کیلئے کھولے گئے

السَّمَاءِ خَيْرِ الْأَخْيَارِ وَخَيْرِ الْأَبْرَارِ وَخِيَارِ الدِّيْنِ وَخِيَارِ

آسمان کے سبھی دروازے۔ جو نیک سیرت لوگوں سے بہتر و برتر ہیں اور محسنین سے منتخب اور مختار۔ اہل دین سے مختار اور

الْأَوَّلِيْنَ وَالْآخِرِيْنَ وَخِيَارِ السُّعَدَآءِ وَالشُّهَدَآءِ وَخَيْرِ مَنْ

اولین و آخرین کے مختار، سعداء اور شہداء سے مختار اور

اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَاهْتَدٰى وَخَيْرِ مَنْ خَضَعَ لِلّٰهِ وَتَوَاضَعَ وَمَنْ جَدَّ

اللہ تعالیٰ کے ساتھ جو ایمان لانے والے اور ہدایت پانے والے کے سردار، اور اللہ تعالیٰ کیلئے انکساری و تواضع کرنے والوں کے سردار اور جنہوں

فِي الْخَيْرِ وَسَارَعَ وَخَيْرِ مَنْ حَصَلَ لَهُ جَزِيْلُ الثَّوَابِ مِنْ رَبِّ

نے جد و جہد کی خیر میں اور مسارعت سے کام لیا ان کے سردار اور بہتر ان سب کے جنہیں حاصل ہوا ثواب جزیل رب

الْأَرْبَابِ وَخَيْرِ مَنِ اتَّقٰى وَخَيْرِ مَنْ سَنَّ السُّنَنَ وَخَيْرِ مَنْ

الارباب کی طرف سے اور بہتر سب اہل اتقاء سے اور بہتر سب سنن کے جاری کرنے والوں سے۔ بہتر ان سب سے

شَهَّرَ الدِّيْنَ وَخَيْرِ مَنْ ذَكَرَ اللّٰهَ فِي السِّرِّ وَالْعَلَنِ وَخَيْرِ مَنْ

جنہوں نے دین کی تشہیر کی اور بہتر ان تمام حضرات سے جنہوں نے اللہ کا ذکر کیا خفیہ اور علانیہ اور بہتر ان سب سے

أَسْدٰى مَعْرُوْفًا إِلَى الْأَنَامِ وَأَحْسَنَ وَخَيْرِ الرُّسُلِ الْبَشَرِيِّيْنَ وَ

جنہوں نے پہنچائی مخلوق تک اور احسان کیا اور جو بہتر ہیں تمام رسل بشری اور

الْمَلَكِيِّيْنَ وَخَيْرِ الْخَلَائِقِ أَجْمَعِيْنَ وَخَيْرِ الْمُعْرِضِيْنَ وَ

ملکی سے اور بہتر و برتر ہیں تمام مخلوق سے اور بہتر و برتر ہیں (ماسوا اللہ سے) اعراض کرنے والوں اور

الْمُوَحِّدِيْنَ الْعَارِفِيْنَ الْوَاصِلِيْنَ الْكَامِلِيْنَ الْمُكَمِّلِيْنَ

اہل توحید۔ ارباب عرفان اصحاب وصول۔ اہل کمال و تکمیل

الزَّاهِدِيْنَ الصَّابِرِيْنَ الْقَانِعِيْنَ الشَّاكِرِيْنَ الْمُشَاهِدِيْنَ

ارباب زہد و صبر اور اصحاب قناعت و شکر سے اور ارباب مشاہدہ

الْمُتَوَكِّلِيْنَ الْمُرَاقِبِيْنَ الْمُتَّقِيْنَ خَيْرِ أُولِي الْعَزْمِ وَخَيْرِ مَنْ سَبَقَ

و توکل اور اہل مراقبہ و اتقاء سے اور جو بہتر و برتر ہیں سب اولو العزم سے اور بہتر ہیں سابقین

وَلَحِقَ وَمَنْ حَجَّ وَلَبّٰى وَخَيْرِ الْأَوَائِلِ وَالْأَوَاخِرِ وَالْمُمْكِنَاتِ وَخَيْرِ

و لاحقین سے اور حج کرنے اور تلبیہ کہنے والوں سے اور بہتر و برتر ہیں اوائل و اواخر سے اور تمام ممکنات سے اور بہتر

عَاصِمٍ وَخَيْرِ الْعَبِيْدِ وَخَيْرِ مَنْ وَطِئَ الثَّرٰى وَخَيْرِ الْفَرِيْقَيْنِ وَخَيْرِ

ہیں ہر صاحب عصمت سے اور تمام بندگان خدا و تعالیٰ سے بہتر اور بہتر ہیں زمین پر قدم رکھنے والوں سے اور بہتر ہیں

الْبَرِيَّةِ وَخَيْرِ مَنْ صَلَّيْتَ عَلَيْهِ وَمَنْ أَوْحَيْتَ إِلَيْهِ وَخَيْرِ مَنْ

دونوں فریق (عرب و عجم) سے اور بہتر ہیں ساری مخلوق سے اور بہتر ہیں ان تمام سے جن پر تو نے صلوۃ بھیجی اور جن پر وحی نازل فرمائی

أُرْسِلَ أَوْ تَنَبَّأَ وَمَنْ رَكِبَ الْمَطَايَا وَخَيْرِ مَنْ تُصَلِّيْ عَلَيْهِ وَمَنْ

اور بہتر ہیں ان تمام سے جو رسول بنائے گئے یا نبی بنے اور جو سوار ہوئے سواریوں پر اور بہتر ہیں ان تمام سے جن پر تو صلوۃ بھیجے گا اور جن

تُسَلِّمُ عَلَيْهِ وَمَنْ تُبَارِكُ عَلَيْهِ صَلٰوةً خَيْرَ الصَّلٰوةِ وَتَسْلِيْمًا

پر سلام بھیجے گا اور جن پر برکت نازل کرے گا ایسی صلوۃ جو تمام صلوات سے بہتر اور ایسا سلام جو

خَيْرَ التَّسْلِيْمَاتِ وَبَرَكَةً خَيْرَ الْبَرَكَاتِ وَخَيْرِ أَهْلِ الرِّضَا وَ

تمام تسلیمات سے بہتر ہو اور ایسی برکت جو تمام برکات سے بہتر اور جو بہتر و برتر ہیں اہل رضا و

التَّسْلِيْمِ وَأَهْلِ الْوَرَعِ وَالْعِلْمِ وَالْعَقْلِ وَالْحُبِّ وَالْفَنَاءِ وَالْبَقَاءِ

تسلیم سے اور اہل ورع اور ارباب علم و عقل اور حب سے اور ارباب فنا و بقاء سے

وَخَيْرِ أَصْحَابِ الْمُكَاشَفَةِ وَأَرْبَابِ الْمُعَايَنَةِ وَخَيْرِ الْكُلِّ فِي

اور بہتر و برتر ہیں اصحاب مکاشفہ اور ارباب معاینہ سے اور بہتر و برتر ہیں تمام مخلوق سے

الْكُلِّ وَخَيْرِ النَّبِيِّيْنَ وَالرَّاضِيْنَ الْأَوَّلِيْنَ الْآخِرِيْنَ الْمُحِبِّيْنَ

تمام کمالات میں اور بہتر و برتر ہیں تمام انبیاء سے اور ارباب رضا سے۔ اولین و آخرین سے اور محبین

الْمَحْبُوْبِيْنَ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

و محبوبین سے۔ اے اللہ بیشک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے

الَّذِیْ هُوَ خَیْرُ الْمُحِبِّیْنَ وَالْمَحْبُوْبِیْنَ اَنْ تَنْظُرَ فِیْ بِعَیْنِ الْحُبِّ وَ

جو بہتر و برتر ہیں تمام محبین و محبوبین سے کہ تو مجھے دیکھے حب و

الْقُرْبِ وَالْوَصْلِ وَفِیْ اِیْمَانِیْ وَاِسْلَامِیْ وَاِحْسَانِیْ وَدِیْنِیْ وَدُنْیَایَ

قرب اور وصل کی نگاہ سے اور نظر فرمائے میرے ایمان و اسلام اور احسان میں، میرے دین و دنیا

وَاٰخِرَتِیْ وَعِلْمِیْ وَعَمَلِیْ وَرَجَآئِیْ وَشِفَآئِیْ وَقُوَّتِیْ وَصِحَّتِیْ وَ

اور آخرت میں۔ میرے علم و عمل اور رجاء و شفاء میں، میری قوت اور صحت و

عَافِیَتِیْ وَجِسْمِیْ وَرُوْحَانِیَّتِیْ وَوُجُوْدِیْ وَحَیَاتِیْ وَصِفَاتِیْ وَ

عافیت میں۔ میرے جسم و روحانیت اور وجود میں میری حیات و صفات اور

قِیَامِیْ وَکَلَامِیْ وَحَالِیْ وَخَیَالِیْ وَکَمَالِیْ وَمَقَامِیْ وَفِیْ ذَوْقِیْ وَشَوْقِیْ

قیام و کلام میں، میرے حال و خیال اور کمال و مقام میں میرے ذوق و شوق

وَمَعْرِفَتِیْ وَوَحْدَتِیْ فَلَا اَتَوَسَّلُ اِلَّا بِهٖ کَالظِّلِّ اَوِ الْجُزْءِ اَوِ الْجُزْئِیِّ

اور معرفت و وحدت میں پس میں نہ توسل کروں مگر ساتھ انہیں کے مانند توسل و تعلق سایہ کے یا جزو کے یا

فَتَوَسَّلُوْا بِمَا اَتَوَسَّلُ بِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَحْمَدُكَ عَنْ شَرَفِ تَوَسُّلِیْ

جزئی کے پس تم بھی توسل کرو اس سے جس سے میں نے وسیلہ بنایا ہے۔ اے اللہ میں تیری حمد کرتا ہوں مجھے توسل

بِاَشْرَفِ الْوَسَآئِلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَسْتَعِیْنُكَ فِیْ

کا شرف بخشنے پر ساتھ اشرف الوسائل محمد کے صلی اللہ علیہ وسلم اور میں تجھ سے استعانت کرتا ہوں

جَمِیْعِ اُمُوْرِیْ اَللّٰهُمَّ رَحْمَتُكَ اِذْ نَصَرْتَ وَاَعَنْتَ لِعَبْدِكَ وَ

اپنے تمام امور میں۔ اے اللہ تیری رحمت کی اعانت درکار ہے، جب تو نے نصرت و اعانت فرمائی اپنے اس عبد

فَقِیْرِكَ الْمُتَوَجِّهِ اِلَیْكَ فَحَصَلَتْ لَهٗ اِطَاعَةُ کُلِّ مَوْجُوْدٍ عُلْوِیًّا

کی اور فقیر کی جو متوجہ ہے طرف تیری، پس حاصل ہوئی اسے اطاعت ہر موجود علوی

کَانَ اَوْ سُفْلِیًّا کَاِعَانَةِ رَحْمَتِكَ فِیْ حَقِّ سُلَیْمَانَ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَهُوَ

اور سفلی کی مانند تیری رحمت کی اعانت کے واسطے سلیمان علیہ السلام کے جبکہ وہ بھی

کَانَ وَاحِدًا مِّنْ اَبْنَآءِ اٰدَمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ فَسَخَّرْتَ لَهُ الرِّیْحَ وَالْجِنَّ

ایک فرد تھے حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد میں سے پس تو نے مسخر فرما دیا ان کے لیے ہوا، جن

وَالطُّیُوْرَ مَعَ وُقُوْفِهٖ عَلٰی اَصْوَاتِهِمْ وَطَیَرَانَ سَرِیْرِهٖ فِی الْهَوَآءِ مِنْ

اور پرندوں کو مع ان کے واقف ہونے کے ان کی بولیوں پر اور ان کے تخت کا ہوا پر اڑنا

مَحْضِ رَحْمَتِكَ عَلَیْهِ بِتَوَجُّهِهٖ اِلَیْكَ بِصِدْقِ الْقَلْبِ وَالْاِخْلَاصِ

محض ان پر تیری رحمت کا نتیجہ ہے بسبب متوجہ ہونے ان کے تیری طرف ساتھ صدق قلب اور اخلاص کے

مَعَ اَنَّهٗ کَانَ بَشَرًا ابْنَ بَشَرٍ مِّنْ نَّبِیٍّ کَسَآئِرِ اَبْنَآءِ الْاَنْبِیَآءِ مِنَ

باوجودیکہ وہ بھی بشر تھے اور بشر ہی کے بیٹے تھے مانند دوسرے انبیاء کے بیٹوں کے

الْاَسْبَاطِ لَا مَلَکًا یَا مُبْدِعَ الْبَدَآئِعِ لَمْ تَبْدَعْ فِیْ اِنْشَآئِهَا عَوْنًا

اسباط میں سے، نہ کہ فرشتے تھے۔ اے انوکھی اشیاء کے اختراع و ایجاد کرنے والے نہیں چھوڑی تو نے ان بدائع کے پیدا کرنے میں مدد

مِّنْ خَلْقِهٖ وَاَبْدَعْتَ الصَّنَآئِعَ بِذَاتِهِ الصَّمَدِ الْغَنِیِّ مِنْ کُلِّ

کی خواہش اپنی مخلوق سے اور ایجاد کیا ان سب صنائع کو اپنی بے نیاز ذات کے ساتھ جو غنی و بے نیاز ہے ہر

اٰلَةٍ وَّشَرْطٍ تَتَوَقَّفُ عَلَیْهِ وَعِلَّةٍ حَتّٰی اَبْدَعْتَ کُلَّ شَیْءٍ بِهَیْئَاتٍ

آلہ اور شرط سے، موقوف علیہ اور علت سے حتیٰ کہ تو نے پیدا فرمایا ہر شی کو مختلف ہیئات

مُخْتَلِفَةٍ وَّاَلْوَانٍ مُّتَنَوِّعَةٍ وَّاَشْکَالٍ مُّتَجَنِّسَةٍ وَّصُوَرٍ اِنْسِیَّةٍ

اور انواع و اقسام کے رنگوں میں اور مختلف اجناس کی اشکال میں اور مختلف انسانی صورتوں میں

بِاَحْسَنِ صُوْرَةٍ وَّاَبْدَعِ سِیْرَةٍ فِیْ مَلَکُوْتٍ مُّتَلَاْلِئَةٍ بَرَّاقَةٍ بِحَیْثُ

انتہائی حسین صورت اور انوکھی سیرت کے ساتھ ایسے ملکوت میں جو روشن اور چمکدار ہے جہاں تک

تَغِیْبُ الشَّمْسُ مَعَ شُعَاعَاتِهَا فِیْ بَرَاقَتِهَا الْجَلَالِیَّةِ هٰذَا هُوَ

غائب ہو جاتا ہے سورج مع اپنی شعاعوں کے ان کی جلالی چمک و دمک میں یہی ہیں

الْاٰثَارُ مِنَ الْبَدَآئِعِ الْاِلٰهِیَّةِ وَاَیْنَ الْعَوْنُ الْخَلْقِیُّ النَّاسُوْتِیُّ

آثار اللہ تعالیٰ کی انوکھی ایجادات کے اور کیا حیثیت ہے مخلوق کی اعانت کی جو جسمانی

الصَّلْصَالِيِّ وَالْجِنِّيِّ النَّارِيِّ بَلْ كُلُّ عَوْنٍ هَالِكٌ تَحْتَ

ارضی لمسس والی ہے یا جنوں کی جو مادہ نار سے بنے ہیں بلکہ ہر عون (اعانت) فانی و ہالک ہے تیری عنایت

عَوْنِ عِنَايَتِكَ الْكُلِّيَّةِ وَالْجُزْئِيَّةِ الْمُرَادَةِ عِنْدَ

کلیہ و جزئیہ کی عون کے نیچے جس کا ارادہ کیا جاتا ہے وقت

إِيْجَادِ كُلِّ نَوْعٍ وَّإِبْدَاعِ كُلِّ عَجِيْبٍ وَّاخْتِرَاعِ كُلِّ هَيْئَةٍ مَّعَ

ایجاد کرنے ہر نوع کے اور از سر نو پیدا کرنے ہر عجیب شئی کے اور اختراع کرنے ہر ہیئت کے مع

لَوَازِمَ شَخْصِيَّةٍ وَّبِخَلْقِ قَابِلِيَّةٍ مُّتَجَدِّدَةٍ إِضَافَاتُهَا وَنِسَبُهَا

اس کے لوازم شخصیہ کے اور ساتھ پیدا کرنے قابلیت کے ہر وقت بدلتی ہیں جس کی اضافتیں اور نسبتیں

هَالِكَةٌ فِيْ عَيْنِ وَحْدَةٍ نَّاشِئَةٍ مِّنْ يَّنَابِيْعِ جَدَاوِلَ جَامِعَةٍ فِيْ

وہ ہلاک ہونے والی ہیں عین وحدت میں جو پیدا ہونے والی ہے ان جداول کے سرچشموں سے جو جمع ہونے والی ہیں

بَحْرٍ أَحَدِيٍّ هُوِيٍّ وَّمَطْمُوْسٌ لِّكُلِّ جُزْئِيٍّ مِّنْ نَّوْعٍ أَوْ جِنْسٍ أَوْ

بحر احدیہ کے سمندر میں اور وہ مٹنے والی ہے واسطے ہر جزئی کے نوع سے ہو یا جنس

شَخْصٍ حَسَنٍ أَوْ قَبِيْحٍ كَامِلٍ أَوْ نَاقِصٍ طَوِيْلٍ أَوْ قَصِيْرٍ مَّطْوِيَّةٌ

شخص سے، خوبصورت ہے یا بدصورت کامل ہے یا ناقص اور دراز ہے یا کوتاہ اور مخفی اور لپٹی ہے

فِيْ تَسْوِيَةِ جِهَةٍ وَّاحِدَةٍ مُّضْمَحِلَّةٍ ثُمَّ ظُهُوْرُهَا وَتَنْشِيْرُهَا عِنْدَ

جہت واحدہ کی ہمواری میں جہاں پر اس کا ظہور اور نشر و اشاعت مضمحل اور بے اثر ہے وقت

تَفَتُّحٍ وَّنَفْخٍ هُوَ عَلَامَةُ نَشْرٍ وَّوُجُوْدٍ إِضَافِيَّةٍ وَّنِسْبِيَّةٍ رَّاجِعَةٍ

پیدائش پھولوں کے اور مہکنے پھولوں کے جو علامت ہے نشر و وجود کی جو علامت کہ اضافی و نسبی ہے راجع ہے

إِلَى تَقْيِيْدِهَا وَمَرَاكِزِهَا عَلَى هَيْأَةِ النَّشْأَةِ الْمُفَصَّلَاتِ الْمُضِيْئَاتِ

طرف تقیید کے اور اس کے مراکز کے مانند ہیئات مفصلات کی نشأۃ کے جو جاری و ساری ہیں

الْمُشَخَّصَاتِ الْمُتَمَيِّزَاتِ فَهٰذِهِ الْبَدَائِعُ أَعْجَبُ أَخْلَاقًا وَّأَوْصَافًا

اور مشخص اور متمیز ہیں پس یہ بدائع پسندیدہ تر ہیں از روئے اخلاق و اوصاف کے

فِي الْأَنْبِيَاءِ وَكَرَامَاتٌ وَّخَوَارِقُ فِي الْأَوْلِيَاءِ مِنْ غَيْرِ تَوَقُّفٍ عَلَى

انبیاء علیہم السلام میں، اور کرامات و خوارق عادات ہیں اولیاء کرام میں بغیر موقوف ہونے

عَوْنِ أَحَدٍ مِّنْ مَّخْلُوْقَاتِكَ وَعَلَى شَرْطٍ مِّنْ شَرَائِطَ فَجَعَلَتْ

کے اوپر اعانت کسی فرد کے تیری مخلوقات میں سے اور اوپر کسی شرط کے شرائط میں سے پس کیا ہے تونے

مَصْنُوْعَاتِكَ مَوْجُوْدَةً مِّنْ مَّحْضِ جُوْدِكَ وَلُطْفِكَ حَتّٰى

اپنے مصنوعات کو موجود محض اپنے جود اور لطف سے حتی کہ

يَتَعَجَّبَ خَلْقُكَ فِيْ أَنِّيْ مَتٰى أَصَبْتُ بِهٰذِهِ الْمَرَاتِبِ وَالْبَدَائِعِ

تعجب کرتی ہے تیری مخلوق اس میں کہ کہ میرے جیسے عبد نے کب سے پالئے یہ مراتب اور انوکھے مقامات

وَحَتّٰى يَتَحَقَّقَ عَلَيَّ مِنْ مَّحْضِ هِدَايَتِكَ وَإِرْشَادِكَ مِنْ غَيْرِ

اور حتی کہ متحقق ہو گئے مجھ میں محض تیری ہدایت اور رہنمائی سے بغیر

جُهْدٍ طَوِيْلٍ وَّجِدٍّ كَثِيْرٍ بَلْ فِيْ لَمْحٍ دُوْنَ لَمْحٍ إِذْ لَمْ يَنْصُرْ عَوْنُكَ

طویل مشقت کے اور کسی بڑی کوشش کے بلکہ صرف ایک لمحہ میں بغیر دوسرے لمحے کے۔ اگر تیری اعانت شامل حال نہ ہو

فَمَا عَوْنُ الْغَيْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

تو دوسروں کی اعانت کیا ہے؟ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَضْرَةِ الْأَسْرَارِ وَمَنْبَعِ الْأَنْوَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

آل پر جس محبوب کی بارگاہ بارگاہ اسرار ہے اور سرچشمہ انوار۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْاٰمِرِ وَالنَّاهِيْ وَالْمُؤَيَّدِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب صاحب امر و نہی ہیں اور مدد الٰہی سے

بِالْمَدَدِ الْإِلٰهِيِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

تائید و تقویت پانے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قُطْبِ دَائِرَةِ السَّعَادَاتِ وَشِهَابِ قَبَسِ الْعِنَايَاتِ

آل پر جو آقا قطب و مرکز ہیں سعادت کے دائرہ کے اور عنایات الٰہیہ کے دہکتے انگارے

اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد بدر
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل امجاد پر جو محبوب ماہ تمام ہیں
جلال اللہ واعظامہ ونور جلال اللہ وانعامہ اللّٰھم صل و
اللہ تعالیٰ کے جلال وعظمت کے اور نور انور ہیں اللہ کے جلال و انعام کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و
سلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد سلالۃ السلالۃ
سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب جوہر ارواح ہیں خلاصہ کائنات کی
وخلاصۃ الرسالۃ اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی
اور خلاصہ رسالت ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی
ال سیدنا محمد الذی لم یخلق اللہ نفسا من الانام اعز علیہ
آل پر کہ جنہیں پیدا فرمایا اللہ تعالیٰ نے کوئی نفس تمام مخلوق میں جو زیادہ عزیز و مکرم ہو اس کے
من نفسہ اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا
ہاں آپ کی ذات سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل
محمد الذی لم یخلق اللہ مثلہ لا قبلہ ولا بعدہ اللّٰھم صل
پر کہ اللہ تعالیٰ نے نہیں پیدا کیا آپ کی مانند نہ آپ سے پہلے اور نہ آپکے بعد۔ اے اللہ صلوٰۃ
وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد الذی اقسم اللہ
وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ قسم اٹھائی اللہ
عزوجل بقلبہ اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال
عزوجل نے آپ کے قلب اقدس کی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی
سیدنا محمد الذی صدقہ اللہ بلا امتراء فیما رای من ایات
آل پر جن کو سچا ثابت کیا اللہ تعالیٰ نے بغیر کسی کے شک و شبہ کی گنجائش کے رب تعالیٰ کی ان آیات کبریٰ پر
ربہ الکبری اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا
جو آپکے شب معراج دیکھیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

محمد الذی من اللہ بہ علی الامۃ واودعہ اللہ اسرار بدیع
پر جس محبوب کی بعثت کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے امت پر احسان عظیم فرمایا اور ان میں ودیعت فرمائے اسرار
الحکمۃ اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا
حکمت کے اسرار۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل
محمد الذی زین اللہ طلعتہ السعیدۃ وخصہ اللہ بالفضائل
پر کہ جس محبوب کی طلعت سعیدہ کو اللہ تعالیٰ نے زینت بخشی اور خصوصی عطا فرمایا انہیں بہت سے فضائل
العدیدۃ اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا
کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر
محمد الذی ملات انوارہ جوانب الصدور وعظمت بہ الحسنات
کہ جس محبوب کے انوار نے بھر دیے ہیں مخلوق کے سینوں کے تمام جوانب و اطراف میں اور جن کی بدولت عظیم ہو گئیں نیکیاں
والاجور اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا
اور ان کے اجر۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل
محمد الذی استنارت الکون بنورہ واشرق الحق بطالع
پر کہ جس محبوب کے نور کے ساتھ روشنی حاصل کی تمام جہان نے اور چمکا آفتاب حق و صداقت ان کے ظہور والے
ظہورہ اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا
ستارہ سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر
محمد الذی اطلع اللہ السعد بطالع عزتہ اللّٰھم صل وسلم
کہ طلوع فرمایا اللہ تعالیٰ نے سعادت اور خوش بختی کو ان کی عزت و رفعت کے ستارے سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما
علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد الذی قرن اللہ الیمن
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ اللہ تعالیٰ نے مقرون و متصل کر دیا ہے برکت
والتوفیق بیمن طلعتہ اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد و
اور توفیق کو ان کی طلعت کے یمن و برکت کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ انْتَشَرَتْ عَلَيْهِ اَعْلَامُ النَّصْرِ وَ
سیدنا محمد کی آل پر کہ جن محبوب پر پھیلے ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے پرچم نصرت اور
السَّعَادَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
سعادت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر
مُحَمَّدِ الَّذِىْ جَعَلَ اللّٰهُ مَلٰٓئِكَةَ السَّمَآءِ حِزْبَهٗ وَاَجْنَادَهٗ وَقَرَّبَهٗ
کہ جس محبوب کے لیے اللہ تعالیٰ نے آسمانی فرشتوں کو بنا دیا ہے ان کا لشکر اور سپاہ اور انہیں اپنے قریب کیا
مَوْلَاهُ وَنَاجَاهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
اپنے مولیٰ نے اور سرگوشی فرمائی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل
سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ ائْتَمَنَهُ اللّٰهُ عَلٰى كَشْفِ الْحَقَآئِقِ وَارْتَضَاهُ
امجاد پر کہ امین بنایا اللہ تعالیٰ نے اس محبوب کو کشف حقائق پر اور چن لیا انہیں
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس محبوب کو
وَهَبَهُ اللّٰهُ الشَّرَفَ الْاَكْبَرَ وَتَرَدّٰى بِرِدَآءِ الْكَمَالِ وَاتَّزَرَ اَللّٰهُمَّ
اللہ تعالیٰ نے عطا کیا بہت بڑا شرف اور جنہوں نے کمال والی چادر اوڑھی اور اس کی تہبند باندھی۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ اَعْطَاهُ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ عطا فرمائے اللہ تعالیٰ نے
اللّٰهُ جَمِيْعَ مَطَالِبِهٖ وَمَقَاصِدِهٖ وَاَثْبَتَ اللّٰهُ فِىْ دِيْوَانِ مَجْدِهٖ وَتَنْزِيْهِ
اس محبوب کو ان کے تمام مطالب اور مقاصد اور ثبت فرما رکھا ہے اللہ تعالیٰ نے ان کے نام نامی کو اپنے بزرگی
عَهْدِهٖ وَوَعْدِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
اور پاکیزہ عہد و پیمان کے دیوان میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل
سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ طُبِعَ عَلَى الْخُلُقِ الْعَظِيْمِ وَالْقَلْبِ السَّلِيْمِ وَ
امجاد پر کہ جو محبوب پیدا کئے گئے ہیں خلق عظیم پر اور قلب سلیم پر اور

جُبِلَ عَلَى الطَّبْعِ الْكَرِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
ان کے خمیر و طینت میں شامل کیا گیا ہے جود و کرم۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ جَعَلَ اللّٰهُ حَقَّهٗ اَعْظَمَ الْحُقُوْقِ وَجَمَعَ
آل پر کہ اللہ تعالیٰ نے بنا دیا ہے ان کے حق کو تمام حقوق سے عظیم تر اور اس نے جمع کر دیے
اللّٰهُ فِيْهِ مَا لَمْ يَجْمَعْهُ فِىْ مَخْلُوْقٍ ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
آپ میں وہ اعلیٰ کمالات جو نہیں جمع کئے کسی مخلوق میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ اَمْسَكَ الْعَرْشَ بِيَمِيْنِهٖ وَ
محمد پر اور آپ کی آل پر کہ عرش خداوندی نے تھام لیا ان کا دایاں ہاتھ اور
اَلْبَسَ اللّٰهُ اٰدَمَ تَاجًا مِّنْ نُّبُوَّتِهٖ عَلٰى جَبِيْنِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
پہنایا اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو تاج نبوت ان کے نور سے بجبین آدم پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ خَرَّتْ لِرِسَالَتِهِ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل امجاد پر کہ سرنگوں ہو گئے ان کی بعثت رسالت کے وقت
الْاَصْنَامُ وَتَعَطَّلَتْ لِدَعْوَتِهِ الْاَزْلَامُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
اصنام اور معطل و بے اثر ہو گئے ان کے دعوی نبوت کے وقت فال والے تیر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ اَعْجَزَ الْكَفَرَةَ بِاٰيَاتِ الصُّدُوْرِ
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس محبوب نے عاجز و بے بس کر دیا کفار کو آیات کلام مجید سے جو اہل ایمان کے سینوں میں
وَاَوَّلُهٗ نُوْرٌ وَّاٰخِرُهٗ نُوْرٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
محفوظ ہیں اور ان کا اول بھی نور ہے اور آخر بھی نور۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ غَيَّرَ الْاَوْثَانَ وَالْاَضْدَادَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
آپ کی آل پر جس محبوب نے مٹا ڈالا بتوں کو اور اللہ تعالیٰ کے مفروضہ مقابل اصنام کو۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ اَصْلَحَ اللّٰهُ
و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ اصلاح فرمائی اللہ تعالیٰ نے

بِهٖ مَا كَانَ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ مِنَ الْفَسَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

ان کے وسیلے خشکی اور تری میں موجود فساد کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَقْوَمِ مِمَّنْ طَيَّبَ اللّٰهُ لَهُ النُّفُوْسَ وَ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو زیادہ بیدار ہیں ان تمام سے جن کے نفوس اللہ تعالیٰ نے پاکیزہ بنائے اور

اَوْرَعِ مِمَّنْ اَدْفَعَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

سب سے زیادہ صاحب پرہیز و احتیاط ہیں نفس و شیطان کا دفاع کرنے والوں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بُرْهَانِ الْمَعَادِنِ الْجَوْهَرِيَّةِ وَاَكْسِيْرِ الْعَوَالِمِ الْمَعْنَوِيَّةِ

آل پر جو محبوب جوہری معادن کی برہان ہیں اور معنوی جہانوں کی اکسیر ہیں

وَفَضَائِلُهٗ سَمَاوِيَّةٌ وَّمَعَانِي الْاَسْرَارِ الْاِلٰهِيَّةِ وَلَمْ يَذْكُرِ اللّٰهُ اَحَدًا

ان کے فضائل سماوی اور بلند مرتبت ہیں اور اسرارِ الٰہیہ کے معانی اور مقاصد ہیں اور نہیں ذکر کیا اللہ تعالیٰ نے کسی کا

بِالرُّبُوْبِيَّةِ اِلَّا ذَكَرَهٗ بِالرِّسَالَةِ الْعَلِيَّةِ وَلَمْ يَذْكُرِ اللّٰهُ اَحَدًا بِالْاَحَدِيَّةِ

ربوبیت کے ساتھ مگر ان کا ذکر کیا ساتھ ہی رسالت عالیہ کے ساتھ۔ اور نہیں ذکر اللہ تعالیٰ کا کسی نے اس کی احدیت کے ساتھ

اِلَّا ذَكَرَهٗ بِالْمُحَمَّدِيَّةِ الْاَعْظَمِيَّةِ الْعَالِيَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

مگر ساتھ ان کا ذکر کیا عظیم ترین اور بالاترین محمدیت کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَنْزِ جَوَاهِرِ اللَّطَائِفِ وَسِرِّ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل امجاد پر جو محبوب خزانہ ہیں جواہر لطائف کا اور راز مخفی ہیں

عَوَارِفِ الْمَعَارِفِ وَمَظْهَرِ اَنْوَارِ التَّجَلِّيَاتِ وَعُنْصُرِ مَوَادِّ الْاَسْرَارِ

بلند مرتبت معارف کا۔ مظہر ہیں انوار تجلیات کا اور اصل و عنصر ہیں موادِ اسرار کا

وَفَيْضِ جَدَاوِلِ الْاَنْوَارِ اَوْلٰى بِالْعَوَارِفِ وَالْبُشْرٰى وَهُوَ لِلْعٰلَمِيْنَ

اور آپ فیض ہیں انوار کے جداول اور نائیوں کا۔ سب سے زیادہ حقدار ہیں الطاف و عطایا اور بشارات کے واسطے عالمین کے

ذِكْرًا وَّاَدْوَمِ الْخَلْقِ عِبَادَةً وَّاَقْوَمِ مَنْ قَامَ بِشَهَادَةٍ وَّاَعْدَلِ

از روئے ذکر کے اور سب مخلوق سے زیادہ مداومت کرنے والے ہیں عبادت پر اور سب اہل شہادت سے مضبوط ترین شاہد اور

مَنْ قَامَ بِالْحُدُوْدِ وَدَوْحِ الْجُوْدِ وَسِمَاكِ السُّعُوْدِ وَاَفْضَلِ مَنْ

حدود قائم کرنے والوں میں سب سے زیادہ عادل ہیں روحِ جود و نوال اور رفعت سعادت و نیکبختی ہیں اور افضل ترین ہیں تمام

جَادَ بِالْعَطَايَا وَاَوْرَعِ مَنْ حَدَّ لِلْعُصَاةِ حُدُوْدًا وَّجَعَلَ اللّٰهُ بَيْنَهٗ

عطیات کی سخاوت کرنے والوں سے اور پرہیزگار ہیں عاصیوں پر حدود قائم کرنے والوں سے اور بنا دیا ہے اللہ تعالیٰ نے درمیان ان

وَبَيْنَ مَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ بِهٖ سِتْرًا وَّحِجَابًا وَّيَبْعَثُهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

کے اور ایمان نہ لانے والوں کے درمیان ستر اور حجاب اور قائم فرمائے گا انہیں اللہ تعالیٰ قیامت کے دن

مَقَامًا مَّحْمُوْدًا وَّزَكَّى اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ فُؤَادَهٗ وَجَوَارِحَهٗ وَاَثْنَى اللّٰهُ

مقام محمود پر اور پاکیزہ تر کر دیا ہے اللہ تعالیٰ نے ان کے دل اور اعضاء مبارکہ کو اور ثنا کی ہے اللہ تعالیٰ

تَعَالٰى فِيْ كِتَابِهٖ عَلٰى اَخْلَاقِهِ الْمَحْمُوْدَةِ وَاٰدَابِهٖ وَاَفْصَحَ الْقُرْاٰنُ

نے کتاب عزیز میں ان کے اخلاق محمودہ اور آداب ستودہ پر۔ اور کھول کر بیان کیا ہے قرآن نے

بِجَمِيْلِ ذِكْرِهٖ وَنَطَقَ الْقُرْاٰنُ بِعَظِيْمِ اَمْرِهٖ وَقَدْرِهٖ وَاَقْسَمَ اللّٰهُ

ان کے ذکر جمیل کو اور قرآن نے نطق کیا ہے ان کے عظیم امر اور قدر کے ساتھ اور قسم اٹھائی ہے اللہ تعالیٰ نے

سُبْحَانَهٗ بِحَيَاتِهٖ وَلَمْ يُقْسِمْ بِحَيَاةِ اَحَدٍ غَيْرِهٖ مِنْ مَّخْلُوْقَاتِهٖ

آپ کی حیات مبارکہ کی اور نہیں قسم اٹھائی تمام مخلوق میں سے ان کے علاوہ کسی کی زندگانی کی۔

وَهَدَى اللّٰهُ بِهِ الْخَلْقَ فِيْ حَيَاتِهٖ وَبَعْدَ مَمَاتِهٖ وَلَمْ يَنَلْ ذٰلِكَ

اور ہدایت دی ان کے طفیل مخلوق کو ان کی ظاہری زندگی میں بھی اور ان کے وصال کے بعد اور یہ مقام

اَحَدٌ مِّنْ مَّخْلُوْقَاتِهِ الْوَفِيِّ بِعَهْدِهٖ وَالصَّادِقِ فِيْ وَعْدِهٖ وَنِعْمَ

کسی دوسرے شخص نے نہیں پایا مخلوق میں سے۔ وہ وفا کرنے والے ہیں اپنے عہد کی اور صادق ہیں اپنے وعدہ میں اور

الرَّجُلُ شَفَاعَةً لِّاَشْرَارِ اُمَّتِهٖ وَحِرْصًا لِّعَزَازَتِهٖ عِنْدَ رَبِّهٖ وَكَرَامَتِهٖ

لائق مرد و شائستہ ہیں از روئے شفاعت کے واسطے گنہگاران امت کے اور از روئے حرص کے واسطے عزت و کرامت حاصل کرنے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کے رب تعالیٰ کے ہاں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب

رَوْضَةِ الْجَمَالِ وَبَهْجَةِ الْكَمَالِ غَيْثِ النَّوَالِ وَلَيْثِ النِّزَالِ جَمَالِ

باغ ہیں جمال کا۔ رونق ہیں کمال کی۔ موسلادھار بارش ہیں جود و نوال کی اور شیر ہیں میدان مبارزت کے اور جان

الْجَمَالِ وَغَايَةِ الْقَصْدِ وَالْآمَالِ طَوِيلِ الطَّوْلِ وَصَالِحِ الْفِعْلِ وَ

جمال ہیں اور منتہیٰ ہیں خلائق کے مقاصد اور امیدوں کا۔ وسیع قوت و استطاعت اور صالح عمل

الْقَوْلِ طَامِي النَّوَالِ وَسَامِي الْكَمَالِ قُرَّةِ الْعَيْنِ وَزَيْنِ كُلِّ زَيْنٍ

و قول والے ہیں۔ عظیم جود والے، بلند کمال والے۔ آنکھوں کی ٹھنڈک۔ ہر زینت والے کی زینت

سَمَاءِ الْعُلَى وَمَوْلَى الْمَوْلَى وَقَرِيبِ النِّدَاءِ حُسَامِ الشَّرِيعَةِ وَ

بلندی و رفعت کے آسمان۔ مولیٰ کے محبوب اور قریب تر خیر و بھلائی والے۔ شریعت کی تیغ بے نیام اور

هِلَالِ الطَّرِيقَةِ وَمَلْجَاءِ الْعُصَاةِ وَظِلِّ الْعُفَاةِ مَأْوَى

طریقت کے ماہ نو۔ عاصیوں کی جائے پناہ۔ سائلین کے لیے سایۂ جود و نوال

الْمَسَاكِينِ وَهَادِي الْمُضِلِّينَ تَاجِ الْمَدَائِحِ وَفَرْدِ الْمَنَائِحِ

مساکین کا سہارا اور گمراہ کرنے والوں کے ہادی۔ صفات مدح کے تاج اور عطیات و انعامات میں یکتا

وَطِيبِ الطِّيبِ وَالْمُبَرَّءِ عَنِ الْعَيْبِ وَالرَّيْبِ وَعَيْنِ الْغَيْبِ

اہل طہارت کی طہارت کے موجب۔ عیب اور شک سے مبرا۔ سراپا غیب

الْمَكْنُونِ وَسِرِّ السِّرِّ الْمَصُونِ وَخَاتِمِ الْوُجُودِ وَفَلَكِ الْأَمَانِ

مکنون ہیں اور اسرار مصونہ کی روح ہیں وجود کے لیے زیبائش۔ جود و امان کے فلک دائرہ۔

وَالْجُودِ دَائِرَةِ التَّوْحِيدِ وَهَالَةِ الْهَيْكَلِ السَّعِيدِ بَدْرِ التَّحْقِيقِ

توحید کے دائرہ محیط اور مجسمۂ سعادت کے ہیکل کا ہالہ اور دائرہ نور۔ تحقیق کے ماہ تمام

وَنُورِ التَّصْدِيقِ رِيَاضِ الْخُلَّةِ وَسِرَاجِ الْمِلَّةِ رَأْسِ الْمَحَبَّةِ

اور تصدیق کے نور سراپا خلت اور دوستیٔ حق کے ریاض سرسبز اور ملت حنیفہ کے روشن چراغ۔ محبت کی اصل

وَمُطَهِّرِ الْكَعْبَةِ حَامِي الْمَقَامِ وَمُفْشِي السَّلَامِ وَشِهَابِ الدِّينِ وَ

بنیاد اور کعبہ مبارکہ کو پاک کرنے والے اور مقام مقدس کی حفاظت کرنے والے۔ سلام کو عام کرنے والے دین کے روشن ستارے اور

إِنْسَانِ الْعَيْنِ جَوَادِ الْبِرَازِ وَطِرَازِ الطِّرَازِ صَحِيحِ الْحَسَبِ وَعَرِيقِ

خلائق کی آنکھ کی پتلی۔ میدان مبارزت کے شاہسوار۔ نقش زینت کی زینت۔ مطہر حسب والے اور راسخ

النَّسَبِ ذِمَامِ الْحَرَمِ وَلُبَابِ الْكَرَمِ نُورِ عَرُوسِ الْقِدَمِ وَضِيَاءِ

نسب والے۔ حرم کی حفاظت کے ضامن اور کرم و بخشش کے جوہر و مغز۔ عروس قدم و ازلیت کے نور اور امتوں کی

بَصَائِرِ الْأُمَمِ قَمَرِ السَّعَادَةِ وَفَلَكِ السِّيَادَةِ وَوَجْهِ الرِّضَا وَعَدْلِ

بصیرتوں کی ضیاء۔ سعادت کے ماہ تاباں اور سیادت کے سپہر اعظم۔ رضاء حق کے سبب اور قضاء میں

الْقَضَا شَمْسِ الْمُنَا وَزُهْرَةِ الثَّنَا وَفْدِ الْمُتَّقِينَ وَجَامِعِ شَمْلِ

باعث عدل و انصاف۔ آرزوؤں کے آفتاب اور ثنا و توصیف کے نجم زہرہ۔ متقین کے مقتدا و دین و ملت کے

الدِّينِ وَهَادِي الْمُهْتَدِينَ مُجِيبِ الدَّاعِي وَنِعْمَ الرَّاعِي سَيْفِ

جمع کرنے والے۔ ہدایت یافتگان کے ہادی۔ دعوت کو قبول کرنے والے اور اچھے نگران و محافظ ملت کی

الْمِلَّةِ وَزَيْنِ الْوَجْهِ وَالْحُلَّةِ تَمَامِ الدِّينِ وَنِهَايَةِ الْيَقِينِ

تلوار، چہروں اور خلعتوں کی زینت۔ دین کو تمام و کامل کرنے والے اور یقین کی انتہاء۔ ہر خاطر

مِفْتَاحِ الضِّيَا وَسُرُورِ أَهْلِ الْآخِرَةِ وَالدُّنْيَا اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

ضیاء کی مفتاح اور سبب تام اور اہل آخرت و اہل دنیا کے سراپا سرور۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَنْهَجِ السَّمَاحَةِ وَمَنْبَعِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب سخاوت کی شاہراہ ہیں اور فصاحت کے

الْفَصَاحَةِ سَنِيِّ الْأَسْمَاءِ وَالْأَعَزِّ الْأَتَمِّ وَأَنْجَدِ الْأَنْجَادِ وَالنُّجُمِ

سرچشمہ بلند شان ناموں والے ہیں اور اشرف و معزز و کامل۔ سب بہادروں سے بڑے بہادر اور روشن ستاروں کے

الْوُقَّادِ زَيْنِ الْعَالَمِينَ وَأَحْمَدِ الْحَامِدِينَ وَكَرِيمِ الْعُنْصُرَيْنِ

عالمین کی زینت تمام حمد کرنے والوں سے بڑے حامد۔ دونوں پاکیزہ عنصروں والے

وَمُكَرِّمِ الْأَكْرَمِينَ مِفْتَاحِ الْفَلَاحِ وَمِصْبَاحِ الْأَرْوَاحِ وَالْأَمْلَاحِ

اور ارباب کرامت کو کرامت و بزرگی بخشنے والے۔ کامیابی کی چابی ارواح کے روشن چراغ۔ فرحت و خوشی کی کنجی و

الْفَرَاحِ زَيْنِ الْمَدَائِحِ وَعَيْنِ الْمَدَائِحِ زَيْنِ الصِّفَاتِ وَحُسْنِ

خوشی، تعریفات کی زینت اور عین مدح و ثنا، صفات کمال کی زینت اور اچھی

الثَّبَاتِ قُوَّةِ الْأَرْوَاحِ وَعَنْبَرِ الْفَوَّاحِ وَاسِعِ الْكَهْفِ وَبَرَكَةِ السَّلَفِ

ثابت قدمی والے، ارواح کے لیے باعث قوت، اور مہکتا عنبر اور بے پایاں محبت والے۔

غَزَالِ النُّقَى وَكَنْزِ التُّقَى مُبَشِّرِ الْمُخْبِتِينَ وَمَوْلَى الْمُؤْمِنِينَ

صاف ستھرے ہرن کی مانند چاق و چوبند، تقویٰ کا خزانہ، فروتنی و انکساری والوں کے بشیر اور مومنین کے آقا

عِصْمَةِ الْعُصَاةِ وَعَرُوسِ الْمَحَبَّةِ يَمْحُو اللّٰهُ بِهِ السَّيِّئَاتِ وَ

مولیٰ، عاصیوں کے لیے گناہوں سے بچنے کے موجب، محبت و پیار کے دولہا جن کے ذریعے اللہ برائیوں کو مٹاتا ہے اور

يُضَاعِفُ اللّٰهُ بِهِ الْحَسَنَاتِ يَا مَنَّانُ ذَا الْإِحْسَانِ قَدْ عَمَّ كُلَّ

نیکیوں کو بڑھاتا ہے۔ اے احسان کرنے والے محسن احاطہ کیے ہوئے ہے تمام

الْخَلَائِقِ مِنْهُ قَدْ مَنَنْتَ عَلَى الْعَقْلِ الْأَوَّلِ بِالْإِيجَادِ وَالْإِكْرَامِ

مخلوقات کو جس کا احسان کرنے ہی احسان فرمایا عقل اول پر ایجاد و تخلیق اور عزت و اکرام کے ساتھ

وَأَحْسَنْتَ إِلَيْهِ بِمَحْضِ الْجُودِ وَالْإِنْعَامِ حَتّٰى صَارَ مَوْجُودًا

اور نیکی کی اس کے ساتھ جود و انعام محض کے ساتھ حتیٰ کہ وہ ہو گیا موجود وجود

مُشَخَّصًا بَسِيطًا كُلِّيًّا مُجَرَّدًا فِي ذَاتِهِ وَفِعْلِهِ نَاشِئًا مِنْهُ وُجُودُ

متشخص کے ساتھ ورا انتہا لیکن وہ بسیط و کلی ہے مجرد اور غیر مادی ہے اپنی ذات اور افعال میں اسی سے پیدا ہوا ہے

نَفْسٍ فَلَكِيٍّ مُدَبِّرًا مُطِيعًا مُطَاعًا بِإِذْنِ اللّٰهِ وَاقْتِدَارِهِ وَجَعَلْتَهُ

نفس مدبرہ فلکی کا وجود جو اطاعت گزار بھی ہے اور اطاعت کیا جانے والا بھی اللہ تعالیٰ کے اذن اور قدرت عطا کیے سے اور

قَادِرًا غَنِيًّا عَنْ كُلِّ الْأَعْيَانِ فَهُوَ مُحْتَاجٌ إِلَيْكَ فِي بَقَاءِ شَخْصِهِ

تو نے اسے بنا دیا ہے صاحب قدرت اور مستغنی تمام موجودات سے پس وہ تیری طرف محتاج ہے اپنی بقاء اور وجود میں

وَوُجُودِهِ بِحَيْثُ أَنْشَأْتَ سِلْسِلَةَ الْوُجُودِ مِنْهُ ثُمَّ انْتَهَتْ إِلَيْكَ

اس حیثیت سے کہ تو نے پیدا فرمایا ہے سلسلۂ وجود کو اسی سے پھر وہ سلسلہ اختتام پذیر ہوا تجھ پر۔

فَهٰذَا مَنُّكَ وَإِحْسَانُكَ فِي حَقِّهِ أَعْظَمُ الْمِنَنِ وَالْإِحْسَانَاتِ

پس یہ تیری منت اور احسان ہے اس کے حق میں جو سب احسانوں سے عظیم تر ہے

ثُمَّ أَعْطَيْتَهُ قُوَّةً بِهَا يَصُونُ أَرْوَاحَ الْأَنْبِيَاءِ فِي الْأَرْحَامِ وَجَعَلْتَهُ

پھر تو نے اس کو قوت عطا کی ہے کہ وہ اس کے ساتھ محفوظ رکھتا ہے ارواح انبیاء علیہم السلام کو ارحام میں اور بنایا

مَلِكَ اللَّوْحِ وَالْقُرْآنِ وَقَدَّسْتَهُ عَنِ التَّمْشِيرِ ثُمَّ عَظَّمْتَهُ وَ

ہے تو نے اس کو بادشاہ لوح (محفوظ) کا اور قرآن کا اور مقدس بنایا ہے اس کو تغیر سے پھر اسے عظمت و

كَرَّمْتَهُ بِمَنِّكَ وَإِحْسَانِكَ وَإِعْطَائِكَ نَفْحَةَ التَّضْمِينِ تَحْتَ

کرامت بخشی اپنے فضل و احسان سے اور عطا کرتے تیرے ہوا کا تیز جھونکا جو چھپانے والا ہے تحت

جَوَاهِرِ التُّرَابِ بِحَيْثُ لَمْ يَكُنْ أَحَدٌ شَيْئًا مَذْكُورًا وَنَفَخْتَ

کے جواہر کے نیچے ہر شخص کو اس طرح کہ نہ رہی کوئی شئے اس سے کہ قابل ذکر۔ اور تو نے تیز ہوا

التَّمْشِيرَ فَبِآثَارِهِ وَنَضَارَتِهِ صَارَ الْوُجُودُ مُنْبَسِطًا عَلٰى ذَرَّاتٍ

عمل تقسیم والی چلائی تو اس کے اثر اور تازگی سے ہو گیا وجود پھیلنے والا ذرات تشخصیہ پر

شَخْصِيَّةٍ فَيَكُونُ جَامِعًا لِذَاتِ كُلِّ شَخْصٍ مَحْصُورَةٍ فِي شَخْصِهِ

پس ہو گیا جامع واسطے ہر ہر شخص کی ذات کے اور آخر لیکن وہ ذات محصور و منحصر ہے اس شخص میں

وَعُضْوِهِ فَيَكُونُ الْإِحْسَانُ مِنْكَ فِي حَقِّهِ قَدْ كَفَرْتَ لَهُ بِجَمِيعِ

اور اس کے اعضاء میں پس ہو گا احسان صرف اور صرف تیری طرف سے اس کے حق میں کہ کفارہ دیا ہے اس کے لیے اپنے

بَدَنِي وَأَعْضَائِي فَأَحْسِنْ إِلَيَّ بِأَنْ يَكُونَ مُحِبًّا لِي وَنَاصِرًا فِي

تمام بدن اور اعضاء کے ساتھ پس تو میری طرف احسان فرما کہ وہ عقل اول میرا محب اور ناصر ہو جائے

شَدَائِدِي وَحَاجَاتِي وَبِأَنْ يُهْدِرَ تَهْدِيرًا حَوْلَهُ بَيْنَ الْمَلَائِكَةِ

میری تمام مشکلات اور حاجات میں اور جوشش و خروش کا اظہار کرے اپنے ارد گرد ملائکہ میں

الَّتِي جَعَلْتَهُ رَئِيسَهَا وَعَيْنَهَا وَبِأَنْ تُخْبِرَ لِي وَتُحَبِّبَنِي إِلَيْهِ مُحْسِنًا فِي

جن پر تو نے اس کو رئیس بنایا اور ان کا نگران اور اسے مقرر فرمائے میرے لیے اور مجھے محبوب بنائے اس کے ہاں احسان کرنے والا ہو

حَقِّ عَبْدِكَ وَفَقِيْرِكَ كَمَا اَحْسَنْتَ اِلَيْهِ ثُمَّ مَنُّكَ وَاِحْسَانُكَ

تیرے عبد و فقیر کے حق میں جیسے کہ تو نے اس پر احسان فرمایا پھر تیرا فضل و احسان پہنچا ہے

قَدْ وَصَلَ اِلٰى كُلِّ عَقْلٍ وَّنَفْسٍ فَلَكِيٍّ وَّمَلَكِيٍّ حَتّٰى اِلَى الْعَقْلِ

طرف ہر عقل و نفس فلکی اور ملکی کے حتی کہ عقل

الْفَعَّالِ الْمُدَبِّرِ لِلْاُصُوْلِ وَالْاُمَّهَاتِ فِي التَّمْزِيْجِ وَالتَّخْلِيْطِ وَ

فعال تک بھی جو مدبر و متصرف ہے اصول اور مواد مختلط میں باہم امتزاج و اختلاط پیدا کرتے ہیں اور

التَّصْوِيْرِ فِي الْاَرْحَامِ ثُمَّ الْحِفْظِ مِنَ الْجِنَّاتِ الْمُتَمَرِّدَةِ الْقَاصِدَةِ

ارحام کے اندر صورتگری میں پھر محفوظ رکھنے میں ان جنات سے جو سرکش ہیں اور درپے ہوتے ہیں

اِلَى الْاِهْلَاكِ وَالْاٰلَامِ وَشَرَّفْتَهٗ بِالْكَلَامِ مَعَ الْاَنْبِيَآءِ الْعِظَامِ

ہلاک کرنے اور رنج و الم پہنچانے کے اور مشرف فرمایا اس کو انبیاء عظام علیہم السلام کی ہمکلامی کے ساتھ

خُصُوْصًا مُحَمَّدًا عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ قَدْ اَحْسَنْتَ اِلَيْهِ وَ

بالخصوص محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جن پر تو نے احسان اور تفضل فرمایا

مَنَنْتَ عَلَيْهِ بِالنُّبُوَّةِ وَالْمُعْجِزَاتِ الْبَاهِرَاتِ بَعْضُهَا بِالْفِعْلِ

عطا نبوت اور عطاء معجزات کے ذریعے جو واضح اور روشن ہیں جن میں بعض بالفعل ہیں

وَبَعْضُهَا بِالْقُوَّةِ ثُمَّ شَرَّفْتَهٗ بِالْمَعَارِجِ وَكَرَّمْتَهٗ بِاَنْوَاعِ الْخِطَابَاتِ

اور بعض کی صلاحیت و استطاعت ہے پھر انہیں مشرف فرمایا بلندیوں کے ساتھ اور تکریم کی مختلف انواع کے خطابات

فَاَطَاعَتْ نَفْسُهٗ وَمَا الْتَفَتَ بَصَرُهٗ وَجَعَلْتَهٗ مَحْبُوْبًا فِي الْقُدْسِيَّاتِ

اور التفات کے ساتھ پس اطاعت کی ان کے نفس نے اور دوسری جانب متوجہ ہوئی نگاہ ان کی اور بنا دیا تو نے انہیں محبوب قدسیوں

وَالْمَحْسُوْسَاتِ وَاَصْحَابُهٗ كَوَاكِبُ دُرِّيَّاتٌ فِي الْاَرْضِيَّاتِ حَتّٰى نَجَا

میں اور محسوسات میں اور ان کے اصحاب چمکتے ستارے ہیں زمینی مخلوقات میں حتی کہ نجات حاصل کر لی

مَنْ تَوَجَّهَ اِلَيْهِمْ بِحُسْنِ التَّصْدِيْقِ وَالطَّاعَةِ يَا اِلٰهِيْ هٰذِهٖ

ہر اس شخص نے جو متوجہ ہوا ان کی طرف صحیح تصدیق اور طاعت کے ساتھ اے میرے الٰہ یہ

الْحَسَنَاتُ فِيْ حَقِّهِمْ مِنْ اٰثَارِ الْاِحْسَانَاتِ وَالْمِنَنِ الْمُقَدَّسَةِ

نیکیاں ان کے حق میں تیرے ان احسانات و نوازشات کے آثار و ثمرات ہیں جو منزہ و مبرا ہیں

عَنِ الْاَعْرَاضِ وَالْاَبْدَالِ وَكَيْفَ وَالْكُفَّارُ لَمَلْعُوْنُوْنَ قَائِلُوْنَ

اغراض اور عوض و بدل سے اور پھر کیوں اس طرح نہ ہو کہ حالانکہ کفار ملعون اور محروم احسان ہیں اور قائل ہیں تیرے

بِالْوَلَدِ وَالشَّرِيْكِ وَاَنْوَاعِ النِّسَبِ اللَّاتِيْ تَقَدَّسَتْ ذَاتُكَ وَتَنَزَّهَتْ

حق میں اولاد کے اور شریک کے اور طرح طرح کی نسبتوں کے جن سے مقدس ہے تیری ذات اور منزہ ہیں

صِفَاتُكَ عَنْهَا وَاَنْتَ تَرْزُقُهُمْ وَتَصُوْنُ اَبْنَآئَهُمْ مُمْتَقَاةً عَلٰى

تیری صفات اور تو انہیں رزق دیتا ہے اور محفوظ رکھتا ہے ان کے بیٹوں کو وہ کھا کر رس چوستے ہیں

اَشْجَارِهِمْ وَهَيْئَاتِهِمْ وَهٰذَا مِنْ اِحْسَانِكَ وَمَنِّكَ الْمُحِيْطِ

اپنے درختوں سے اور مستفید ہوتے ہیں ان کے ہیئات و احوال سے اور یہ تیرا احسان و فضل ہے جو محیط ہے

بِكُلِّ خَلْقٍ حَتَّى الْعَلَقِ وَالذُّبَابِ وَالدُّوْدَةِ الْمُتَكَوِّنَةِ عَنِ

ہر مخلوق کو حتی کہ لوتھڑوں اور مکھیوں اور ان کیڑوں کو بھی جو پیدا ہوتے

الْعُفُوْنَاتِ اِلٰهِيْ لِسَانِيْ كَلٌّ وَّقَلْبِيْ مَحْجُوْبٌ عَنْ تَفْصِيْلِ الْمِنَنِ

نجاستوں سے۔ اے میرے الٰہ میری زبان گنگ ہے اور میرا دل محجوب ہے تیرے ان احسانات و نوازشات کی

وَالْاِحْسَانَاتِ مِنْكَ فِيْ خَلْقِكَ فَاَحْسِنْ اِلَيَّ بِاَنْوَاعِ الْاٰثَارِ الْفَائِضَةِ

تفصیل سے جو تیری طرف سے مخلوق پر ہیں پس میری طرف احسان کر مختلف النوع آثار کے ساتھ جو جاری ہونے والے ہیں

وَالشُّعَاعَاتِ النُّوْرِيَّةِ الْحَادِثَةِ مِنَ الْعَكَسَاتِ وَتَجَلِّي الْقُدْسِيَّاتِ

اور نوری شعاعوں کے ساتھ جو پیدا ہونے والی ہیں تیرے عکسوں اور پرتووں سے اور احسان فرما قدسیوں

وَالْاَرْوَاحِ السَّمَاوِيَّاتِ وَالْاَرْضِيَّاتِ فَائِضَةً عَلٰى قَلْبِ هٰذَا

اور ارواح کی تجلی کے ساتھ جو سماوی ہیں اور ارضی اور ان کا فیضان کر جائیں اس عبد عاجز کے دل پر

الْعَبْدِ الذَّلِيْلِ عُلُوْمُ الْكُلِّيَّاتِ قَادِرَةً نَفْسُهٗ عَلٰى تَفْصِيْلِ

علوم کلیات کے اور قادر ہو ذات اس کی جزئیات کی تفصیل پر

الْجُزْئِيَّاتِ ثُمَّ اجْعَلْ رَائِيًا قَائِمًا فِي الْمَلَكُوتِ وَاللَّاهُوتِ بِحَيْثُ

پھر بنا اس کو دیکھنے والا قیام کرنے والا ملکوت و لاہوت میں اس حیثیت سے کہ

يَرَاهُمَا مُشَاهَدَةً مِنْ غَيْرِ حِجَابٍ كَرُؤْيَةِ الْبَصَرِ فِي الْمَحْسُوسَاتِ

دیکھے ان دونوں کو دوبرو بغیر حجاب کے مانند دیکھنے آنکھ کے محسوسات کو

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مُسَبِّحًا وَمُصَلِّيًا مَعَ الْعَقْلِ وَالْمَلَكُوتِ رَائِيًا بِعَيْنِ

اے اللہ بنا دے مجھے تسبیح خواں اور صلوٰۃ ادا کرنے والا ساتھ عقل کے اور ملکوت کے دیکھنے والا

الْقَلْبِ أَنِّي قَائِمٌ فِي صُفُوفِهِمْ وَأَصَافُّ مَعَهُمْ فَيُحْسِنُونَ إِلَيَّ وَ

قلب کی نگاہ سے کہ ساتھ اپنے آپ کو کھڑا ہوں ان کی صفوں میں اور ان سے مصافحہ کروں اس وہ میرے ساتھ نیکی کریں اور

يَحْسَبُونَ أَنَّ هٰذَا الْعَبْدَ الْأَرْضِيَّ مِنْ جُمْلَتِهِمْ فَيُحِبُّونَ لِي وَ

اور گمان کریں کہ یہ خاکی بندہ بھی انہیں میں سے ایک ہے پس وہ محبت کریں مجھ سے اور

يَنْصُرُونَنِي عِنْدَ الْحَاجَةِ وَالتَّوَجُّهِ إِلَيْهِمْ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ قَدْ

مدد کریں بوقت حاجت اور متوجہ ہونے کے طرف ان کے۔ اے اللہ تو نے مجھے

أَوْجَدْتَنِي بِإِحْسَانِكَ وَمَنِّكَ ثُمَّ بَلَّغْتَنِي إِلَى مَبْلَغِ هٰذَا

ایجاد فرمایا اپنے احسان اور نوازش سے اور پھر پہنچایا مجھے اس مقام تک

فَأَحْسِنْ إِلَيَّ الْآنَ بِالَّذِي أَطْلُبُهُ مِنْكَ فَأَجِبْ دَعَوَاتِي وَتَقَبَّلْهَا

تو اب بھی مجھ پر احسان فرما ساتھ ان اشیاء کے جو تجھ سے طلب کروں، میری دعاؤں کو قبول فرما اور انہیں اچھی قبولیت

بِقَبُولٍ حَسَنٍ إِلٰهِي مَنْ إِلٰهٌ غَيْرُكَ حَتّٰى أَتَوَجَّهَ إِلَيْهِ أَنْتَ مَوْلَانَا

عطا فرما۔ اے میرے اللہ کون ہے معبود کارساز سوائے تیرے تاکہ میں اس کی طرف متوجہ ہوں۔ تو ہی ہمارا آقا اور

وَوَلِيُّنَا وَمُوجِدُنَا وَمُعْدِمُنَا وَمُعِيدُنَا فَمُنَّ عَلَيَّ وَثَبِّتْنِي وَاحْشُرْنِي

مددگار اور کارساز اور موجد ہے اور معدوم کرنے والا اور دوبارہ موجود کرنے والا ہے پس مجھ پر احسان فرما اور ثابت قدم رکھ اور مجھے

تَحْتَ لِوَاءِ رَسُولِكَ فَيُقَرِّبُنِي يَوْمَ الْجَزَاءِ وَالْحِسَابِ إِلَيْكَ وَ

اٹھانا اپنے رسول کے جھنڈے کے نیچے پس وہ قریب کریں مجھے روز جزاء و حساب میں تیری بارگاہ کے اور

اجْعَلْنِي مِمَّنْ يُحِبُّكَ وَرَسُولَكَ وَعِبَادَكَ الصَّالِحِينَ مِنَ السَّابِقِينَ

بنا مجھے ان سے جو تجھ سے محبت کرتے ہیں اور تیرے رسول سے اور تیرے عباد صالحین سے جو خیرات کی طرف

السَّابِقِينَ أُولٰئِكَ الْمُقَرَّبُونَ يَا جَلِيلُ الْمُتَكَبِّرُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ

سبقت لے جانے والے ہیں وہی تیرے مقرب ہیں۔ اے جلیل اے کبریائی کے مالک بجہت ہر شئی کے

فَالْعَدْلُ أَمْرُهُ وَالصِّدْقُ وَعْدُهُ أَنْتَ الْجَلِيلُ الْمُتَكَبِّرُ فَوْقَ كُلِّ شَيْءٍ

پس عادل ہے امر اس کا اور سچا ہے وعدہ اس کا۔ تو ہی جلیل و بزرگ ہے اور بڑائی والا اوپر ہر شئے کے

وَكُلُّ أَحَدٍ ذَلِيلٌ مَقْهُورٌ تَحْتَ قَهْرِكَ وَجَلَالِكَ وَإِنْ كَانَ بِحَيْثُ

اور ہر ایک عاجز ہے اور مقہور ہے تیرے قہر و جلال کے نیچے اگرچہ ہو ساتھ اس حیثیت کے کہ

يَرْفَعُ الْأَرْضَ بِقُوَّتِهِ مَعَ مَا فِيهَا بِجَنَاحٍ وَاحِدٍ فَلَيْسَ لَهُ أَنْ

اٹھائے زمین کو اپنی قوت سے بمع اس کے موجودات کے ساتھ ایک بازو کے نہیں اس کے واسطے کہ

يَتَكَبَّرَ حَتّٰى تَنْزِعَ قُوَّتَهُ وَالْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ يُسَبِّحُونَ لَكَ تَسْبِيحًا

بڑائی کا اظہار کرے حتیٰ کہ اس کی قوت چھین لے اور تمام ملائکہ تیرے لیے تسبیح خواں ہیں

مِنْ كِبْرِيَائِكَ فَهُمْ يَذُوبُونَ عِنْدَ جَلَالِكَ وَكِبْرِيَائِكَ حَتّٰى

تیری کبریائی کی وجہ سے پس وہ بھی پگھلے جاتے ہیں تیرے جلال و کبریائی کے سامنے حتیٰ کہ

إِسْرَافِيلُ الْمُقَرَّبُ وَلَا يَسْتَطِيعُ وَاحِدٌ مِنْهُمْ أَنْ يَغْلِبَ وَاحِدًا

اسرافیل جیسا مقرب فرشتہ بھی۔ اور نہیں طاقت رکھتا کوئی ایک ان میں سے کہ غالب آئے کسی پر

وَلَا يَأْخُذَهُ جَبْرًا وَقَهْرًا إِلَّا بِعَدْلٍ صَحِيحٍ وَإِلَّا لَمْ يَكُنِ الْوُجُودُ

اور پکڑے اس کو از روئے جبر و قہر کے مگر ساتھ صحیح عدل کے ورنہ نہیں ہوگا وجود

الْجُزْئِيُّ بَاقِيًا وَلَا حَاصِلًا يُوجِدُهُ أَمْرُكَ إِيجَادَ عَدْلٍ لَا ظُلْمٍ

جزئی باقی رہنے والا اور نہ حاصل جس کو موجود کرے تیرا امر بطور ایجاد عدل کے بغیر ظلم و تعدی کے

وَعْدُكَ صِدْقٌ وَالرَّحْمَانِيَّةُ وَالرَّحِيمِيَّةُ وَسَبْقَةُ الرَّحْمَةِ عَلَى

تیرا وعدہ سراسر صدق ہے اور رحمانیت و رحیمیت ہے اور تیری رحمت کی سبقت مسلم ہے

الْغَضَبِ وَاِعْطَآءِ الْجَزَآءِ الْحَسَنِ لِلْاَبْرَارِ فِيْ تِلْكَ الدَّارِ كَمَا قُلْتَ اِنَّ

تیرے غضب پر اور تیرا عطا کرنا بہترین جزاء ابرار کے لیے جو بہتر ہے اس دار میں جیسے کہ تو نے فرمایا

الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ۝ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ قَلْبِيْ مَظْهَرَ الْاِسْمِ الْجَلِيْلِ الْمُتَكَبِّرِ

بے شک نیکوکار البتہ نعیم جنت میں ہیں۔ اے اللہ بنا دے میرے دل کو مظہر اپنے اسم جلیل متکبر کا

حَتّٰى لَا يَلْتَفِتَ اِلٰى هٰذِهِ الدَّنِيَّةِ وَاِلٰى اٰثَارِهَا فِيْهَا بِالصِّدْقِ الْكُلِّيِّ

حتی کہ وہ نہ راغب ہو طرف اس رذیل دنیا کے اور اس کے آثار کے بسبب صدق کلی کے

الْمُطَابِقِ لِكُلِّ جُزْئِيٍّ لِيَصْدُرَ مِنِّيْ عِبَادَتُكَ وَطَاعَتُكَ بِحَيْثُ لَا

جو مطابق ہے واسطے ہر ہر جزئی کے تاکہ صادر ہو مجھ سے تیری عبادت اور طاعت ساتھ اس حیثیت کے کہ نہ

اُسْقِطَ مِنْهَا شَيْئًا لِاَكُوْنَ مَعَ الْخَلْقِ بِهَا قَطْعًا وَصِدْقًا وَعَدْلًا وَ

ساقط کروں ان سے کوئی شئی تاکہ ہو جاؤں بسبب اس عبادت کے ساتھ مخلوق کے یقیناً اور ازروئے صدق اور عدل کے اور

بِالْقَلْبِ مَعَكَ مُشَاهِدًا حَاضِرًا سَمِيْعًا بِوَعْدِكَ مُطِيْعًا لِاَمْرِكَ

باعتبار قلب کے ساتھ تیرے مشاہدہ کرنے والا حاضر رہنے والا تیرے وعدہ کو سننے والا تیرے حکم کا اطاعت گزار

بِتَوْفِيْقِكَ لِذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنَا مُسْتَمْسِكِيْنَ بِسُنَّتِهٖ وَمَحَبَّتِهٖ

ساتھ تیری توفیق کے۔ اے اللہ ہمیں زندہ رکھ اس حالت میں کہ تھامنے والے ہوں ان کے دامن سنت و محبت کو

وَاجْعَلْنَا مِنْ اَخْيَارِ اُمَّتِهٖ وَاسْتُرْنَا بِذَيْلِ حُرْمَتِهٖ وَاسْتُرْ عُيُوْبَنَا

اور بنا ہمیں آپ کی امت کے بہترین افراد سے اور ہمیں ڈھانپ لے آپ کے دامن حرمت کے ساتھ اور ہمارے عیوب کی پردہ پوشی فرما

بِدِثَارِ دِيْنِهٖ وَمِلَّتِهٖ وَاحْشُرْنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْ زُمْرَتِهٖ وَاسْقِنَا

ان کے دین و ملت کی چادر کے ساتھ اور ہمیں اٹھا قیامت کے دن ان کی جماعت میں اور پلا

مِنْ حَوْضِهٖ وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِهٖ مَعَ اَهْلِهٖ وَخَوَاصِّهٖ وَ

ان کے حوض کوثر سے اور جنت میں داخل کر ان کی شفاعت سے بیچ ان کے اہل اور خواص کے اور

اجْمَعْنَا بِهٖ وَبِهِمْ فِيْ مَقْعَدِ الصِّدْقِ عِنْدَكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

ہمیں جمع فرما ساتھ آپ کے اور ان کے سچائی والی نشست گاہ میں اپنے پاس ساتھ ان کے جن پر تو نے انعام فرمایا

عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَالْغَوْثِ

یعنی انبیاء و صدیقین اور شہداء و صالحین اور اغواث

الْعَارِفِيْنَ يَا دَيَّانُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

و عارفین کے۔ اے بہت جزا دینے والے اے ہمارے پروردگار ہم سے قبول فرما بیشک تو ہی سننے جاننے والا ہے

بِحُرْمَةِ هٰذَا النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَالرَّسُوْلِ الْعَرَبِيِّ صَلِّ اللّٰهُمَّ عَلَيْهِ صَلٰوةً

بطفیل حرمت حضرت اس نبی امی اور رسول عربی کے درود بھیج اے اللہ ان پر ایسا درود

تُعَرِّفُنِيْ بِهَا اِيَّاهُ فِيْ مَرَاتِبِهٖ وَعَوَامِلِهٖ وَمَعَالِمِهٖ حَتّٰى اَشْهَدَهٗ

کہ عرفان عطا کرے بسبب اس کے ان کا ان کے مراتب و عوامل اور معالم کی رو سے تاکہ میں ان کا مشاہدہ کروں

بِعَيْنِ الْعِيَانِ لَا بِالدَّلِيْلِ وَالْبُرْهَانِ وَاَعْرِفَهٗ بِالتَّحْقِيْقِ فِيْ كُلِّ

ظاہری آنکھ کے ساتھ نہ محض دلیل و برہان کے ساتھ اور میں پہچان لوں ان کو یقین کے ساتھ

مَوْطِنٍ وَّطَرِيْقٍ وَّاَرٰى سَرَيَانَ سِرِّهٖ فِي الْاَكْوَانِ وَمَعْنَاهُ الْمُشْرِقَ

ہر مقام اور راستہ میں اور دیکھ لوں ان کے بھید اور باطن کا سرایت کرنا جملہ موجودات میں اور ان کے روشن معنی و حقیقت کا

فِيْ مَجَالِيْهِ الْحِسَانِ وَاجْعَلِ اللّٰهُمَّ مَوْرِدِيْ مُنَوَّرًا مِّنْ شَمْسِ

مراتب حسین و خوب ترین جلوہ گاہوں میں۔ اور بنا دے اے اللہ میرے مقام و ورود کو منور ان کے آفتاب

حَقِيْقَتِهٖ وَمِنْ نُّوْرِ بَدْرِ شَرِيْعَتِهٖ حَتّٰى اَسْتَضِيْٓءَ فِيْ لَيْلِ

حقیقت سے اور ان کی شریعت کے بدر منیر سے حتی کہ ضیاء حاصل کروں اپنی جہالت کی شب تار

جَهْلِيْ بِاَنْوَارِ حَقَآئِقِ مَعَارِفِهٖ وَاٰنِسْنِيْ فِيْ غُرْبَةِ مَسْرَايَ

میں ان کے معارف کے انوار حقائق سے اور مجھے انس عطا فرما میرے سفر غربت میں ان کے لطائف

بِاِيْنَاسِ لَطَآئِفِهٖ وَاحْمِلْنِيْ اِلٰى حَضْرَتِهِ الْاَقْدَسِيَّةِ الْاَحَدِيَّةِ

کے انس سے اور مجھے سوار فرما مقدس بارگاہ احدیہ کی طرف شریعت محمدیہ کے

عَلٰى كَاهِلِ الشَّرِيْعَةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ وَعَمِّرْ اَطْوَارَ نَفْسِيْ بِاَطْوَارِهٖ وَ

کندھے پر اور آباد و بارونق بنا میرے نفس کے طریقوں کو ان کے اطوار کمال سے اور

أَلْبَسَنِي مِنْ خِلَعِ جَلَالِهٖ وَجَمَالِهٖ وَأَفْرِدْنِي فِي حُبِّهٖ كَمَا أَفْرَدْتَهٗ

پہنا مجھے ان کے جلال و جمال کی خلعتوں سے۔ اور مجھے منفرد بنا ان کی محبت میں جیسے انہیں منفرد بنایا

فِي حُسْنِهٖ وَإِحْسَانِهٖ وَخَصِّصْنِي بِخَصَائِصِ قُرْبِهٖ وَامْتِنَانِهٖ

حسن اور احسان میں۔ اور مخصوص فرما مجھے ان کے قرب و احسان کی خصوصیات کے ساتھ

حَتّٰى أَكُونَ بِهٖ وَارِثًا لَدَيْهِ وَنَاظِرًا إِلَيْهِ وَجَامِعًا عَلَيْهِ وَاحْشُرْنَا

حتی کہ میں اس اختصاص کی بدولت ہو جاؤں وارث ان کے علوم کا اور ان کے دیدار اور ان کے ساتھ جمع ہونے سے مشرف اور ہمیں اٹھا

يَا رَبَّنَا فِي زُمْرَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَأَجِرْنَا يَا رَبَّنَا مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَ

